ڈونٹ وری آپکی وائف اور بے بی دونوں ٹھیک ہے" ڈاکٹر سکون سے بولی تو رستم کو سانس آیا"

اسے کیا ہوا تھا؟" رستم نے پوچھا"

پینیک اٹیک" ڈاکٹر نے جواب دیا"

دیکھیے مسٹر شیخ آپ کی وائف ایک تو ایکسپیکٹ کر رہی ہے دوسرا وہ کمزور بھی بہت ہے۔۔۔۔۔۔"

آپ پلیز انکی ڈائٹ امپروو کرے اور انہیں کسی بھی ٹینشن والی بات سے دور رکھے۔۔۔۔ ورنہ آپکا بچہ

اور بیوی دونوں۔۔۔۔۔۔ آپ سمجھ رہے ہے نا؟" ڈاکٹر بولی تو رستم نے سر اثبات میں ہلا دیا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

--------

پوری رات ہوسپٹل میں رہنے کے بعد وہ اسے گھر لے آیا تھا۔۔۔۔۔۔انا ابھی بھی پورے ہوش میں نہیں تھی

رستم کو اسکی حالت تکلیف دے رہی تھی مگر اب اسے سکون تھا کہ انا اسی کے پاس رہے گی

نن۔۔۔۔نہیں۔۔۔۔۔۔۔چھوڑ دوں۔۔اسے۔۔۔اسے چھوڑ دوں۔۔۔۔۔۔۔نہیں" انا نیند سے بیدار ہوتی چلانے لگی۔۔۔۔۔۔۔رستم جو اپنے گیلے بال تولیے سے خشک کر رہا تھا۔۔۔۔۔فوراتولیہ بیڈ پر اچھالتے وہ انا کی جانب بھاگا

پرنسز۔۔۔۔پرنسز کیا ہوا ہے ؟" رستم نے اسکے دونوں بازو کو پکڑا"

اا۔۔۔اسے چھوڑ دوں رستم۔۔۔۔مت مارو۔۔۔۔۔۔نہین کروں۔۔۔۔۔۔جو کہوں گے کروں گی۔۔۔۔اسے مت ماروں رستم۔۔۔۔۔۔پلیز" وہ اونچا اونچا رونے لگی

ششش۔۔۔چپ۔۔۔بس چپ کر جاؤں کچھ نہیں ہوا" اسے اپنے سینے سے لگائے رستم بولا"

تھوڑی دیر تک انا کو چپ کروانے کے بعد اس نے انٹر کام سے انا کے لیے سوپ منگوایا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

پرنسز۔۔۔۔۔یہ لو سوپ پیو" چمچ اسکے منہ کی جانب لیجاتے وہ بولا"

انا نے کسی بھی مزاحمت کے بنا سوپ پی لیا

وہ دونوں گھٹنے سینے سے لگائے، بازو گھٹنوں کے گرد پھیلائے اس لمحے کو سوچ رہی تھی جب رستم باؤل ٹیبل پر رکھنے کے بعد اسکے سامنے آبیٹھا

پرنسز!!"رستم نے اسکے ہاتھ پر ہاتھ رکھا تو انا ڈر کر پیچھے ہٹی"

تم نے دیکھا نا پرنسز جو ہوا۔۔۔۔۔میں کیا کرتا ہوں ان کے ساتھ جو مجھ سے دشمنی موڑ لیتے" ہیں۔۔۔۔۔دیکھا نا؟"اسکے دونوں ہاتھوں کو مضبوط گرفت میں تھامے رستم نے پوچھا تو انا کا سر اثبات میں ہلا

ویری گڈ اب ایک بات یاد رکھنا پرنسز۔۔۔۔۔۔کبھی بھی مجھ سے دشمنی کرنے کا مت" سوچنا۔۔۔۔اب کی بار تمہاری پہلی غلطی سمجھ کر معاف کر رہا ہوں۔۔۔۔۔مگر آئیندہ سے اگر تم نے مجھے چھوڑنے کا سوچا تو ڈاکٹر کی جگہ تم ہو گی سمجھی"اسکا گال تھپتھپاتے رستم نے پوچھا تو انا نے ڈر کے مارے سر ہاں میں ہلا دیا

گڈ گرل۔۔۔۔۔۔۔ویری گڈ گرل۔۔۔۔۔ہمیشہ ایسے ہی رہنا"رستم اسکا گال سہلاتے بولا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

اسکا چھونا انا کو کراہیت میں مبتلا کر رہا تھا۔۔۔۔۔ مگر وہ خاموش رہی

مم۔۔۔مجھے نیند آرہی ہے"انا بولی تو رستم مسکرا دیا"

ٹھیک ہے آرام کروں ویسے بھی کل ہماری منگنی ہے تو میں چاہتا ہوں کہ میری پرنسز سب سے اچھی" لگی۔۔۔ چلو اب سمائل کروں"رستم بولا تو انا جبرا مسکرا دی

ڈیٹس لائک مائی پرنسز!!"اسکے بیڈ پر لٹاتا اس پر لحاف اوڑھتے وہ بولا اور کمرے سے باہر چلا" گیا۔۔۔ جبکہ بہت جلد انا بھی نیند کی وادی میں گم ہو گئی

---------

بہادر خان!!"کمرے سے باہر نکلتے ہی رستم نے اسے پکارا"

جی ماسٹر؟"وہ موؤدب سا بولا"

بہادر خان تمہارے پاس صرف کل شام تک ٹائم ہے۔۔۔۔۔ میری منگنی کی سب ارینجمنٹس" کرواؤ۔۔۔۔۔۔ میڈیا، نیوز سب کو لوگ آئے۔۔۔۔۔۔ سب بزنس مین، سپورٹس مین۔۔۔۔ اہم سیاسی شخصیات سب کو مدعو کروں۔۔۔۔۔۔ لائیو کووریج ہونی چاہیے پورے فنکشن کی۔۔۔۔۔۔ ٹاپ کی بیوٹیشنز کو بک کروں اپنی ملکہ کے لیے۔۔۔۔۔۔ مجھے بیسٹ ہوٹل میں

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

سب ارینجمنٹس چاہیے۔۔۔۔۔۔ کھانے کی ڈشز تقریباً پچیس کے قریب ہونی چاہیے۔۔۔۔۔۔ سٹارٹر کورس سے لیکر مین کورس تک سب کچھ ہونا چاہیے۔۔۔۔۔۔ پاکستانی، چائینیز، اٹالین سب ڈشز وہاں موجود ہو۔۔۔۔۔۔۔ ہر ایک چیز پرفیکٹ ہونی چاہیے" سیڑھیاں اترتا وہ اسے ہدایات دیتا جارہا تھا

جو کم ماسٹر۔۔۔۔۔ مگر ماسٹر؟؟" بہادر خان تھوڑا سا ہچکچایا"

مگر کیا؟" رستم نے رک کر اس سے پوچھا"

مگر ماسٹر منگنی تو دو دن بعد تھی نا؟" بہادر خان نے سوال کیا"

وہ تھی مگر اب کل ہو گی۔۔۔۔۔۔ تمہاری ملکہ کو زیادہ ٹائم دینا غلط ہو گا۔۔۔۔۔۔۔ میں جلد از جلد اسے اپنے ساتھ باندھ لینا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔۔ تم سمجھ رہے ہوں نا؟" رستم بولا تو بہادر خان نے سر اثبات میں ہلا دیا

اور ہاں ایک اور بات۔۔۔۔۔۔" وہ گھر کے خارجی دروازے کی دہلیز پر رکا"

جی ماسٹر؟" بہادر خان فوراً چوکنا ہوا"

سب سے پہلا دعوت نامہ نوید شیخ کو جانا چاہیے" وہ پراسرار سا مسکرایا تو بہادر خان بھی مسکرا دیا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

-----------

اناسوکر اٹھی تو مغرب کی آذان ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔انا پانچ وقت کی نمازی نہیں تھی، مگر آج اسکا شدت سے خدا سے بات کرنے کا دل چاہا تھا

وہ بوجھل طبیعت کے ساتھ بیڈ سے اٹھی اور وضو کرنے واشروم میں چلی گئی۔۔۔۔۔۔وضو کے بعد اس نے پورا کمرہ چھان مارا مگر اسے جائے نماز نہیں ملی۔۔۔۔۔۔۔اس نے کبرڈ کھولا اور وہاں سے ایک بیڈ شیٹ نکال کر اسے اچھے سے زمین پر پھیلایا

وہ قبلہ رخ نہیں جانتی تھی اسی لیے سیدھے جائے نماز بچھالی اور نیت باندھی۔۔۔۔۔۔۔نماز سے فارغ ہو کر اس نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے تو زبان سے ایک لفظ نہیں نکلا۔۔۔۔۔۔۔مگر آنکھوں سے بہتے اشک ہاتھوں کو بھیگا گئے۔۔۔۔۔۔ساتھ ہی اسنے دوں وں ہاتھ چہرے پر رکھے اور پھوٹ پھوٹ کر رو دی

اللہ۔۔۔اللہ۔۔اللہ !!!!!!!!!"اللہ کا نام لیتی وہ اونچی آواز میں رونا شروع ہو گئی"

اس کے پاس مانگنے کو کچھ نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔کرنے کو کوئی شکوہ بھی نہیں تھا۔۔۔۔وہ تو بس روئے جا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔اسکے آنسوؤں ہی اسکے الفاظ تھے

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

آدھا گھنٹے رو لینے کے بعد اس نے ہاتھوں سے اپنا چہرہ صاف کیا

میری مدد کرنے اللہ۔۔۔۔۔۔مجھے صابر رکھنا" اسنے دعا مانگی اور ہاتھ چہرے پر پھیر لیے"

اب وہ خود کو پر سکون محسوس کر رہی تھی۔۔۔۔اس نے امید بھری نگاہوں سے آسمان کو دیکھا

اتنے ڈرامے کے بعد اسے بھوک ستانے لگی۔۔۔۔۔۔۔وہ اپنی جگہ سے اٹھی اور کچن کی تلاش میں باہر نکلی۔۔۔۔پانچ منٹ بعد اسے کچن مل گیا تھا۔۔۔۔اس نے فریج کھولی اور اس میں سے جوس کا ڈبہ نکالا

گلاس میں جوس نکالے اس نے منہ سے لگایا ہی تھا کہ اس کسی کی موجودگی کا احساس ہوا

آپ کو کچھ چاہیے ملکہ؟" پر اسرار سی آواز سے اسکے ہاتھ سے خوف کے مارے گلاس چھوٹ گیا اور" زمین پر گر کر کرچی کرچی ہو گیا

بہادر خان نے اسکی ایسی حالت دیکھی تو وہ ہلکا سا مسکرایا

نن۔۔۔نہیں" انا ہکلائی۔۔۔۔۔نجانے کیوں مگر یہ شخص اسے رستم سے زیادہ خوفناک لگتا تھا"

بہادر خان نے ایک نظر نیچے زمین پر گرے ٹوٹے کانچ کو دیکھا اور پھر انا کی شکل۔۔۔۔

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

جی ٹھیک" موؤدب سا بولتا وہ مڑا"

بہادر خان کو دیکھ کر انا کے سامنے ڈاکٹر کنول کا بے جان چہرہ آگیا۔۔۔۔اسکے اندر غصے اور نفرت نے ایک بار پھر بھرپور انگڑائی لی

تم نے ایسا کیوں کیا بہادر خان" اسکی پشت کو تکتے انا نے غصہ ضبط کرتے سوال کیا"

میں نے کیا کیا ملکہ ؟" اس نے منہ انا کی طرف موڑ کر ٹھنڈے لہجے میں پوچھا"

کیا تم نہیں جانتے تم نے کیا کیا۔۔۔۔۔ایک انسان کی زندگی برباد کر دی، ایک عورت کی نسوانیت کی دھجیاں اڑا دی اور پوچھ رہے ہوں کہ کیا؟ تم میں شرم نام کی کوئی چیز نہیں بہادر خان ؟" انا کی آنکھیں لال ہو چکی تھی

میں نے ایسا کچھ نہیں کیا جس پر مجھے شرمندہ ہونا پڑے ملکہ" انا کے بلکل سامنے وہ آ کھڑا ہوا"

مجھے لگا تھا کہ تم میں شائد تھوڑی بہت انسانیت ہو گی مگر تم تو رستم سے بھی بڑے جلاد نکلے" بہادر خان۔۔۔ تمہیں زرا رحم زرا شرم نہیں آئی اپنے کیے پر۔۔۔وہ تمہاری بڑی بہنوں کی طرح تھی۔۔۔۔۔تم نے تو سفاکیت کی سب حدیں پار کر دی۔۔۔۔تم تو رستم سے بھی بڑے نامرد نکلے بہادر خان" حلق کے بل چلاتی وہ آنکھوں میں آنسوؤں لیے بولی

---

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

اچانک اسے اپنے دائیں گال پر چھبن محسوس ہوئی۔۔۔۔ حیرت سے آنکھیں پھاڑے بہادر خان کو دیکھنے لگی۔۔۔ جس کی انگلیوں کی چھاپ اسکے چہرے پر تھی

"زبان سنبھال کر ملکہ !!!میں ماسٹر نہیں ہوں جو آپ کی بد تمیزیاں برداشت کروں۔۔۔۔ آئندہ سے اپنی زبان پر قابو رکھیے گا۔۔۔۔ویسے بھی عورتیں زیادہ زبان چلاتی اچھی نہیں لگتی اور جو چلاتی ہے انکی زبان کاٹنے میں میں دیر نہیں لگاتا۔۔۔۔ سمجھی" اسے انگلی دکھاتا وہ دوسرے ہاتھ سے اسکے سامنے خنجر لہرانے لگا

--------

بہادر خان تو وہاں سے چلا گیا جبکہ روتی ہوئی انا بھی فورا اسے اپنے کمرے کی جانب بھاگی۔۔۔۔ جمیلہ جو کہ رستم کی خاص ملازمہ تھی۔۔۔ جسے اس نے انا کے لیے اب رکھا تھا وہ یہ سب اپنی آنکھوں سے دیکھ کر حیران رہ گئی۔۔۔۔ بہادر خان کے کچن سے نکلتے ہی وہ دروازے کی اوٹ میں چھپ گئی۔۔۔۔۔۔۔ اسے شروع سے ہی بہادر خان پسند نہیں تھا اور یہ تو اچھا موقع تھا اسے رستم کی نگاہوں میں گرانے کا۔

وہ پر سکون سی مزے سے رات کا کھانا تیار کرنے لگ گئی

------

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

رستم اپنی اور انا کی شاپنگ کرنے گیا تھا۔۔۔۔وہ چاہتا تھا کہ کل جب انا کو سجایا جائے تو سب کچھ اسکی پسند کا ہوں۔۔۔۔اس کے مطابق۔۔۔۔وہ آج بہت خوش تھا اور اسکی خوشی کا اندازہ اس کے چہرے سے با آسانی لگایا جاسکتا تھا

وہ خوش اور فریش سا گھر میں داخل ہوا۔۔۔۔جہاں ایک عجیب سناٹا تھا

اس نے شاپنگ بیگز ٹیبل پر رکھے اور خود صوفہ پر بیٹھ گیا

صاحب پانی" جمیلہ نے پانی کا گلاس اس کے سامنے کیا۔۔۔۔۔جسے وہ ایک ہی سانس میں پی گیا"

جمیلہ تمہیں میں نے ملکہ کی دیکھ بھال کا کہا تھا نا؟ کہاں ہے وہ؟ کچھ کھایا اس نے؟" رستم نے جمیلہ سے پوچھا"

وہ صاحب جی۔۔۔۔وہ؟" جمیلہ کی اداکاری شروع ہوئی"

وہ صاحب جی بیگم صاحبہ تو کمرے سے ہی نہیں نکلی۔۔۔۔۔جی میں گئی تھی کافی بار مگر انہوں نے مجھے بھگا دیا" جمیلہ نظریں نیچی کیے بولی"

کیا!!!!!!!اور یہ تم مجھے اب بتا رہی ہوں۔۔۔۔بتا کر بھی گیا تھا کہ اسکی حالت کیسی ہے۔۔۔۔۔اسے کچھ نا کچھ کھانے کو دیتی رہنا مگر تم۔۔۔۔" رستم اس پر چلایا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

صاحب جی میری کوئی غلطی نہیں۔۔۔۔جی وہ سب تو بہادر خان کی وجہ سے ہوا ہے" جمیلہ نے اپنا تیر چلایا

بہادر خان۔۔۔۔۔بہادر خان بیچ میں کہاں سے آ گیا؟" رستم غصے سے پھنکارا"

صاحب جی وہ۔۔۔۔۔" جمیلہ نے چور نظروں سے ادھر ادھر دیکھا اور پھر کسی کو نا پا کر رستم کو آج" کی ساری کاروائی سنا دی۔۔۔۔اپنی طرف سے دو تین لگانا وہ نہیں بھولی تھی

اپنی بات ختم کیے اس نے رستم کی جانب دیکھا جس کی آنکھوں میں خون اتر آیا تھا۔۔۔۔جمیلہ کا دل اسکی آنکھیں دیکھ کر کانپ اٹھا

ہاتھ میں پکڑے گلاس پر رستم کی گرفت سخت ہوئی تو وہ ٹوٹ کر اسکے ہاتھ میں چبھ گیا

یا اللہ!!" جمیلہ ڈوپٹا ہونٹوں پر رکھتے بڑبڑائی"

اتنا تو وہ جان گئی تھی کہ اب بہادر خان کی خیر نہیں

رستم نے ایک غصیلی نظر جمیلہ پر ڈالی اور لمبے لمبے ڈگ بھرتا اپنے کمرے میں چلا گیا

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

رستم کمرے میں داخل ہوا تو پورا کمرہ اندھیرے میں ڈوبا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔اس نے ہاتھ بڑھا کر لائٹ آن کی اور انا کی جانب بڑھا جو کروٹ لیے بیڈ پر لیٹی تھی۔۔۔۔رستم نے اسے دیکھا جس کی آنکھیں سختی سے بند تھی اور جسم کانپ رہا تھا۔۔۔۔۔وہ جاگ رہی تھی

اسکے چہرے پر آئی لٹوں کو رستم نے کان کے پیچھے اڑیسا اور اسکے چہرے پر موجود آنسوؤں کے نشانوں کو غور سے دیکھنے لگا۔۔۔جب نظریں اسکے دائیں گال پر جم گئی جس پر انگلیوں کے نشان کی چھاپ واضع تھی۔۔۔۔۔انا کے گال پر اب رستم کے ہاتھ سے بہتے خون کے نشان بھی لگ چکے تھے

پرنسز!!" رستم نے اسے سر گوشی نما آواز میں پکارا"

انا خاموش رہی۔۔۔۔۔۔۔

پرنسز اٹھ جاؤ۔۔۔۔کیونکہ اگر میں نے اٹھایا تو شائد تمہیں میرا انداز پسند نہیں آئے" رستم کا لہجہ " اب کی بار وارننگ زدہ تھا۔۔۔۔انا نے جھٹ سے آنکھیں کھولی اور اٹھ بیٹھی۔۔۔۔۔رستم مسکرایا۔

کس نے کیا یہ ؟" اسکے گال پر ہاتھ رکھے رستم نے پوچھا۔۔۔آنکھیں اور لہجہ دونوں سرد اور " بے جان تھے

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

کک۔۔۔کسی نے نہیں۔۔۔۔۔وہ۔۔وہ میں گر گئی تھی" اپنے خشک لبوں کو تر کرتی انا بولی"

پرنسز یہ کس نے کیا؟" اب کی بار رستم کی پکڑ اس کے چہرے پر سخت ہوئی"

بب۔۔۔بہادر خان نے" انا نے جواب دیا اور ساتھ ہی آنکھوں سے آنسو نکلنا شروع ہو گئے"

رستم کی آنکھوں میں خون اتر آیا۔۔۔اس نے انا کی کلائی تھامی اور اسے اپنے ساتھ کھینچتا ہوا نیچے لے آیا

بہادر خان۔۔۔۔۔۔بہادر خان" رستم دھاڑا۔۔۔انا کا حلق تک خشک ہو گیا رستم کی دھاڑ سن کر"

جی ماسٹر !!" بہادر خان فوراً حاضر ہوا"

تہہ خانے میں آؤ ابھی" رستم کا لہجہ بے تاثر تھا"

بہادر خان بھی اس کے پیچھے چل دیا

______________

تہہ خانے میں داخل ہوتے ہی رستم انا کو ساتھ لگائے اس ٹیبل کی جانب لے آیا جہاں مختلف قسم کے آلات رکھے گئے تھے۔۔۔۔جو کہ ٹارچر کے لیے استعمال ہوتے تھے

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

کون سا ہاتھ اٹھایا تھا اس نے تم پر پرنسز؟" انا کو اپنے ساتھ لگائے سرد نگاہیں بہادر خان پر جمائے اس نے سرد بھاری لہجے میں پوچھا

رر۔۔۔۔رستم پلیز!!!!" انا منمنائی"

کونسا ہاتھ اٹھایا تھا؟" وہ دھاڑا جس پر انا کی چیخ نکلی وہ کانپنے لگی۔۔۔اسے پھر سے اٹیک ہو رہا تھا"

ششش۔۔۔۔کچھ نہیں ہوا۔۔۔۔کچھ بھی نہیں۔۔۔۔ ششش۔۔۔ریلیکس" اسے اپنے ساتھ لگائے" رستم ہلکی آواز میں بولا جبکہ سرد نگاہیں ابھی بھی بہادر خان پر ٹکی تھی

کونسا ہاتھ تھا بہادر خان؟" انا کو یونہی اپنے سینے سے لگائے اس نے اب بہادر خان سے پوچھا۔۔۔ جس" پر اس نے اپنا بائیاں ہاتھ آگے کر دیا

رستم نے سرد نگاہوں سے اس ہاتھ کو دیکھا جس نے اسکی انا کو تکلیف دی تھی

تو اب تمہارے ساتھ کیا کیا جائے بہادر خان؟" رستم نے اسے پوچھا۔۔۔۔لہجے کسی بھی احساس سے" عاری تھا

جیسا آپ چاہے ماسٹر" بہادر خان کا وہی موؤدب انداز

ہمم۔۔۔" اناکے بالوں پر ہاتھ پھیرتے اسنے ہنکارا ابھرا

اناکو آرام سے کرسی پر بٹھائے وہ بہادر خان کی طرف بڑھا اور پھر وہاں موجود ٹیبل سے ایک چاقو اٹھائے اسکا معائنہ کیا

تمہیں ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا بہادر خان" اور پھر بہادر خان کی دلخراش چیخیں پورے کمرے میں " گونجی اور بہتا خون پورے ٹیبل کو بھیگا گیا تھا

سب سے پہلے رستم نے اسکی انگلیاں کاٹی اور اس کے بعد پورا ہاتھ

وہ میری ہے صرف میری۔۔۔۔۔۔ اسکو صرف میں رلا سکتا ہوں۔۔۔۔ صرف میں اسے تکلیف" دے سکتے ہوں۔۔۔۔۔ اسے خوشی غم۔۔۔۔۔ دکھ سکھ۔۔۔۔۔۔۔ تکلیف۔۔۔۔۔۔۔ مرہم۔۔۔۔۔۔ ہر ایک احساس دینے کا حق ہے میرے پاس۔۔۔۔۔۔ تمہاری ہمت بھی کیسے ہوئی اسے چھونے کی" وہ جنونی ہو چکا تھا

بہادر خان کی چیخیں اور انا کی فریادیں کچھ بھی سنائی نہیں دے رہا تھا۔۔۔۔۔ اسکی آنکھوں سے مانو لہو ٹپک رہا تھا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

بہادر خان ایسا کیسے کر سکتا تھا۔۔۔وہ صرف اسکی ہے صرف اسکی انا۔۔۔۔اسے چھونے کا، اس پر حق جتانے کا۔۔۔۔اسے ہنسانے کا، رلانے۔۔۔۔کوئی بھی حق کسی کے پاس نہیں سوائے اسکے رستم۔۔۔۔۔۔رستم نہیں۔۔۔۔۔رستم پلیز!!!!" انا کی حالت بگڑ رہی تھی مگر وہاں پرواہ ہی کسے تھی

--------

لائٹ گرے کلر کی میکسی۔۔۔۔۔جس پر ڈائمنڈز کا ہلکا سا کام ہوا تھا اسکے ساتھ گرے ہی کلر کا بھاری کار آمد ڈوپٹا جس کے بارڈر پر خوبصورت سا کام گیا تھا۔۔۔زیب تن کیے وہ واقعی ملکہ معلوم ہو رہی تھی۔۔۔خوبصورتی سے کیے گئے میک اپ نے اسکے چہرے کے نقوش کو نکھار دیا تھا۔۔۔۔۔مگر وہ خود کیا تھی پتھر کی بے جان مورت۔۔۔۔۔جو شیشے کے سامنے بیٹھی یک ٹک خود کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔اسکی زندگی یوں بدل جائے گی اس نے کبھی نہیں سوچا تھا

آج وہ اس انسان کے نام کی انگوٹھی پہننے جا رہی تھی جس سے اسے سب سے زیادہ نفرت تھی۔۔۔۔۔۔سب لوگ اس قسمت پر رشک کر رہے تھے۔۔۔۔اسے خوش قسمت کہہ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔مگر وہ خوش کہاں تھی۔۔۔۔کیا کسی نے پوچھا تھا اس سے کہ وہ یہ سب چاہتی

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

ہے یا نہیں۔۔۔۔۔۔ کیا کسی نے جاننا چاہا کہ اگر وہ یہ سب چاہتی بھی ہے تو وجہ کیا ہے۔۔۔۔۔۔ مگر یہاں اسے کون سنتا۔۔۔۔ کوئی نہیں۔۔۔۔ کسی کو بھی اس سے غرض نہیں تھی

پرنسز!!!" بلیک پینٹ کوٹ پہنے۔۔۔۔۔ مہنگی ترین گھڑی ہاتھ میں لگائے نفاست سے بال سیٹ کیے" وہ اندر کمرے میں داخل ہوا اور انا کے پیچھے جا کھڑا ہوا۔۔۔۔۔ جس نے بے جان آنکھوں سے اسے دیکھا۔۔۔۔۔ رستم اسے دیکھ کر مسکرایا مگر وہ مسکرا بھی نہیں سکی

ایسا نہیں تھا کہ کسی کو اس کے دل کی حالت کا علم نہیں تھا۔۔۔۔۔ وہاں دو لوگ تھے جو اس کی حالت سمجھ سکتے تھے۔۔۔۔۔ ایک رستم اور دوسری زرقہ۔۔۔۔۔۔۔ وہ دونوں جانتے تھے اس کی تکلیف کو۔۔۔۔۔۔۔ مگر وہ دونوں خود غرض نکلے۔۔۔۔۔۔۔ کسی کو اسکی پرواہ نہیں تھی

چلے!!!" یہ اجازت نہیں حکم تھا۔۔۔۔۔ انا کی نظروں کو اگنور کیے رستم نے ہاتھ آگے" بڑھایا۔۔۔۔ مگر انا نے نہیں تھاما

رستم کو اب غصہ آرہا تھا وہ کل سے ایسی ہی تھی۔۔۔۔۔ رستم کو کوئی ری ایکشن نہیں دے رہی تھی

یہ ہاتھ جب بھی بڑھاؤ تھام لینا نہیں تو بہادر خان والا حال کروں گا" اسکا خود تھامے رستم اس کے کان" کے پاس جھکتا ہولے سے بڑبڑایا اور انا کی سانسیں کھینچ لے گیا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

-----------

مام۔۔۔مام پلیز میری بات سنے۔۔۔۔۔۔مام پلیز یہ ضروری ہے"زرقہ کب سے ان کے آگے پیچھے بھاگ رہی تھی جو سب نوک چاکر سے کہہ کر گفٹس اور باقی کا سامان گاڑی میں رکھوا رہی تھی

زرقہ اس وقت ہم لیٹ ہو رہے ہیں اور مین بلکل بھی تمہاری کوئی کہانی سننے کے موڈ میں نہیں ہوں""" ہمدہ بیگم اسے ٹوکتے بولی

ارے بھئی آرام سے دلہن کا سیٹ ہے"وہ نوکر کو دیکھتی بولی"

مام پلیز سن لے۔۔۔۔۔اگر آپ نے نہیں سنا تو بہت غلط ہو جائے گا"زرقہ نے فیصلہ کر لیا تھا کہ وہ انا" کو مزید اس جہنم میں زندگی گزارنے نہیں دے گی

ہاں بولو۔۔۔۔۔تم بول لو"ہمدہ بیگم نے تھک کر اسے اجازت دے ہی دی"

"مام انا وہ اس شادی سے خوش نہیں ہے مام۔۔۔۔۔بھائی۔۔۔۔۔بھائی نے زبردستی۔۔۔۔۔"

بس زرقہ بہت ہو گئی تمہاری بکواس۔۔۔۔۔اب ایک اور لفظ نہیں"ہمدہ بیگم اسکی بات کاٹتے بولی"

مگر مام۔۔۔"زرقہ نے بولنا چاہا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

"تم۔۔۔۔ دیا بولنے تمہیں جو تھی غلطی ہی میری ۔۔ہے گئی ہو حد ۔۔۔۔۔ زرقہ نہیں کچھ گر و مگر

جانتی بھی ہو کہ تم کیا بول رہی ہوں۔۔۔۔ اس بھائی کے بارے میں ایسی بات منہ سے نکال بھی کیسے لی جس کی وجہ سے آج تم اور میں یہاں اس گھر میں ایسی عالیشان زندگی گزار رہے ہیں۔۔۔۔ مت بھولو کہ تمہارا باپ کس قماش کا انسان ہے اور اس نے کیا کچھ نہیں کیا۔۔۔ پہلے رستم کی ماں پھر میں اور نجانے کتنی اور ہو گی ہم جیسی" وہ بولی تو انکی آواز میں درد تھا

"بس زرقہ آئیندہ سے میرے سامنے ایسی فضول گوئی سے پرہیز کرنا۔۔۔۔ اور کیا بات کر رہی ہوں کہ انا خوش نہیں ہے۔۔۔۔ اگر انا خوش نہیں ہوتی نا تو وہ خود راضی نہیں ہوتی۔۔۔۔ تمہارے ڈیڈ نے سب کے سامنے پوچھا تھا اور اس نے خود اقرار کیا تھا۔۔۔ اور اوپر سے اب بات اس خاندان کے آنے والے وارث کی ہے سمجھی تم۔۔۔۔ میں مان ہی نہیں سکتی کہ رستم کبھی کسی لڑکی کے ساتھ برا کر سکتا ہے۔۔۔۔ ارے جو مرد اپنی سوتیلی ماں کو سگی کا درجہ دے وہ بھلا کیسے کسی اور کے ساتھ برا کر سکتا ہے۔۔۔۔ آئیندہ سے ایسے الفاظ استعمال کیے تو جان نکال دوں گی تمہاری میں سمجھی۔۔" اسے وارن کرتی وہ وہاں سے چلی گئی جبکہ انا ہاتھ ملتی رہ گئی

"مگر وہ برا کر چکے ہے مام۔۔۔۔ وہ ڈیڈ بن گئے ہے۔۔۔۔ ڈیڈ کی طرح وہ بھی ایک معصوم کی زندگی برباد کر چکے ہے مام۔۔۔ کیسے یقین دلاؤ کہ انا راضی نہیں ہے وہ مجبور ہے مام۔۔۔۔ اور میں کچھ

کر بھی نہیں سکتی" زرقہ ان کے جانے کے بعد خود سے بولی۔۔۔۔ آنکھوں کے گوشے بھیگ چکے تھے۔۔۔۔ وہ تھکے ہارے قدم اٹھاتی گاڑی کی جانب بڑھی

---------

ہوٹل میں وہ دونوں اینٹر ہوئے تو فلیش لائٹ انا کے چہرے پر پڑی۔۔۔۔ جس کی وجہ سے انا نے ہاتھ اپنے چہرے کے آگے رکھ لیا

ہاتھ ہٹاؤ پرنسز" رستم زرا مسکرا کر سخت لہجے میں اسکے کان میں بولا۔۔ انا نے اپنا ہاتھ فورا ہٹایا اور " اپنے اندر کانفیڈینس پیدا کرتے وہ آگے بڑھی۔۔۔ تالیوں کی گونج میں ان دونوں کا استقبال کیا گیا تھا اکڑ اور کروفر کے ساتھ گردن اکڑا کر وہ چلتا سٹیج کی جانب بڑھا

اب وہ دونوں ساتھ ساتھ چلتے سٹیج پر جا بیٹھے تھے۔۔۔۔۔ ہمدہ بیگم فورا انگوٹھیاں لیے رستم کی جانب بڑھی۔۔۔۔۔ بائیں ہاتھ پر پٹی باندھے بہادر خان بھی پیچھے کھڑا تھا۔۔۔ اسکا چہرہ مزید سخت تھا۔۔۔۔۔۔ انا کو اس سے پہلے سے بھی زیادہ خوف آنے لگ گیا تھا

انا اپنی ہی سوچوں میں گم تھی جب ہمدہ بیگم نے اسکا کندھا ہلایا اسنے چونک کر ہمدہ بیگم کو دیکھا جو اسے رستم کو انگوٹھی پہنانے کا اشارہ کر رہی تھی۔۔۔ جبکہ رستم اسکے ہاتھ میں انگوٹھی پہنا چکا تھا۔۔۔۔

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

یہ وہی انگوٹھی تھی جسے ایک وقت تھا جب انا نے ٹھوکر مار دی تھی۔۔۔ آج وہی انگوٹھی اس کی انگلی میں موجود تھی۔۔۔۔ انا نے کانپتے ہاتھوں سے انگوٹھی رستم کے کی انگلی میں پہنائی۔۔۔۔ رسم ہونے کے بعد سب آپس میں گفتگو میں مصروف تھے

زرقہ جو انا کو مبارک باد دینے گئی تھی۔۔۔۔ انا کے منہ موڑ لینے پر اسکے دل میں درد اٹھا۔۔۔۔ اور آنکھیں نم ہوئی۔۔۔ زرقہ نے رستم کو دیکھا جو اسے دیکھ کر طنزیہ سا مسکرایا

زرقہ دل پر پتھر رکھتی سٹیج سے اتر آئی اور ہوٹل میں موجود بار کی جانب بڑھ گئی۔۔۔ اندھیرے گوشے میں بیٹھ کر وہ اپنا دل کا غم وائن پیے کم کر رہی تھی جب اسے اپنے پاس کسی وجود کا احساس ہوا۔۔۔ وہ بنا دیکھے جان سکتی تھی کہ وہ کون ہے

کیسی ہوں؟" وجدان نے اسکی ساتھ والی کرسی پر بیٹھے پوچھا"

تم سے مطلب؟" بوتل منہ کو لگائے وہ بولی"

تمہارے سارے مطلب مجھ سے ہی تو ہے؟" اسکے بے جان چہرے پر نظریں ٹکائے وہ بولا"

مطلب تم سے تھے اب نہیں۔۔۔۔۔ جب تم نے مجھے چھوڑ دیا تو مجھ پر سب حق بھی گنوا دیے تم" نے" زرقہ زہر خند لہجے میں بولی

تم وجہ جانتی ہوں زرقہ میری مجبوری۔۔۔۔۔"وجدان نے بات کرنا چاہی"

او جسٹ شٹ اپ وجدان تمہاری وجہ۔۔۔۔ ہونہہ۔۔۔۔۔ تمہاری مجبوری تو یہاں بھی موجود ہے" وہ دیکھو سٹیج پر۔۔۔۔ جاؤ اس کے پاس مجھے بخشو" بوتل منہ کو دوبارہ لگائے وہ منہ پھیر گئی جبکہ وجدان ایک بھرپور نظر اس پر ڈالتا وہاں سے چلا گیا

۔۔۔۔۔۔

تو یہ ہے وہ بیوٹی جس نے تمہارا دل چرایا؟" غازان انا کو اوپر سے نیچے دیکھتا ہنس کر بولا"

رستم کا خون خول اٹھا۔۔۔ اس نے غازان کو گردن سے پکڑا اور دیوار کے ساتھ لگا دیا

اسے عزت دینا سیکھو وہ میری ہونے والی بیوی۔۔۔۔ اور میرے ہونے والے بچے کی ماں" ہے۔۔۔۔۔ آئیندہ سے تمہاری نظروں یوں بے لگام ہوئی تو آنکھیں پھوڑ دوں گا" اسکی گردن پر گرفت سخت کرتے وہ بولا تو غازان کو سانس بند ہوتا محسوس ہوا

رستم چھوڑا سے وہ کچھ نہیں کرے گا" کاشان نے فورا آگے بڑھ کر رستم کو ٹھنڈا کیا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

یاد رہے اس سے دور رہنا" رستم غازان کو فولادی گرفت سے آزاد کرتے بولا اور وہاں سے انا کی" جانب چل دیا جواب سٹیج پر زبردستی کی مسکراہٹ سجائے ان امیر آنٹیوں کے طنزوں کا جواب دے رہی تھی

اسے اور اس کی محبوبہ کو تو دیکھ لوں گا میں" غازان کھانستے خود سے بولا "

غازان کچھ بھی ایسا نہیں کرنا جس سے رستم کا قہر ٹوٹے تجھ پر" کاشان اسکا بازو پکڑ کر اسے سمجھایا"

ابے چل چھوڑ مجھے اور مجھے مت سیکھا کہ مجھے کیا کرنا ہے" غازان اپنا بازو غصے سے چھڑواتے" بولا۔۔۔۔ جبکہ کاشان نے سر نفی میں ہلایا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ویسے تم نے رستم کو پھانسا کیسے؟ مطلب کے اتنے امیر لڑکے کو محبت وہ بھی تم جیسی لڑکی سے؟ کیا" کوئی جادو کروایا ہے" وہ عورت طنز کے تیز انا پر برساتی بولی

ایسی بات نہیں مسز نثار۔۔۔۔۔" ہمدہ بیگم بولی"

مجھ سے پوچھیے جو بھی پوچھنا ہے آنٹی" رستم انکے پیچھے سے آتا انا کے ساتھ کھڑا ہو گیا اور اپنا ہاتھ" اسکی کمر پر ٹکا دیا

اور جہاں تک بات ہے پھانسنے کی تو آپ نے سہی کہاں۔۔۔۔ میری پرنسز نے بھی مجھے پھانس لیا مگر" اپنی اداؤں سے نہیں جو کہ آپ کی بیٹی کا کام ہے بلکہ اپنی معصومیت سے۔۔۔۔۔ ایسی معصومیت ہر کسی کے پاس نہیں ہوتی" رستم انا کی آنکھوں میں دیکھتے بولا۔۔۔۔۔۔ اسکی آنکھیں سچی تھی۔۔۔۔۔۔ اسکا ہر ایک لفظ سچا تھا

انا اسے دیکھتے رہ گئی۔۔۔۔۔ کاش کہ یہ انسان اندر سے بھی اتنا ہی اچھا ہوتا جتنا باہر سے تھا

تو یہ مجھ سے بہتر ہے؟" ایک نسوانی آواز اسے ہوش میں لائی"

اسنے سامنے دیکھا جہاں ریڈ کلر کی ٹائٹ میکسی پہنے، جس کا آگے اور پیچھے دونوں اطراف کا گلا ڈیپ تھا۔۔۔ ڈارک میک اپ کیے وہ انا کو آنکھوں سے ہی مار دینے کے درپر تھی

بہتر؟ صرف بہتر نہیں۔۔۔۔۔ تم تو اس کے برابر کبھی آ نہیں سکتی۔۔۔۔ شی از مائی پرنسز۔۔۔۔۔" مائی لو" انا کا ماتھا محبت سے چومتے رستم بولا

یہ تم نے اچھا نہیں کیا رستم" وہ چیخی"

آہ۔۔۔ آواز نیچے۔۔۔۔۔۔۔ اونچی آواز میں بات کی تو زبان کاٹ دوں گا میں تمہاری" رستم کے" لہجے میں تاشہ ڈر کر ایک قدم پیچھے ہوئی

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

یہاں کیا ہو رہا ہے؟"غازان فوراً وہاں آیا۔۔۔۔۔تاشہ کو دیکھ کر اس پارہ ہائی ہو گیا"

اپنی بہن کو سنبھال کر رکھو غازان۔۔۔۔۔تمہیں معلوم ہے کہ مجھ اس جیسی گھٹیا لڑکیاں پسند نہیں" یہ بات اسے بھی بتا دوں۔۔۔۔۔کیونکہ اگر میں نے سمجھائی تو شائد طریقہ پسند نہیں آئے"رستم ایک ایک لفظ چبا چبا کر بولا

مجھے گھٹیا کہنے سے پہلے اپنے ساتھ کھڑی اس لڑکی کے بارے میں کیا خیال ہے جو شادی سے پہلے ہی" ماں بننے والی ہے"تاشہ حقارت سے انا کو دیکھتے بولی

انا کی آنکھیں بھیگ گئی۔۔۔۔۔اسے معلوم تھا ایسی باتیں سننے کو ملے گی اسے

کیا ثبوت ہے کہ انا اور میری شادی نہیں ہوئی؟"رستم نے آبرو اچکائے پوچھا"

کیا مطلب؟"تاشہ حیران ہوئی"

مطلب کہ یہ رہا میرا اور انا کا نکاح نامہ۔۔۔۔جس پر صاف واضع ہے کہ انا میری بیوی" ہے۔۔۔۔"رستم نے کوٹ کی پاکٹ سے نکاح نامہ نکال کر تاشہ کے منہ پر مارا

یہاں موجود اگر کسی بھی انسان کو میرے یا انا کے رشتے کو لیکر کوئی مسئلہ ہے تو رہے لیکن اگر کسی نے" بھی میری بیوی کے کردار پر انگلیاں اٹھائی تو میں اسے چھوڑو گا نہیں۔۔۔۔۔یہ سب دیکھ لے یہ ہے

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

میرا اور میری بیوی کا نکاح نامہ۔۔۔۔۔۔کسی مجبوری کی وجہ سے ہم نے نکاح کو شو نہیں لیکن اب جب بات میری بیوی کے کردار کی آگئی ہے تو سب سن لے انا جعفری اب او فیشلی طور پر انا رستم شیخ ہے اور یہ سب فنکشن بھی میں صرف اپنی پرنسز کی ڈیمانڈ پر رکھے ہیں۔۔۔۔کسی کو کوئی مسئلہ ؟" رستم نے پوچھا تو سب کا سر نفی میں ہلا جبکہ تاشہ حیران سی رستم کا نکاح نامہ دیکھ رہی تھی

مگر کوئی اور بھی تھا جسے اتنی ہی حیرت ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔اسلام آباد کے ایف۔سیون ٹین میں موجود وہ شخص ٹی۔وی پر لائیو کوریج دیکھتا زلزلوں کی زد میں تھا

انا!!" وہ سرگوشی نما آواز میں بولا"

رستم!!" انا کو چکر آیا تو اس نے رستم کو تھاما"

کیا ہوا پرنسز؟" رستم نے پریشانی سے انا کو تھاما"

میرا سر چکرا رہا ہے۔۔۔۔مجھے لیجاؤ یہاں سے" انا سسکتی اس کے کندھے پر سر رکھتے بولی"

ہمم۔۔۔۔چلو چلے" اسے اپنے ساتھ لگائے رستم اسے گاڑی کی جانب لے گیا"

آخر کار تم مجھے مل گئی انا۔۔۔۔اب میں تمہیں جانے نہیں دوں گا" ٹی۔وی دیکھتا وہ شخص خود سے" بولا اور مسکرایا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

----------

گاڑی اپنی منزل کی طرف رواں دواں تھی۔۔۔۔۔انا کن آکھیوں سے رستم کو دیکھ رہی تھی جو نجانے تب سے موبائل میں کیا ڈھونڈ رہا تھا

تمہیں کچھ کہنا ہے پرنسز؟"موبائل سائڈ پر رکھے رستم نے اب نہایت فرصت سے انا سے پوچھا جو اس کی توجہ خود پر پا کر بھوکلا گئی

نن۔۔۔نہیں۔۔۔۔۔۔ایسی تو کوئی خاص بات نہیں"انا کا سر نفی میں ہلا اور نظریں جھک گئیں"

مطلب کہ کوئی نا کوئی بات ضرور ہے۔۔۔چلو بتاؤ"رستم پوری طرح سے اسکی جانب متوجہ تھا"

کہاں نا خاص بات نہیں"انا زچ ہوئی"

جب بات تمہاری ہوں تو میرے لیے ہر عام بات بھی خاص ہے۔۔۔اب جلدی سے بتاؤ۔۔۔۔۔" معلوم ہے نا کہ مجھے اپنی بات دہرانے کی عادت نہیں۔۔۔۔۔پھر بھی تمہاری دفع ہر بات دہرانی پڑتی ہے"رستم کا لہجہ دوستانہ تھا۔۔۔۔۔۔اسکا لہجہ بہت سادہ اور اچھا تھا۔۔۔نجانے کیوں مگر انا کو یہ رستم اچھا لگا تھا

وہ۔۔۔وہ۔۔۔۔۔۔"لبوں پر زبان پھیرتے ایک نظر رستم کو دیکھتے وہ دوبارہ نظریں جھکا گئیں"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

پرنسز!!" رستم کا انداز تنبیہی تھا مگر سخت نہیں"

وہ آپ نے وہ نکاح نامہ۔۔۔۔" انا بولی تو رستم اسکی بات سمجھ گیا"

وہ نکاح نامہ آدھا نکلی ہے" رستم نے جواب دیا"

آدھا نکلی؟" انا حیران ہوئی"

ہاں آدھا نکلی۔۔۔۔ آدھا نکلی ایسے کہ میرے حصے کے سائن تو اصلی ہے مگر تمہارے والے" نکلی۔۔۔۔ تو وہ ہوا نا آدھا نکلی نکاح نامہ" رستم مسکراہٹ دباتے بولا تو انا کو غصہ آنے لگ گیا

آدھے نکلی نکاح نامے کی وجہ؟" اپنا غصہ ضبط کرتے انا نے پوچھا"

تاکہ کوئی تم پر، تمہارے کردار پر انگلی نہیں اٹھائے" رستم نے کندھے اچکائے"

انگلی اٹھانے کی وجہ بھی تو خود دی ہے" انا منہ دوسری جانب کیے بڑبڑائی۔۔۔۔۔ مگر وہ رستم کے" چہرے پر آئی شرمندگی نہیں دیکھ سکی۔۔۔۔۔ اگر دیکھ لیتی تو شائد ہارٹ اٹیک تو آہی جاتا

کیا ضرورت تھی سب کو یہ بتانے کی۔۔۔۔۔ یہ بتانے کی کہ میں۔۔۔ میں ماں بننے والی ہوں" انا کا" لہجہ بہت دھیما تھا۔۔۔ بجھا ہوا

تاکہ سب معلوم ہو جائے کہ تم میری ہوں۔۔۔۔۔میں تم پر کسی کی بھی نظروں کی چھاپ برداشت نہیں کر سکتا انا۔۔۔۔۔۔ تم محبت ہوں میری۔۔۔۔۔۔ جنونیت ہوں میری" رستم کا لہجہ حد درجہ سنگین تھا

"یہ محبت نہیں پاگل پن ہے رستم شیخ۔۔۔۔ تمہاری یہ جنونیت سب کچھ جلا دے گی، راکھ کر دے گی سب کچھ۔۔۔۔۔۔ جیسے اس نے مجھے جلا دیا۔۔۔بس اب راکھ بننا باقی ہے" انا سوچ سکی مگر بولی کچھ نہیں

--------

گھر پہنچنے تک انا حد درجہ تھک چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔وہ کمرے کی جانب جا رہی تھی جب رستم نے اسکا ہاتھ تھاما۔۔۔۔۔۔ انا ایک پل کو کانپ گئی

وہاں نہیں یہاں" کہتے ہی رستم اسے سیڑھیوں کی بائیں جانب بنے کمرے کی طرف لے گیا"

" تمہاری کنڈیشن ایسی نہیں کہ تم سیڑھیاں چڑھو اور دوسرا میں نہیں چاہتا کہ تم اب اس کمرے میں واپس کبھی قدم رکھو۔۔۔۔۔" رستم اسکا ہاتھ تھامے اسے کمرے میں لایا اور بیڈ پر بٹھا کر اس کے سامنے گھٹنے کے بل بیٹھ گیا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

انا بس حیران سی اس بدلے ہوئے رستم کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

ایسا کیوں؟" انا نے سوال کیا"

میں نہیں چاہتا وہ تلخ یادیں تمہیں تکلیف دے جو تمہاری بربادی کا سبب بنی" رستم بولا تو لہجے میں" ندامت کا عنصر نمایاں تھا۔۔۔۔ انا کی آنکھیں حیرت سے پھیل گئی۔۔۔۔۔۔ یہ کون تھا؟ کیا یہ رستم تھا؟ نہیں۔۔۔۔۔۔۔ اسے یقین نہیں آ رہا تھا

ایک۔۔۔۔۔ ایک موقع چاہتا ہوں انا۔۔۔۔۔۔ صرف ایک موقع دے دوں۔۔۔۔۔ میں سب کچھ" ٹھیک کر دوں گا۔۔۔۔۔۔۔۔ سب کچھ۔۔۔ میں، میں اپنی اولاد کو ایسی زندگی نہیں دینا چاہتا انا۔۔۔۔۔۔ میں نہیں چاہتا کہ میری اولاد بھی ویسی زندگی جیے جیسی میں نے گزاری ہے۔۔۔۔۔۔ کھوکھلی، ویران۔۔۔۔۔۔ میں تمہیں اپنے آنے والے بچے کو سب کچھ دینا چاہتا ہوں۔۔۔۔ سب کچھ۔۔۔۔ خاص طور پر خوبصورت یادیں جو میرے پاس نہیں ہے۔۔۔۔۔۔ ایک موقع دے دوں انا۔۔۔۔۔۔۔۔ میں، میں سب کچھ ٹھیک کرنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔۔ ہر غلطی ہر گناہ کا ازالہ کرنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔ پلیز انا صرف ایک موقع صرف اور صرف ایک موقع" رستم اسکے دونوں ہاتھ تھامے بولا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

اور انا وہ بس یک ٹک رستم کو دیکھے جا رہی تھی۔۔۔اس کے لفظوں کو محسوس کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔اسکی بربادی،ڈاکٹر کنول کی چیخیں۔۔۔۔شہلا کا قتل سب کچھ دماغ میں کہی بہت پیچھے رہ گیا تھا۔۔۔۔۔اسے تو بس وہ انسان نظر آرہا تھا

بتاؤ انا کیا دوں گی مجھے ایک موقع ؟"رستم نے پوچھا تو انا کا سر خود بخود اثبات میں ہل گیا۔۔۔۔۔جبکہ" رستم کی خالی آنکھیں خوشی سے جھوم اٹھی

اووو۔۔۔تھینک یو سووو مچ مائی پرنسز!!"اسکے دونوں ہاتھوں کو لبوں سے لگاتے وہ بولا تو انا نے اپنے" ہاتھ فورا پیچھے کھینچے

اوہ سوری میں بھول گیا تھا کہ تم ابھی بھی میری بیوی نہیں ہوں"بالوں میں ہاتھ پھیرتے وہ ہلکا سا" مسکرایا اور انا کو آرام کا کہتے وہاں سے چلا گیا

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

گھر میں موجود بار میں بیٹھا وہ کسی اور ہی دنیا میں موجود تھا جب بہادر خان وہاں حاضر ہوا

ماسٹر آپ نے یاد کیا؟"بہادر خان نے پوچھا تو وہ چونکا اور ایک نظر بہادر خان کے ہاتھ کو دیکھا"

تمہارا ہاتھ کیسا ہے اب؟"اسکا لہجہ نارمل تھی"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

بہتر ہے" بہادر خان نے بھی مختصر جواب دیا"

ہمم۔۔۔۔بہادر خان ایسا کروں ہر نیوز چینل کو کال کر کے بتادوں کہ رستم شیخ کی شادی اگلے ہفتے" ہے۔۔۔جتنا جلدی ہو سکے اتنی جلدی یہ خبر پھیلنی چاہیے" رستم شراب گھونٹ گھونٹ اپنے اندر اتارتے بولا

جی ماسٹر!!" بہادر خان سر جھکائے بولا اور وہاں سے چلا گیا"

میں وعدہ کرتا ہوں انا کہ اب تمہیں کوئی تکلیف نہیں اٹھانے دوں گا" رستم خود سے مسکرایا"

رات کے آخری پہر وہ انا کے کمرے میں داخل ہوا جب اسے پر سکون سوئے دیکھا

مائی پرنسز!!" اسنے دیوانہ وار نظروں سے دیکھتے وہ بڑبڑایا اور خاموشی سے نکل گیا"

--------

رستم کے جانے کے تھوڑی دیر بعد ہی سب مہمانوں نے بھی جانا شروع کر دیا تھا۔۔۔۔حال ایک دم خالی ہو چکا تھا سوائے نوید شیخ اور وجدان کی فیملی کے علاوہ سب جا چکے تھے

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

وجدان وہاں صرف زرقہ کی وجہ سے رکا تھا۔۔۔۔۔وجدان جانتا تھا کہ زرقہ بہت زیادہ ڈرنک کر چکی ہے اور اگر اس حالت میں وہ اسکی یا اپنی فیملی کے سامنے آئی تو کیا ہو گا۔۔۔۔۔۔اسی لیے وہ جانے کا بہانہ بناتے ہوئے مدہوش زرقہ کو زبردستی اپنے ساتھ لے گیا

زرقہ نے پوری کوشش کی وجدان کو دور کرنے کی مگر وہ جس حالت میں تھی اس میں وہ کچھ بھی نہیں کر سکتی تھی

بچی بننا بند کرو زرقہ "اسے گاڑی کی جانب لیجاتے وجدان چڑ کر بولا"

بچی؟ہاں بچی ہی تو ہوں میں تمہارے لیے اسی لیے چھوڑ دیا تھا نا مجھے "زرقہ ہنستے بولی،وجدان آنکھیں گھما کر رہ گیا

اسے گاڑی میں فرنٹ پر بٹھاتے وہ خود ڈرائیونگ سیٹ کی جانب بڑھنے لگا جب زرقہ نے اسکا ہاتھ تھام لیا

تم نے ایسا کیوں کیا وجدان؟"زرقہ نے اچانک اس سے سوال کیا"

تم ابھی ہوش میں نہیں ہو زرقہ بعد میں بات کرے گے" وجدان نے آہستہ سے اپنا ہاتھ چھڑوایا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

بعد میں؟ بعد میں بات نہیں کرنی وجدان مجھے ابھی کرنی ہے۔۔۔۔۔اسی وقت بات کرنی ہے۔۔۔۔۔میں اکیلی نہیں تھی اس راہ پر تم بھی ساتھ تھے۔۔۔۔ مگر تم نے مجھے چھوڑ دیا، اکیلی تنہا۔۔۔۔۔وہ تو مجھے انا جیسی دوست مل گئی جس نے مجھے سنبھالا مگر میں نے۔۔۔۔میں نے کیا کیا وجدان میں اسے برباد کر دیا۔۔۔۔۔اسے خود اپنے ہاتھوں سے جہنم میں دھکیل دیا" اپنے ہاتھوں کو غور سے دیکھتے وہ بولی۔۔۔۔آنسوؤں ٹپ ٹپ کرتے آنکھوں سے بہنے لگے

وجدان نے گاڑی چلاتے ایک افسوس بھری نگاہ اس پر ڈالی جواب خاموشی سے اپنے ہاتھوں کو گھورے جا رہی تھی

تم نے مجھے کیوں چھوڑا وجدان۔۔۔۔۔محبت ایسی تو نہیں ہوتی۔۔۔۔تم تو بہت بڑے کائر نکلے، "بزدل۔۔۔۔۔مانا میری غلطی تھی، بہت بری غلطی تھی مگر چھوڑ دینا تو اسکی سزا نہیں نا تھی" اسکا قہقہ بلند ہوا جبکہ وجدان کے جبڑے بھینچ گئے۔۔۔اسکی گرفت سٹئیرنگ ویل پر مضبوط ہو گئی

وہ اسے کیا بتاتا وہ کائر نہیں تھا اور نہ ہی بزدل بس حالات کا مارا تھا۔

تمہارا گھر آ گیا ہے زرقہ" وہ گاڑی ولا کے سامنے روکتے بولا۔۔۔۔مگر زرقہ تو کب کی سو چکی" تھی۔۔۔۔سو ناچاراوہ گاڑی لیکر اندر داخل ہوا اور پورچ میں کھڑی کر کے زرقہ کو اپنی باہوں میں

اٹھائے گھر کے اندر داخل ہوا۔۔۔۔۔نوکر سب انیکسی میں جا چکے تھے اور گارڈ باہر کھڑا تھا اسی لیے کوئی بھی یہ کاروائی دیکھ نہیں سکا۔۔۔۔زرقہ کے کمرے میں داخل ہوتے اس نے اسے آرام سے بیڈ پر لٹایا اور بہت دیر اسے گھورتا رہا۔۔۔۔

آئی ایم سوری زرقہ !!" وہ بس اتنا بول پایا اور وہاں سے چلا گیا"

گاڑی چلاتے چلاتے وجدان کو بار بار وہ دن یاد آنے لگا جب اسے اپنی محبت اور دوستی اور خاندان میں سے کسی ایک کو چننا تھا۔۔۔اسکی محبت اسکے خاندان اور دوستی کے خلاف تھی۔۔۔اگر محبت چنتا تو دوست اور خاندان گنوا دیتا۔۔۔اور اگر دوستی اور خاندان چنتا تو محبت۔۔۔۔تب وجدان نے محبت کو خیر آباد کر دیا۔۔۔اسے لگا تھا کہ وقت کہ ساتھ ساتھ یہ زخم بھر جائے گا مگر وہ تو ناسور بن گیا تھا اسکی جان کا

زرقہ اور وجدان نے کبھی ایک دوسرے سے کھل کر اظہار محبت نہیں کیا تھا۔۔۔۔مگر نظروں ہی نظروں میں تمام مراحل طے کر لیے تھے۔۔۔۔۔۔زرقہ کی دوستی انہی دنوں کچھ اپر کلاس کی بگڑی امیر زادیوں سے ہو گئی تھی جن میں ایک تاشہ بھی تھی غازان کی بہن۔۔۔وجدان نے اسے بہت بار روکا مگر زرقہ کو یہ آزادانہ زندگی بہت بھائی تھی۔۔۔۔وجدان نے بہت دفع اسے رستم کا بھی ڈراوا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

دیا اور یہ بھی کہ وہ اسے بتا دے گا مگر زرقہ اپنی محبت کا واسطہ دے کر وجدان کو روک لیتی۔۔۔۔۔۔ تاشہ اور اسکی باقی کی دوستیں اسے بگاڑنے میں اچھا خاصہ کردار ادا کر چکی تھی۔۔۔۔ڈرنکنگ اور ڈرگز زرقہ کے لیے دن بدن عام ہوتا جا رہا تھا اور وہ اسکی نشئی بھی ہوتی جا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔ اسنے گھر والوں سے جھوٹ بول کر پیسے لینا شروع کر دیے تھے۔۔۔ اور تو اور چوری بھی کرنا شروع کر دی تھی۔۔۔۔۔ ایسے ہی دنوں میں ایک دن وہ سب دوستیں اسے ایک کلب میں لے گئی۔۔۔۔۔ جہاں نشے کی زیادتی کے باعث زرقہ مدہوش ہو چکی تھی۔۔۔۔۔ اسی بات کا فائدہ اٹھاتے تاشہ کے بوائے فرینڈ و کی نے زرقہ کے ساتھ بدتمیزی کرنے کی کوشش کی تھی جب پولیس کا وہاں چھاپہ پڑ گیا۔۔۔۔ تاشہ اور باقی کی دوستیں تو وہاں سے بھاگ گئی مگر زرقہ ہوش مین نا ہونے کی وجہ سے پکڑی گئی۔۔۔۔۔ اور اگلے دن ہر ٹی۔وی چینل اور اخبار کی فرنٹ ہیڈ لائن بھی بن گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔ زرقہ جو یہ سمجھتی تھی کہ رستم کو کچھ بھی علم نہیں ہو گا وہ حیران رہ گئی جب رستم نے اسکے سامنے وجدان سے پوچھا کہ وہ کس کو چنے گا، اپنے ماں باپ دوست یا پھر زرقہ۔۔۔۔ وجدان کو زرقہ پر چاہے جتنا مرضی غصہ سہی مگر وہ اسے چھوڑ نہیں سکتا تھا۔۔۔۔۔ مگر حالات ہی ایسے تھے کہ اسے کسی ایک کو چننا تھا تو اس نے زرقہ کو چھوڑ دیا۔۔۔۔۔۔۔ نوید اور ہمدہ بیگم زرقہ سے منہ موڑ چکے تھے، تب بھی صرف رستم اس کے ساتھ تھا اسی لیے اسے لندن سے پاکستان اپنے ساتھ لے آیا۔۔۔۔ مگر رستم

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

چاہتا تھا کہ زرقہ میں خود سے بھی احساس ذمہ داری پیدا ہوں تو اس نے زرقہ کو خود اپنے بل بوتے پر کچھ کرنے کو کہاں مگر اس سے پہلے زرقہ کی تھیرپی کروائی گئی تا کہ وہ پھر سے نارمل ہو سکے کیونکہ زرقہ نشے کی اس قدر عادی ہو چکی تھی کہ اب اسکا نشے کے بنا گزارا نہیں تھا۔۔۔

انہی دنوں زرقہ جب کوئی فلیٹ ڈھونڈنے نکلی تو اسے انا ملی جس کے ساتھ وہ فلیٹ شئیر کرنے لگی۔۔۔۔ آہستہ آہستہ دونوں میں دوستی بڑھی اور تب زرقہ نے جانا کہ اصل دوست کیسا ہوتا ہے، مگر آج زرقہ نے اسے بھی کھو دیا تھا

\-------------

پوری رات انا کہ ذہن میں رستم کی باتیں گونجتی رہی اسے ایک پل کو بھی نیند نہیں آئی۔۔۔۔ صبح بھی فجر پڑھ کر وہ لان میں واک کے لیے نکل آئی جب اسے درختوں کے پاس ایک ہیولا نظر آیا، وہ آنکھیں چھوٹی کیے اس جانب بڑھی تو وہاں بہادر خان کو دیکھ کر چونکی جو شائد کسی سے محو گفتگو تھا

اتنی صبح صبح یہ کس سے فون پر لگا ہے؟" انا حیران ہوئی"

خیر مجھے کیا؟" اس نے کندھے اچکائے مگر وہ بہادر خان کے چہرے پر موجود تاثرات اچھے سے دیکھ" سکتی تھی کسجا مطلب تھا کہ وہ کسی ٹینشن میں تھا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

--------

جمیلہ کو ناشتے کا بول کر انا لاؤنج میں آئی اور ٹی۔وی آن کیا مگر جو خبر پڑھنے کو ملی وہ واقعی میں ہوش اڑا دینے کو تھی

سامنے ہی ٹی۔وی پر نا مصرف کل کے ہوئے ہنگامے کی ویڈیو دکھائی جا رہی تھی بلکہ نیچے نیچے بڑے بڑے الفاظ میں اسکی اور رستم کی شادی کی خبر بھی دی جا رہی تھی۔۔۔۔شائد وہ اس دنیا کی پہلی دلہن تھی جسے ٹی۔وی کے ذریعے معلوم ہوا تھا کہ اگلے ہفتے اسکی شادی ہے

افف!!" انا جھنجھلا کر رہ گئی"

-----------

انا اور رستم دونوں کی شادی کی خبر بہت تیزی سے آگ کی مانند پھیلی تھی۔۔۔۔۔مگر اس آگ نے سب سے زیادہ جسے جلایا تھا وہ تھی تاشہ۔۔۔۔اسکی آنکھیں لہولہان ہو گئیں تھی۔۔۔اسے یقین ہی نہیں آرہا تھا کہ یہ کیا ہوا ہے۔۔۔۔

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

"نہیں!!!!۔۔۔۔ نہیں رستم نہیں تم میرے ساتھ ایسا نہیں کر سکتے۔۔۔۔۔رستم!!!!!!میں سب کچھ ختم کر دوں گی۔۔۔۔ تمہاری اس بیوی اور بچے دونوں کا مار دوں گی رستم۔۔۔۔ کسی کو نہیں چھوڑو گی" وہ پاگلوں والی حالت مین پورے کمرے کو تہس نہس کر چکی تھی

"تاشہ۔۔۔۔ تاشہ بیٹا دروازہ کھولو" اسکی ماں کب سے دروازہ بجا بجا کر تھک چکی تھی جب غازان بھاگتا ہوا وہاں آیا

"مام کیا ہوا؟" غازان نے ان سے پوچھا

"غازی وہ تاشہ وہ پاگل ہو گئی ہے دروازہ نہیں کھول رہی" انہوں نے بتایا

"اچھا آپ پیچھے ہٹے میں کوشش کرتا ہوں" کہتے ہی غازان دروازے کے پاس آیا

"تاشہ تاشہ دروازہ کھولو۔۔۔۔۔ تاشہ پلیز دروازہ کھولو" غازان دروازہ پیٹتے بولا

"نہیں جاؤ سب چلے جاؤ۔۔۔۔۔ کسی کو میری فکر نہیں، کسی کو بھی میری پرواہ نہیں۔۔۔۔ جاؤ یہاں سے" تاشہ اندر سے چلائی

"تاشہ مجھے ہے تمہاری پرواہ جو کہوں گی کروں گا پلیز دروازہ کھولو" غازان دروازہ توڑنے کی کوشش کرتے بولا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

مجھے رستم چاہیے۔۔۔۔۔جاؤ لیکر آؤ اسے۔۔۔۔۔۔لا سکتے ہوں؟" تاشہ اندر سے چلائی اور ساتھ ہی ایک اور واز توڑ ڈالا

تاشہ میں۔۔۔۔۔میں وعدہ کرتا ہوں تاشہ تمہیں رستم ضرور ملے گا تاشہ پلیز دروازہ کھولو" غازان بولا تو اندر سے کلک کی آواز آئی اور ساتھ ہی دروازہ کھل گیا

تاشہ!!" غازان نے فوراً اسے تھاما اور نوکروں کو کمرے کی حالت سدھارنے کا اشارہ دیا اور خود اسے اپنی ماں کیساتھ لاؤنج میں لے آیا۔

مجھے رستم ملے گا نا بھائی؟" تاشہ نے پوچھا تو غازان نے سر اثبات میں ہلا دیا حالانکہ وہ جانتا تھا کہ یہ کام اتنا آسان نہیں

---------

برائیڈل شاپ کے اندر وہ اب تک پانچ ڈریسز ٹرائے کر چکی تھی مگر رستم کو کوئی بھی ابھی تک کچھ خاص اسکے شایان شان نہیں لگا تھا۔۔۔۔۔۔جبکہ انا تھک چکی تھی۔۔۔۔۔وہ بہت جلدی تھک جاتی تھی اور یہ بات رستم نے بھی نوٹ کی تھی۔۔۔۔پریگنینسی کی وجہ سے اس کے پیروں میں ابھی سے

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

تکلیف ہونا شروع ہو گئی تھی حالانکہ اسے ابھی صرف دو ڈھائی ہفتے ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔ آخر کار آٹھواں ڈریس رستم کو اس کے لیے پسند آ ہی گیا

وہ ڈیپ ریڈ کلر کا لہنگا تھا۔۔۔۔۔ جسکی کمیز سمپل تھی جبکہ سارا کام ڈوپٹے اور لہنگے پر ہوا تھا۔۔۔۔ رستم نے اس کے ساتھ صرف برائیڈل ڈریس خریدا تھا۔۔۔۔۔۔ مہندی، مایوں اور ولیمے کا ڈریس ہمدہ شیخ اور زرقہ کو خریدنا تھا۔۔۔۔ خیر یہ الگ بات تھی کہ وہ دونوں ماں بیٹی رستم کے اس فیصلے سے انجان تھی

انا کو اب بھوک لگنا شروع ہو گئی تھی جب رستم اسے فوڈ کورٹ میں لے آیا۔۔۔۔۔ سب سے الگ تھلگ موجود ایک ٹیبل پر وہ اسے بٹھائے خود آرڈر دینے چلا گیا۔۔۔ انا پانچ منٹ ارد گرد لوگوں کو دیکھتی رہی جب کسی نے اس کے پاس آکر ٹیبل بجایا۔۔۔ انا نے سر اٹھائے سامنے دیکھا تو آنکھوں پر یقین سا نہیں آیا۔۔۔۔۔ جبکہ سامنے والا انسان اسے خود کو تکتا پا کر مسکرا دیا

عامر؟" انا فوراً اپنے ٹیبل سے اٹھی"

انا!! کیسی ہوں؟" محبت سے اس کا چہرے تکتے عامر نے پوچھا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

میں۔۔۔۔ٹھیک تم کیسے ہوں؟" انا ایک آدھ نظر ادھر ادھر بھی ڈال لیتی وہ چاہتی تھی کہ رستم "
کے آنے سے پہلے ہی وہ عامر کو فارغ کردے۔۔۔۔اسے رستم پر زرا بھروسہ نہیں تھا

تمہاری منگنی کی خبر دیکھی۔۔۔۔۔کیسے ٹھیک ہو سکتا ہوں" عامر اداسی بھری مسکان لیے بولا"

ویسے جب میں نے تمہیں پرپوز کیا تھا تب تو تم نے ٹائم مانگا تھا اور اب اتنی جلدی شادی، "
منگنی۔۔۔۔۔۔۔۔"

جب محبت کی ہے تو اسے اپنانے میں دیری کیسی؟" یہ آواز، انا آنکھیں میچ گئی۔۔۔۔۔۔جبکہ عامر "
نے رستم کو دیکھا، جو کسی یونانی بادشاہ سے کم نہیں تھا۔۔۔۔۔عامر کی بات کاٹتے رستم انا کے کندھے
پر ہاتھ رکھے مسکرا کر بولا

ہاں شائد انا کو مجھ سے محبت نہیں تھی" عامر بجھے لہجے میں بولا تو انا نے افسوس بھری نظر اس پر ڈالی"

شائد نہیں یقینی طور پر انا کو تم سے محبت نہیں تھی اسی لیے اس نے تمہیں انکار کر دیا" رستم نے انا کو"
بلکل اپنے ساتھ لگا لیا تھا۔۔۔۔انا نے بھی کوئی مزحمت نہیں کی تھی

کیا سچ میں انا؟" اب کی بار عامر نے انا سے پوچھا"

بتاؤ انا جواب دوں" رستم نے بھی انا کو دیکھا جبکہ وہ تھوک نگل کر دونوں کو دیکھنے لگی"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

ایم سوری عامر میں نے ہمیشہ تمہیں ایک دوست کی نظر سے دیکھا ہے اس سے زیادہ کچھ نہیں" انا عامر کی جانب دیکھے بنا ہچکچائے بولی

"ارے اس میں سوری کیسا بیبی۔۔۔۔۔وہ پڑھا لکھا انسان ہے۔۔۔۔۔۔سمجھدار ہے۔۔۔۔۔۔۔ اسے سمجھ میں آگیا ہو گا" رستم لہجہ کچھ زیادہ ہی شیریں رکھتے بولا مگر انا کو معلوم تھا کہ اب اسکی خیر نہیں۔۔۔۔۔وہ رستم سے واقعی کسی اچھے کی امید نہیں رکھ سکتی تھی۔

اوکے پھر میں چلتا ہوں۔۔۔۔اللہ حافظ" اس نے ہاتھ انا کی جانب بڑھایا"

"اللہ حافظ !!" اسکے ہاتھ کو سختی سے دبوچتے رستم سرد لہجے میں بولا تو انا کے ساتھ ساتھ عامر بھی کانپ گیا اور وہاں سے چلتا بنا

"گھر جا کر مجھے ہر ایک بات بتانا۔۔۔۔۔۔۔پوری بات الف تا یے" انا کے کان میں سرگوشی کرتا رستم اسے ساتھ لگائے اپنی جگہ پر بیٹھ گیا۔۔۔۔جبکہ اس کے بعد انا کی بھوک تک مر گئی تھی

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

غازان" مسز نثار نے اسے پکارا"

جی مام ؟" وہ جو لان میں کافی پیتے چہل قدمی کر رہا تھا اچانک رکا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

”تم نے ایسا کیوں کیا غازان یہ جانتے ہوئے بھی کہ تم اپنا وعدہ کبھی بھی پورا نہیں کر سکوں گے تم نے ایساوعدہ کیوں کیا تاشہ سے ؟“ وہ

”تاشہ سو گئی ؟“ اس نے سوال کیا

”یہ میرے سوال کا جواب نہیں ہے غازان“ وہ جھنجھلائی

”آپ کو کس نے کہاں کہ میں وعدہ پورا نہیں کر سکوں گا۔۔۔۔ تاشہ کو رستم چاہیے اور رستم تاشہ کو ملے گا“ غازان مضبوط لہجے میں بولا

”مگر کیسے غازان، کیا تم رستم کو نہیں جانتے“ انہوں نے آگاہ کیا

مگر آپ مجھے نہیں جانتی مام۔۔۔ ہر انسان کی ایک کمزوری ہوتی ہے۔۔۔۔۔ رستم کی بھی ہے مجھے تو بس اسکا استعمال کرنا ہے“ غازان مکار ہنسی ہنستے بولا تو مسز نثار بھی مسکرا دی

”تمہارا مطلب انا؟“ وہ چہکی

”نو مام انا اسکی کمزوری نہیں اسکی طاقت ہے مام۔۔۔۔ میرا مطلب ہے زرقہ“ غازان کی آنکھوں سے شعلے نکل رہے تھے

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

زرقہ۔۔۔۔۔زرقہ کیسے؟" وہ حیران ہوئی"

کم آن مام رستم سب سے چھپا سکتا ہے مگر مجھ سے نہیں۔۔۔۔۔۔اگر رستم کی کوئی کمزوری ہے تو وہ" ہے اسکی چھوٹی بہن زرقہ۔۔۔۔۔۔یاد نہیں آپکو کمینے نے کیسے اسے اس کلب والے سین سے بچالیا تھا۔۔۔۔۔رستم کی صرف ایک کمزوری ہے اور وہ ہے زرقہ شیخ۔۔۔۔۔انا کبھی بھی رستم کی کمزوری نہیں بنی۔۔۔۔۔"

اور یہ بات تمہیں کیسے پتہ؟" انہوں نے آنکھیں چھوٹی کیے پوچھا"

اپنے اپنے سورسز مام" وہ مسکرایا"

خیر جو بھی ہے زرقہ کی وجہ سے رستم کیسے تاشہ کو اپنائے گا؟" انہیں ابھی بھی کچھ سمجھ نہیں آیا"

کیوں نہیں اپنائے گا۔۔۔۔۔بہن کا گھر بچانے کے لیے بھائی اتنی قربانی تو دے سکتا ہے نا؟" غازان" ہنس کر بولا

مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہا غازان" وہ سخت جھنجھلائی"

بس آپ اپنے بیٹے کی شادی کی تیاریاں شروع کرے مام۔۔۔۔۔غازان نثار انصاری ویڈز زرقہ شیخ" کی نیوز بہت جلد پھیلنے والی ہے" وہ مکروہ مسکراہٹ سجائے بولا تو مسز نثار نے آنکھیں بڑی کیے حیرت سے اسے تکا

تمہارا دماغ تو خراب نہیں ہو گیا غازان کیا بکواس کر رہے ہوں یہ جانتے ہوئے بھی کہ تمہاری اور" زرقہ کی شادی نہیں ہو سکتی۔۔۔۔نا قانونی طور پر اور نا اسلامی طور پر پھر بھی تم نے ایسا سوچا؟" انہیں دھچکا ہی تو لگا تھا

قانونی طور پر نہیں ہو گی ایسا تو تب ہو گا نا جب قانون کو سچ معلوم ہو گا اور اسلامی طوررر پر۔۔۔۔۔" آپ فکر مت کرے اللہ کو منانا کونسا مشکل کام ہے" وہ انکا کندھا تھپتھپائے سیٹی بجاتے وہاں سے چلا گیا جبکہ مسز نثار کو چار سو چالیس والٹ کا جھٹکا لگ چکا تھا

---------

سر آپ سے ملنے مسٹر غازان انصاری آئے ہے" نوید شیخ کے پی۔اے نے انہیں انفارم کیا۔۔۔۔۔" غازان کا نام سنتے ہی انکے ماتھے پر انگنت بل آ گئے۔۔۔۔۔یہ نام جب بھی آتا کوئی اچھی خبر لیکر نہیں آتا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

ہم بھیج دوں اندر۔۔۔۔۔‘‘انہوں نے اجازت دی’’

گڈمارننگ ڈیڈ!!‘‘شوخ ساغازان ان کے سامنے آبیٹھا جبکہ انہوں نے غصے سے اسے گھورا’’

ارے یہ کیا اُس کا بیٹا آیا ہے اور آپ اسے گھور رہے ہے۔۔۔۔بیڈ مینرز ڈیڈ‘‘وہ ٹیبل پر اانگلیاں بجاتے بولا’’

تم یہاں کیوں آئے ہوں۔۔۔دفع ہو جاؤ‘‘وہ چلائے’’

اوہ اوہ۔۔۔۔تمیز سے مسٹر نوید۔۔۔۔۔۔مت بھولو کہ تمہارے سامنے کوئی ایرا غیرہ نہیں بلکہ تمہارا بیٹا بیٹھا ہے‘‘غازان سخت لہجے میں بولا’’

کیا چاہیے؟‘‘وہ جانتے تھے کہ اسے ضرور جچھ چاہیے۔۔۔۔ان کے پوچھنے پر غازان ہنسا’’

کتنے اچھے سے جانتے ہے نا آپ مجھے۔۔۔۔تو سنے مجھے زرقہ چاہیے‘‘ٹیبل پر تھوڑا آگے کو جھکتے وہ بولا’’

کیا بکواس ہے یہ!!‘‘وہ اپنی جگہ سے اٹھ کر دھاڑے’’

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

"بکواس نہیں حقیقت ہے۔۔۔۔۔۔بکواس تو تب ہوتی جب میں اسکا ایک رات کا سودا کرتا بلکل ویسے جیسے آپ نے میری ماں کا کیا تھا" غازان کی آنکھیں لال ہو چکی تھی۔۔۔۔۔اسکے تیور نوید شیخ کو ڈرا رہے تھے۔۔۔۔۔اچانک ہی انہیں سانس لینے میں دشواری محسوس ہوئی تو انہوں نے اپنی ٹائی کی ناٹ ڈھیلی کی

"میں تو بس آپ کی بیٹی کا ہاتھ مانگنے آیا ہوں۔۔۔۔اپنے لیے۔۔۔۔۔یقین مانے بہت خوش رکھو گا اسے" وہ ہنستے بولا

"ایسا کبھی نہیں ہو گا۔۔۔۔۔ہرگز نہیں ہوش میں تو ہوں۔۔۔۔۔وہ رشتے میں بہن لگتی ہے تمہاری" وہ دھاڑے

"آواز نیچی شیخ صاحب۔۔۔۔۔۔میں تو بلکل ہوش میں ہوں مگر آپ اپنے ہوش گنوا چکے ہے۔۔۔۔کیونکہ جہاں تک مجھے یاد ہے کہ میں ایک انصاری، زرقہ شیخ تو ہم بہن بھائی کیسے ہوئے۔۔۔۔۔۔اب پلیز یہ مت کہیے گا کہ اسلام میں سب مسلمان آپس میں بہن بھائی ہے۔۔۔۔۔یہ کہی نہیں لکھا اسلام میں" وہ مزاق کرتے بولا

"جو مرضی بک لو مگر ایسا ہرگز نہیں ہو گا" وہ چیخے

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

ٹھیک ہے پھر آپ نے میرے لیے کوئی اور آپشن بھی نہیں چھوڑا۔۔۔۔۔۔ آپ کے پاس صرف" رستم کے ولیمے تک کا وقت ہے۔۔۔۔۔ جواب سوچ کر رکھے۔۔۔۔۔۔۔ اور اگر جواب میری مرضی کے خلاف ہوا تو بہت جلد آپکی اور میری ڈی۔ این۔ اے رپورٹس پوری میڈیا میں نشر ہو جائے گی اور پھر جو حال آپکا رستم کرے گا اس سے تو ہم سب واقف ہیں۔۔۔۔ کیوں صحیح بولا نا میں نے" میٹھے لہجے میں انہیں وارننگ دیتے وہ بولا اور کمرے سے باہر نکل گیا

نوید شیخ نے غصے سے اسکی پیٹھ کو دیکھا۔۔۔۔۔ غازان بھی ان کی رنگین راتوں میں سے ایک رات کے بعد کا گناہ تھا جو اب انکی جان کا دشمن بن گیا تھا

مسز نثار غازان کی ماں ایک بہت خوبصورت عورت تھی جس پر ہر مرد دل ہار دیتا مگر وہ لوکلاس فیملی سے تعلق رکھتی تھی۔۔۔۔۔۔ جوانی کا جوبن اور پھر کچھ اپنی خوبصورتی کا احساس۔۔۔۔۔ انہون نے بہت جلد نثار انصاری کو اپنی خوبصورتی کے جال میں پھنسالیا تھا جو کہ عمر میں ان سے بیس سال بڑے تھے۔۔۔۔ اور شکل وصورت بھی عام ہی تھی۔۔۔۔۔ نثار سے شادی کے بعد مسز نثار ہر پارٹی کا ایک اہم موضوع ہوتی ایسی ہی ایک پارٹی میں انکی ملاقات نوید شیخ سے ہوئی جن کی آنکھوں میں انکی خوبصورتی کو دیکھ کر عجیب سی چمک در آئی جس سے مسز نثار بھی آشنا ہو گئی تھی۔۔۔۔۔ نثار انصاری کے ساتھ نکاح میں ہوتے ہوئے بھی انکا افیئر نوید شیخ کے ساتھ شروع ہوا۔۔۔۔۔۔ جب بھی نثار

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

انصاری بزنس کے کسی کام کے سلسلے میں ملک سے باہر ہوتے تو وہ دن نوید شیخ کے ساتھ گھومنے میں اور راتیں راشن کرنے میں بتائی جاتی اور اب غازان ایسی ہی ایک رات کا نتیجہ تھا۔۔۔۔۔ نثار انصاری تو مرتے دم تک اس بات سے نا آشنا تھے کہ غازان انکا بیٹا نہیں۔۔۔۔۔ مگر غازان کو یہ بات معلوم ہو چکی تھی۔۔۔۔ اس نے جب اپنی ماں سے سوال جواب کیے تو انہوں نے نہایت ہوشیاری سے سارا الزام اپنے مرحوم شوہر اور نوید شیخ پر ڈال دیا جس کی وجہ سے غازان کو اس شخص سے نفرت ہونے لگ گئی جس نے اسکی ماں کی عزت کو چند پیسوں کے عوض تولا تھا

نوید شیخ کو اب اپنی عیاش زندگی کی یادیں آتی تو خود پر غصہ آتا۔۔۔۔۔ کاش کہ وہ اپنی جوانی کی یہ راتیں کسی کوٹھیں پر روشن کرتے، جیسا اب کرتے تھے۔۔۔ ہاں یہ سچ ہے۔۔۔۔۔ نوید شیخ کی عیاش فطرت اب بھی نہیں بدلی تھی۔۔۔۔۔ وہ اس عمر میں بھی کوٹھے پر جاتے تھے۔۔۔۔۔ ڈر انہیں غازان کا نہیں تھا بلکہ رستم کا تھا۔۔۔۔۔ یہ وہ رستم نہیں تھا جسے وہ کنٹرول کیا کرتے تھے ۔۔۔۔ بلکہ یہ رستم اب انہیں کنٹرول کرتا تھا۔۔۔۔۔۔

نوید شیخ بہت دیر تک سوچتے رہے مگر جب کسی نتیجے پر پہنچ نہیں پائے تو اپنی گاڑی کی چابی لیے وہ پھر اپنا پورا دن ایک کوٹھے پر بتانے چلے گئے۔۔۔۔۔ اس بات سے بے خبر کہ وہ کسی کی نظروں کی زد میں تھے

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

بیڈ موو۔۔۔۔۔۔ڈیڈ ڈڈ ڈ" انکے پیچھے اپنی گاڑی لگائے غازان ہنس کر خود سے بولا۔۔۔۔۔اسے" معلوم تھا کہ یہ راستہ کس طرف جاتا تھا

اب تو پکا کوئی نا کوئی بریکنگ نیوز ضرور بنے گی۔۔۔۔ آئے بڑے عزت دار۔۔۔"غازان غصے" بڑبڑایا

اسے وہ دن یاد آیا جب وہ ان کے پاس اس امید سے آیا تھا کہ وہ اسکی ماں سے انکار کر لے اور اپنی غلطی کو سدھار کر غازان کو اپنا بیٹا مان لے۔۔۔۔۔۔ مگر وہ نا صرف اس پر ہنسے بلکہ اسے ایک گندہ خون کہہ کر دھتکار بھی دیا اور یہ بھی کہ وہ ایک عزت دار آدمی ہے۔۔۔۔۔۔۔اور غازان جیسے گند کے پوٹلے سے انکا کوئی تعلق نہیں۔۔۔۔۔۔

غازان کو رستم سے نفرت تھی کہ ہر وہ چیز جس پر وہ برابر کا حق رکھتا تھا رستم اسکا اکیلا وارث بنے بیٹھا تھا

اور اب یہ انتقام کی آگ ہر کسی کو جھلسا دینے کے در پر تھی۔

-----------

آج مسز نثار آئی تھی ملنے۔۔۔۔"کھانے کی ٹیبل پر ہمدہ نے نوید شیخ کو بتایا جس پر وہ چونک اٹھے"

کیوں؟ خیریت؟" وہ اپنی ہڑبڑاہٹ پر قابو پاتے بولے"

ہاں۔۔۔۔وہ دراصل وہ آئی تو مجھ سے ملنے تھی مگر مجھے انکے ارادے کچھ اور ہی لگتے ہیں" ہمدہ بیگم" ہلکا سا مسکرائی

کیسے ارادے؟" پانی کا گھونٹ بھرتے نوید شیخ نے پوچھا"

وہ زرقہ کے بارے میں پوچھ رہی تھی۔۔۔۔کافی انٹرسٹ بھی شو کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔مجھے لگتا" ہے وہ غازان کے لیے زرقہ کا رشتہ مانگنا چاہتی ہے" ہمدہ بیگم کی مسکراہٹ قائم تھی۔۔۔

انہیں غازان زرقہ کے لیے برا نہیں لگا تھا۔۔۔۔آخر کو وہ رستم کا بہترین دوست تھا۔۔۔۔۔۔۔

آپ کا خیال ہے؟" انہوں نے نوید شیخ سے پوچھا جو کسی اور ہی دنیا میں پہنچے ہوئے تھے"

اس سے پہلے وہ کوئی جواب دیتے انکے موبائل پر ایک تصویر آئی اور ساتھ ہی ویڈیو بھی۔۔۔۔ انہوں نے تصویر دیکھی تو زمین و آسمان گھومتے ہوئے محسوس ہوئے۔۔۔وہ انکی تصویر تھی ایک رقاصہ کے ساتھ۔۔۔بغیر دیکھے ہی وہ جانتے تھے کہ اس ویڈیو میں کیا تھا

امید ہے یہ تصویر اور ویڈیو آپ کو فیصلہ کرنے میں آسانی دے گی" غازان کا میسج پڑھ کر ان کے" ماتھے پر پسینے کی ننھی بوندیں چمکنے لگی تھی

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

نوید؟" ہمدہ نے انہیں ہلایا"

ہا۔۔۔ہاں۔۔۔۔۔کیا کہہ رہی تھی تم؟" وہ ہکلاتے بولے"

وہ میں کہہ رہی تھی کہ مسز نثار آنا چاہتی ہے اپنی فیملی کے ساتھ ڈنر پر" ہمدہ بیگم نے جواب دیا"

ٹھیک ہے بلالوں انہیں" نوید شیخ ہلکی آواز میں بولے اور کھانا ختم کرنے کے فورا بعد کمرے میں چلے" گئے

رستم کی شادی کے فورا بعد دعوت دوں گی انہیں" ہمدہ بیگم خود سے پلان بنائے خوش ہوئی"

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عامر کون ہے؟" کھانے کی ٹیبل پر آمنے سامنے بیٹھے رستم نے انا سے پوچھا جس کے ہاتھ کانپنے لگے"

وہ۔۔۔۔۔" چمچ نیچے رکھے دونوں ہاتھ کو آپس رگڑے، زبان ہونٹوں پر پھیرے اس نے رستم کو" دیکھا، جو آنکھیں چھوٹی کیے اسے گھور رہا تھا

عامر ایک نیوز رپورٹر ہے۔۔۔۔میری اور اسکی ملاقات ایک کیس کے دوران ہوئی"
تھی۔۔۔۔۔۔ایک بار جب میں جاب سے واپس آرہی تھی تو مجھے ایک لڑکی ملی تھی بیچ راستے میں، وہ

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

بہت زیادہ گھائل تھی۔۔۔۔۔۔میں اسے ہوسپٹل لیکر گئی تھی اور پھر وہاں سے پولیس کیس شروع ہوا۔۔۔۔۔۔اس لڑکی کو بہت زیادہ مقدار میں ڈرگز دی گئی تھی۔۔۔۔۔اسکا کیس عدالت میں چلا تھا اور عامر تب نیوز رپورٹر تھا۔۔۔چونکہ میں گواہ تھی تو مجھ پر بھی بہت بار حملہ ہوا تھا اسی لیے عامر نے میری مدد کی تھی اور ہم اچھے دوست بن گئے۔۔۔"انا نے اپنی بات ختم کی

صرف اچھے دوست؟"رستم کی آنکھیں ابھی بھی چھوٹی تھی"

ہاں صرف اچھے دوست"انا نے سر اثبات میں ہلایا"

اوکے پرنسز۔۔۔رات بہت ہوگئی ہے تمہیں آرام کرنا چاہے ویسے بھی پھر ایک دفعہ شادی کے" فنکشن شروع ہوگئے تو تم آرام نہیں کر پاؤ گی"رستم اسکا سر تھپتھپاتا وہاں ست چلا گیا

انا اسکے اتنے جلدی چلے جانے پر سکون میں آگئی

--------

بہادر خان!!"رستم نے سٹڈی کی جانب جاتے بولا"

جی ماسٹر؟"بہادر خان بھی ساتھ چلنے لگا"

مجھے اس عامر کی پوری فائل چاہیے۔۔۔۔ساری ہسٹری نکالو اس کی" رستم کی آنکھیں سرد تھی"

جو حکم ماسٹر" بہادر خان نے سر جھکایا"

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

پرنسز!!" رات کے بارہ بجے تھے۔۔۔۔ نیند انا کی آنکھوں سے کوسوں دور تھی۔۔۔۔ جب رستم" اسکے کمرے میں داخل ہوا

انا اسے دیکھ کر ایک پل کو چونکی۔۔۔۔۔۔ اسکی آنکھوں میں پھیلتا ڈر رستم سے مخفی نہ تھا۔۔۔۔

وہ یہ تمہارے لیے" اسکی جانب ایک ڈبہ بڑھائے رستم بولا"

یہ کیا ہے؟" انا نے حیرانگی سے پوچھا"

خود دیکھ لو" انا نے اسے کھولا تو اس کے اندر نئے ماڈل کا موبائل تھا"

یہ میں اسکا کیا کروں گی؟" انا نے حیرت سے پوچھا"

کیا مطلب کیا کروں گی۔۔۔۔ باتیں کرنا" رستم ہلکا سا ہنس کر بولا"

کس سے" انا بھی ہلکا سا ہنسی"

مجھ سے" رستم بولا تو انا نے چونک کر اسے دیکھا"

آ ااا میں چلتا ہوں گڈ نائٹ" رستم شرمندہ سا فوراً کمرے سے نکلا"

کیا یہ واقعی میں رستم تھا۔۔۔ رستم شیخ ؟" انا مسکراہ کر خود سے بولی اور کندھے اچکا دیے"

----------

زرقہ !!" اسے باہر کی جانب جاتے دیکھ کر ہمدہ بیگم نے پکارا"

جی مام ؟" زرقہ ان کے پاس آئی"

بیٹا کہی جا رہی ہوں ؟" انھوں نے اسکی تیاری دیکھتے پوچھا اور چائے کا کپ ٹیبل پر رکھ دیا"

جی وہ شاپنگ پر۔۔۔" اسنے جواب دیا"

اچھا!! چلو یہ تو بہت اچھی بات ہے۔۔۔۔۔ رستم کی کال آئی تھی وہ چاہتا ہے کہ تم اور میں انا کی مہندی اور ولیمے کا ڈریس خریدے، بارات کا وہ لے آیا ہے۔۔۔۔ تمہارا کیا خیال ہے ؟" انھوں نے زرقہ سے پوچھا"

شیور مام کیوں نہیں "زرقہ کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں تھا۔۔۔اسکا مطلب وہ انا سے مل کر ساری بات کلئیر کر سکے گی

"ٹھیک ہے پھر بس ہم دونوں جائے گے اور۔۔۔۔۔۔"

ایک منٹ مام میں اور آپ سے کیا مطلب۔۔۔۔انا نہیں جائے گی؟"اس نے انکی بات کاٹتے پوچھا"

نہیں رستم نے کہاں ہے کہ صرف ہم دونوں جائے "ہمدہ بیگم کپ لبوں کو لگائے بولی"

مام آپ بھائی سے کہیے نا انا کو ابھی ہمارے ساتھ بھیج دے۔۔۔۔میرا مطلب ہے کہ ہم ڈریس لے آئے اور انا کو پسند نہیں آئے تو؟اچھا ہے ناوہ بھی ساتھ چلے۔۔۔۔۔۔اور پھر بھائی کو تو آپ جانتی ہے اگر انا کو ڈریس پسند نہیں آئی تو کوئی بھروسہ نہیں کہ وہ پورے مارٹ کو آگ لگادے"زرقہ نے بات مکمل کی تو ہمدہ بیگم سوچ میں پڑ گئی

ہمم۔۔۔کہہ تو تم بلکل ٹھیک رہی ہوں۔۔۔۔سہی میں بات کرتی ہوں رستم سے "یہ کہتے ہی انہوں نے اپنا موبائل اٹھایا

-------

پرنسز!!"رستم نے اسے پکارا جو کسی سوچ میں گم تھی"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

"جج۔۔۔جی؟" انا چونکی

"مام کی کال آئی تھی تمہاری مہندی اور ولیمے کا ڈریس خریدنا ہے تو اس لیے تم ان کے ساتھ چلی جانا""

رستم نے اسے بتایا

"آپ نہیں آئے گے؟" بولتے ہی انا نے زبان دانتوں تلے دبالی جبکہ رستم نے مسکرا کر اسے دیکھا

"تو تم چاہتی ہوں کہ میں جاؤں؟" رستم نے مسکراہ کر اس سے پوچھا

"ہا۔۔۔میرا مطلب نہیں" نظریں نیچی کیے اس نے جواب دیا

رستم تو بس مسکرائے اسے دیکھے جارہا تھا۔۔۔۔۔۔۔اسکی تھوڑی سی نرمی اور انا اس کے ساتھ نارمل ہو گئی تھی

"ماسٹر گاڑی آگئی ہے" بہادر خان بولا تو انا نے نظریں پھیر لی اسے بہادر خان سے انجانا سا خوف آتا تھا

"ٹھیک ہے تم جاؤ" رستم نے جب انا کی حالت دیکھی تو اسے بھیج دیا

"پرنسز تم تیار ہو جاؤں مام آگئی ہے" رستم اسکی جانب دیکھتے نرمی سے بولا

"میں تیار ہوں" انا نے جواب دیا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

اچھا چلو پھر یہ لے لو" رستم نے اسکی جانب کارڈ بڑھایا"

یہ ؟" انا نے حیرت سے کارڈ پکڑا"

تم نے شاپنگ کرنی ہے۔۔۔۔۔۔ میری ہونے والی بیوی ہوں تم۔۔۔۔ میرے پیسے پر حق ہے "

تمہارا" رستم بولا تو انا نے ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ وہ کارڈ پکڑ لیا

رستم اتنا بھی برا نہیں اگر وہ اسے ایک موقع دے تو۔۔۔۔ یہ سوچ انا کے دماغ میں آئی

ایک مسکراہٹ رستم کی جانب اچھالتے وہ پرس میں اپنا موبائل اور کارڈ ڈالے باہر کی جانب نکل گئی

السلام علیکم آنٹی!!" گاڑی کی بیک سیٹ پر بیٹھتے وہ بولی۔۔"

وعلیکم السلام انا بچے کیسی ہوں ؟" انہوں نے محبت سے پوچھا"

بلکل ٹھیک آنٹی" انا ہلکا سا مسکرائی"

کیسی ہوں انا؟" ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھی زرقہ نے پوچھا"

انا کے مسکراتے لب سکڑے۔۔۔۔

ٹھیک ہوں" اسکے بعد پورے راستے کوئی بات نہیں ہوئی۔۔۔"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

----------

شاپنگ مال پہنچ کر زرقہ نے بہت دفعہ انا سے بات کرنے کی کوشش کی مگر انا نے اسکی ایک نہیں سنی۔۔۔۔۔زرقہ نے اسے تکلیف دی تھی۔۔۔۔اسکا دل دکھایا تھا۔۔۔

بچیوں بات سننا!!" ہمدہ بیگم جن کو کال آئی تھی وہ موبائل بند کیے انکی طرف آئی"

جی؟" دونوں نے بیک وقت پوچھا"

زرقہ انا مجھے نوید کی کال آئی ہے، انکی کوئی پارٹی ہے میرا وہاں موجود ہونا ضروری ہے تو مجھے جلدی گھر جانا ہے۔۔۔ڈریسز تو ہم نے خرید لیے ہیں۔۔۔۔بس جیولری اور سینڈلز رہ گئے ہیں وہ تم دونوں دیکھ لینا میں چلتی ہوں ٹھیک ہے" تیزی میں انہیں انفارم کیے وہ وہاں سے نکل گئی"

پہلے تو ہمدہ بیگم کی وجہ سے زرقہ بات نہیں کر پارہی تھی مگر اب وہ دونوں اکیلی تھی بات کر سکتی تھی

انا!!" اس سے پہلے زرقہ منہ کھولتی کسی نے پکارا"

عامر؟" اسے دوبارہ دیکھ کر انا چونکی"

کیسی ہوں۔۔۔۔۔۔۔ارے زرقہ تم کیسی ہوں" انا کے ساتھ ساتھ زرقہ کو دیکھ کر وہ حیران ہوا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

میں ٹھیک ہوں تم کیسے ہوں عامر؟"زرقہ جبرا مسکرایا"

ٹھیک۔۔۔۔۔۔تم دونوں یہاں؟"اس نے آبرو اچکائے پوچھا"

ہاں وہ انا کی شادی کی شاپنگ"زرقہ نے جواب دیا"

تو انا نے تمہیں انوائیٹ کیا مگر مجھے نہیں۔۔ہمم"عامر تھوڑا ناراض سا ہوتا بولا"

"ایسی کوئی بات نہیں عامر۔۔۔"

ہاں ایسی کوئی بات نہیں عامر۔۔۔۔انا نے مجھے بھی نہیں بلایا وہ تو بس میں رشتے میں اسکی نند بن گئی"

ہوں"زرقہ انا کی بات کاٹتے بولی

اوہ تو ایسا ہے"عامر نے انا سے پوچھا تو انا نے سر اثبات میں ہلا دیا"

اچھا عامر اب ہم چلتے ہیں۔۔۔۔ہمیں دیر ہو رہی ہے"زرقہ انا کا ہاتھ تھامے مڑی"

ایک منٹ انا"عامر نے پکارا"

جی؟"انا نے منہ پیچھے کیا پوچھا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

وہ تمہارا نمبر ملے گا؟ مینز کے ویسے ہی ہم دوست ہے نا۔۔۔ دوست کی حیثیت سے؟" عامر نے"
زرقہ کی گھورتی نگاہوں کو اگنور کیا

شیور" انا ہلکا سا مسکرائی۔۔۔۔"

عامر اسکا دوست تھا وہ اسے چھوڑ تو نہیں سکتی تھی صرف اسی وجہ سے کہ اسنے انا سے شادی کی خواہش ظاہر کی تھی

تھینکیو۔۔۔" نمبر ملتے ہی عامر وہاں سے چلا گیا جبکہ زرقہ اسکی پشت کو گھورتی رہی۔۔۔۔ اسے" عامر پر یقین نہیں تھا

"انا۔۔۔۔۔"

زرقہ پلیز میرے سر میں درد ہے اور مجھے گھر جانا ہے" انا اسکی بات بیچ میں کاٹتے بیزار سی بولی تو زرقہ" نے لب بھینچ لیے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

پیلے رنگ کا گھٹنوں تک آتا فراک پہنے۔۔۔۔۔بالوں کی فرنچ چوٹی بنائے اسے دائیں کندھے پر ڈالے۔۔۔۔۔پھولوں کی جیولری پہنے اور سر پر ڈوپٹا جمائے وہ ہلکے میک اپ میں بھی دلکش لگ رہی تھی

وہ واقعی سادہ تھی۔۔۔کچھ خاص خوبصورت نہیں تھی مگر رستم کے لیے وہ سب سے زیادہ حسین تھی

انا بیٹا ریڈی ہوں ؟" ہمدہ بیگم نے اس سے پوچھا"

جی" اس نے سر اثبات میں ہلایا"

چلو آجاؤں پھر رسم شروع کرے" زرقہ اور چند اور لڑکیاں انا کو ڈوپٹے کے سائے تلے باہر لان میں" لے آئی تھی جہاں مہندی کا فنکشن رکھا گیا

رستم کمبائن مہندی چاہتا تھا مگر ہمدہ بیگم نے اسے صاف منع کر دیا تھا۔۔۔۔۔۔حتی کے انا اور رستم کو پچھلے تین دنوں سے ملنے بھی نہیں دیا گیا تھا۔۔۔انا جتنا پرسکون تھی رستم اتنا ہی بے چین۔۔۔

پھولوں کے جھولے پر بٹھائے اس پر اچانک لال ڈوپٹا اوڑھ دیا گیا تھا جس پر انا حیران ہوئی

یہ۔۔۔یہ ؟" اس سے پہلے انا کچھ بول پاتی ہمدہ بیگم نے اسکے پاس بیٹھے اسکا ہاتھ تھام لیا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

کچھ نہیں سب کچھ ٹھیک ہے" ہمدہ بیگم نے اسے نارمل کیا"

تبھی نکاح خواں انا کے سامنے آبیٹھا

انا کا رواں رواں کانپ رہا تھا۔۔۔ اسنے نیٹ کے ڈوپٹے کے نیچے سے نظریں اٹھائے ہمدہ بیگم کو دیکھا اور پھر سر اقرار میں ہلائے اس نے نکاح نامے پر سائن کر دیا تھا

اس نکاح نامے سے جتنا دھچکا انا کو لگا تھا اس سے زیادہ تاشہ کو لگا تھا۔۔۔۔۔ تاشہ کو یقین تھا کہ وہ نکاح نامہ جو رستم نے دکھایا تھا وہ نقلی تھا۔۔۔۔ مگر اب سب کے سامنے ہوئے اس نکاح کو کوئی نہیں جھٹلا سکتا تھا۔۔۔۔

تاشہ جل رہی تھی۔۔۔۔ غازان نے وعدہ کیا تھا کہ انا اور رستم کی شادی نہیں ہو پائے گی۔۔۔ اس نے وعدہ کیا تھا کہ برات والے دن نکاح ہونے سے پہلے ہی وہ ایسی نیوز میڈیا کو دے گا کہ رستم اپنی شادی کو بھول جائے گا مگر یہاں تو سب کچھ ہاتھوں سے نکلتا محسوس ہو رہا تھا

--------

نکاح کے فورا بعد رستم کو وہاں لایا گیا تھا جو کہ سفید شلوار قمیض کے ساتھ کالا واسکوٹ پہنے یونانی بادشاہ لگ رہا تھا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

اسکے دونوں جانب اسکے دوست کھڑے تھے

مہندی کے سوٹ کے ڈوپٹے سے انا کا پردہ کر دیا گیا تھا جس پر رستم کو غصہ آیا تھا مگر وہ چاہتا تھا کہ اسکی شادی میں تمام رسومات ہوں اسی لیے وہ چپ رہا۔۔

رستم کو انا کے ساتھ لا کر بٹھایا گیا تھا جب اسے انا کا نپتی محسوس ہوئی

ششش ریلیکس پرنسز۔۔۔۔ ریلیکس سب کچھ ٹھیک ہے" اسکے ہاتھ پر اپنا ہاتھ جمائے رستم بولا"

اس بار انا نے ہاتھ نہیں کھینچا تھا۔۔۔ کیونکہ اب ان میں ایک رشتہ تھا

ٹھیک ہوں؟" رستم نے ہلکے سے پوچھا۔۔۔ انا نے سر اثبات میں ہلا دیا"

بہت خوش لگ رہے ہوں رستم شیخ" اپنے اندر کی جلن کم نہیں ہو پائی تو تاشہ اسکے پاس چلی آئی"

الحمداللہ!!" رستم جھولے سے ٹیک لگائے ایک بازو انا کے کندھے پر رکھے بولا"

زیادہ دیر خوش نہیں رہوں گے تم دونوں" تاشہ لال آنکھوں سے انا کو گھورتے بولی"

اچھا اور تمہیں کیسے پتا۔۔۔ تم کیا ہوں۔۔۔ کوئی انتریامی؟" رستم نے اسکا مزاق اڑایا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

میری بد دعا لگے گی تمہیں رستم۔۔۔۔ جیسے مجھے میری محبت نہیں نا ملی تمہیں بھی نہیں ملے گی۔۔۔۔۔۔ تڑپو گے تم بھی۔۔۔۔ تم بھی جلو گے قربت کی اس آگ میں۔۔۔ تم دونوں کو کوئی خوشی نصیب نہیں ہو گی۔۔۔ برباد ہو گے تم دونوں" تاشہ دانت پیستے ہلکی آواز میں بولی

ہو گیا۔۔۔ تو اب جاؤ" رستم اسکی بات کا مزاق اڑاتے بولا۔۔۔ جبکہ انا کا دل اسکی بد دعا سن کر دہل گیا

کیا ابھی اسے اور بھی برباد ہونا تھا؟ انا صرف سوچ سکی

تاشہ وہاں سے غصے سے واک آؤٹ کر گئی۔۔۔ جبکہ تمسخرانہ نگاہ اس پر ڈالتے رستم انا کی طرف متوجہ ہوا جو دوبارہ سے کانپنا شروع ہو گئی تھی اور نظریں تاشہ کی پیٹھ کی جانب تھا

یا اللہ خیر !!" انا صرف یہی دعا کر سکی"

اس سارے ہنگامے میں کمرے میں موجود انا کا موبائل بجتے بجتے بند ہو گیا

انا پک اپ دا کال !!" عامر بار بار کال کرتا جھنجھلایا"

انا کال اٹھاؤ۔۔۔۔ کال اٹھاؤ انا تم بہت بڑی مصیبت میں ہوں۔۔۔ پلیز انا" عامر ادھر ادھر ٹہلتے بولا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

اسکی حفاظت کرنا میرے مولا" عامر بس اتنا کہہ پایا"

-------

"ہیلوہاں بولوں؟ نہیں ابھی کام نہیں ہوا۔۔ نہیں ابھی نہیں۔۔۔ بس تھوڑی دیر میں سب چلے جائے گے۔۔۔ رسم ختم ہوتے ہی میں اپنی گیم شروع کروں گا۔۔ نہیں اسکی فکر مت کرلوں وہ کچھ نہیں کر سکتا۔۔ ہاہاہا۔۔۔ تم ٹینشن مت لوں ہاں کھانا ہو جائے گا سب" کال بند کرتے ہی وہ وجود روشنی میں آیا اور سب مہمانوں میں گھل مل گیا تھا

"تمہاری خوشیاں بس چند دن کی تھی رستم شیخ اور نہیں" مکار ہنسی ہنستے وہ رستم پر نفرت بھری نظر ڈالے مڑ گیا تھا

---------

ڈیپ ریڈ کلر کا لہنگا پہنے وہ آئینے کے سامنے اپنا عکس دیکھ رہی تھی۔۔۔۔ خوبصورتی سے کیے میک اپ نے اسکو حسین بنا دیا تھا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

آج اسکی زندگی کا ایک اہم دن تھا۔۔۔۔۔اسے شدت سے اپنے ماں باپ کی یاد آرہی تھی۔۔۔۔۔کتنا شوق تھا اسکی ماما کو اسے اپنے ہاتھوں سے سجانے کا، اسکو پاپا کو اسے اپنے ہاتھوں سے رخصت کرنے کا۔۔۔۔۔ان کے بارے میں سوچتے ہی انا کی آنکھیں بھیگ گئیں

نرمی سے آنکھوں سے آنسوؤں کو صاف کرتے اس نے دروازے کی جانب نظریں اٹھائی جہاں زرقہ کھڑی تھی۔۔۔۔۔

اندر آؤں" انا کا لہجہ نرم تھا"

اسکا لہجہ سن کر زرقہ سے قابو نا رہا اور وہ انا کے پاس آتے اسکے گلے سے لگ کر رو دی

آئی ایم سوری انا۔۔۔۔میں نہیں چاہتی تھی کہ ایسا کچھ بھی ہوں۔۔۔۔۔مجھے، مجھے نہیں معلوم تھا کہ" بھائی کی دماغ میں کیا چل رہا ہے۔۔۔۔۔انہوں نے مجھ سے تمہارا نمبر صرف اسی لیے مانگا تھا کہ وہ تم سے ایکسکیوز کرنا چاہتے تھے۔۔۔۔۔انہوں نے، انہوں نے تمہارا ٹائم ٹیبل اسی لیے پوچھا تھا کیونکہ انہوں نے کہاں کہ وہ خود تم سے جا کر معافی مانگے گے کیونکہ تم انکی کالز کاٹ دیتی ہوں۔۔۔۔۔میں نہیں جانتی تھی کہ ایسا کچھ ہو جائے گا انا۔۔۔۔مجھے نہیں معلوم تھا کہ بھائی مجھے لندن کیوں بھیجوانا چاہتے ہے۔۔۔۔۔انہوں نے کہاں کہ تم لندن جا رہی ہوں۔۔۔۔میں نے بھی کچھ نہیں پوچھا انا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

بھائی کا کہا کبھی نہیں ٹالا میں نے۔۔۔۔۔۔۔۔ نہیں معلوم تھا کہ یہ سب۔۔۔ یہ سب ہو جائے گا"

زرقہ روتے ہوئے بولی تو انا کی آنکھیں پھر سے بھیگ گئیں

ششش۔۔۔۔ بس زرقہ میں نے تمہیں معاف کیا۔۔۔۔۔۔ میں غصہ تھی بس تم پر۔۔۔۔۔ مگر اب وہ بھی ختم ہو گیا۔۔۔ میں جانتی ہوں کہ تم میری دوست ہوں اور کبھی بھی میرے ساتھ کچھ غلط نہیں ہونے دوں گی۔۔۔۔۔۔ مجھے سمجھنا چاہیے تھا کہ تم مجھے اس مشکل وقت میں۔۔۔۔۔ اس تکلیف میں چھوڑ نہیں سکتی تھی۔۔۔۔۔ اٹس اوکے زرقہ" انا اسکی کمر تھپتھپاتے بولی تو زرقہ کا رنگ ایک پل کو پھیکا پڑ گیا۔۔۔۔۔۔ اگر وہ انا کو بتا دیتی کہ اس نے واقعی میں اسکی زندگی برباد کر دی ہے تو؟ نہیں وہ ایسا نہیں کر سکتی۔۔۔۔۔۔ چپ رہنا ہی بہتر ہے

اور ویسے بھی میں رستم کو معاف کرنے کے بارے میں سوچ رہی ہوں" انا سپاٹ لہجے سے بولی

زرقہ اسکی بات سن کر کھل اٹھی۔۔۔۔

کیا واقعی میں انا۔۔۔۔ تم نے، تم نے بھائی کو معاف کر دیا۔۔۔ تم انہیں ایک موقع دینا۔۔۔ وہ بہت اچھے ہے۔۔۔ تم سے بہت محبت کرتے ہے۔۔۔۔۔ دیکھنا بہت جلد تمہیں بھی ان سے محبت۔۔۔۔۔"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

ایک منٹ زرقہ میں نے رستم کو موقع اس لیے نہیں دیا کہ مجھے اس سے محبت ہو جائے یا کچھ" اور۔۔۔۔۔۔ یہ موقع میں صرف اپنی کوکھ میں پلتی اولاد کی وجہ سے دے رہی ہوں۔۔۔۔۔ میں نہیں چاہتی زرقہ کہ میرا بچہ بھی اپنے باپ جیسا بنے۔۔۔۔۔ یہ صرف میرے بچے کے لیے ہے۔۔۔۔۔۔ میں کبھی بھی نہیں بھول سکتی جو تمہارے بھائی نے میرے ساتھ کیا۔۔۔۔ جو زخم اس نے میری ذات کو دیے۔۔۔ میری روح تک کو چیر دیا تمہارے بھائی کی حیوانیت نے زرقہ۔۔۔۔۔۔۔ یہ صرف اس بچے کے لیے ہے زرقہ۔۔۔۔۔۔ اور ایسے شخص سے محبت کبھی بھی نہیں کی جا سکتی زرقہ" انا زرقہ کی بات کاٹتے بولی

انا تم پاگل تو نہیں ہو گئی۔۔۔۔۔ تم جانتی بھی ہوں تم کیا بول رہی ہوں۔۔۔ تم زیادتی کر رہی ہوں" اپنے ساتھ انا۔۔۔ تم خود کی زندگی برباد کر رہی ہوں۔۔۔۔۔۔ تمہیں بھائی کے ساتھ کمپرومائز کرنے کی ضرورت نہیں انا۔۔۔ ہم ایسا کرتے ہیں ابھی جا کر مام ڈیڈ سے بات کرتے ہیں۔۔۔۔ انہیں بتاتے ہیں کہ تم ایسا نہیں چاہتی۔۔۔۔۔ تم، تم یہ رشتہ نہیں چاہتی۔۔۔ پلیز انا اپنے ساتھ ایسا مت کروں۔۔۔۔۔۔" زرقہ اس کے دونوں ہاتھ تھامتے بولی

تو کیا کروں۔۔۔ انکار کر دوں اس رشتے سے؟ نکاح ہو گیا ہے زرقہ۔۔۔۔ تمہارے مام ڈیڈ وہ کیا" کر لے گے۔۔۔۔ کیا رستم ان کے کہنے پر چھوڑ دے گا مجھے؟ نہیں زرقہ وہ کبھی نہیں چھوڑے


All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

گا۔۔۔۔۔اور اب جب میں اسکے بچے کی ماں بننے والی ہوں۔۔۔۔۔وہ رستم ہے زرقہ ظلمت کا دوسرا نام۔۔۔۔وہ مجھے مار ڈالے گا مگر چھوڑے گا نہیں۔۔۔۔ تمہی بتاؤں زرقہ کیا کروں میں؟" انا تکلیف دہ لہجے میں بولی

بھاگ جاؤ انا۔۔۔۔"زرقہ سپاٹ لہجے میں بولی"

ہنہ۔۔۔"انا نے حیرانگی سے اسے دیکھا"

ہاں انا بھاگ جاؤ۔۔۔بس یہی ایک راستہ ہے انا۔۔۔۔ورنہ، ورنہ تمہاری پوری زندگی برباد ہو جائے گی۔۔۔۔ چلی جاؤ یہاں سے کہی بہت دور۔۔۔اپنی ایک نئی دنیا شروع کروں انا۔۔۔اگر تمہاری کوکھ میں پلتا وجود ایک لڑکا ہوا تو یاد رکھنا انا اسے دوسرا رستم بننے سے تم کبھی بھی نہیں روک سکوں گی۔۔۔۔ اسی لیے انا چلی جاؤں یہاں سے۔۔۔۔بھاگ جاؤ۔۔۔۔خود کو اور اپنے بچے کو "ایک نئی زندگی دوں انا۔۔۔پلیز

کہاں بھاگو زرقہ بتاؤ مجھے کہاں چلی جاؤں میں۔۔۔۔وہ رستم ہے زرقہ وہ مجھے زمین کے نیچے سے" بھی ڈھونڈ نکالے گا۔۔۔۔۔ نہیں میں ایسا نہیں کر سکتی۔۔۔۔مجھے حالات کے سمجھوتا کرنا ہو گا زرقہ جیسے پہلے کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔سب کو دکھانا ہے کہ انا خوش ہے پر سکون ہے۔۔۔۔۔۔حالانکہ اندر

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

ہی اندر وہ ختم ہو رہی ہے زرقہ۔۔۔۔۔۔اور دیکھنا ایک دن ایسے ہی انا کا پورا وجود ختم ہو جائے گا۔۔۔۔۔اسکی ہستی مٹ جائے گی زرقہ" وہ لہجہ مضبوط بناتے بولی جبکہ زرقہ ضبط کرتے وہاں سے فوراً چلی گئی

مگر وہ دونوں اس بات سے بے خبر تھی کہ کوئی اور بھی تھا جو یہ سب سن اور دیکھ چکا تھا۔۔۔اب بس انتظار تھا تو بس صحیح وقت کا

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

رستم کے نام کی سیج سجائے وہ پھولوں سے سجے اس بستر پر بیٹھی تھی۔۔۔۔آنے والے وقت کا سوچ کر ہی اس کی ہتھیلیاں بھیگ گئیں تھی۔

آج سے اسکی زندگی کا ایک نیا باب شروع ہو رہا تھا۔۔۔۔پچھلے آدھے گھنٹے سے وہ رستم کا انتظار کر رہی تھی۔۔۔۔ایسا نہیں تھا کہ وہ اس رشتے کو لیکر کسی خوش فہمی میں جی رہی تھی مگر شائد تھوڑی بہت امید تو اسے تھی

دروازہ کھلنے کی آواز پر وہ اپنے خوابوں کی دنیا سے باہر نکلی اور سیدھی ہو کر بیٹھی۔۔۔۔بھاری بوٹوں کی آواز اب بیڈ کے بلکل قریب تھی

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

رستم اسکے سامنے بیٹھے اسے یک ٹک دیکھنے لگا۔۔۔۔ جیسے وہ یقین کرنا چاہ رہا ہوں

یقین نہیں آتا" رستم انا کو دیکھ کر بولا"

ہنہ ؟" انا کو اسکی بات سمجھ نہیں آئی"

مجھے یقین نہیں آتا کہ تم میری ہو چکی ہوں۔۔ میرے قریب ہوں۔۔۔۔ مجھے یقین دلا دوں۔۔۔۔۔"

مجھے یقین دلا دوں انا کہ تم واقعی میں میری ہو چکی ہوں" اسکا چہرہ دونوں ہاتھوں سے تھامے وہ خمار آلود لہجے میں بولا

رر۔۔۔۔رستم" انا کو وہ کچھ عجیب سا لگا"

اس سے پہلے انا کچھ بول پاتی رستم نے ایک جھٹکے سے اسکا دوپٹا سر سے کھینچا جس پر انا چیخ اٹھی

رستم !!" انا زور سے چلائی تو رستم ہوش میں آیا"

وہ۔۔۔وہ میں۔۔۔۔ کنٹرول نہیں رکھ پایا۔۔۔۔۔ یہ تمہاری منہ دکھائی" اسکے سامنے ایک ڈبہ رکھتے وہ بولا"

شکریہ" انا صرف اتنا کہہ سکی"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

کھول کر نہیں دیکھو گی؟" رستم دوبارہ سے نرمی سے مسکرایا"

انا کو وہ کچھ زیادہ ہی عجیب لگ رہا تھا۔۔۔ انا نے ناچاراا سے کھولا۔۔۔۔۔ اس میں ڈائمنڈ کا ایک بریسلیٹ موجود تھا۔۔۔ جو اصلی ہیروں کا تھا اور اتنا روشن کے انا کی آنکھیں چندھیاں گئی

اسکی۔۔۔۔ اسکی کیا ضرورت تھی؟" انا اسے ٹیبل پر رکھتے بولی"

یہ تحفہ ہے جو ہر شوہر اپنی بیوی کو دیتا ہے" رستم نے ساتھ ہی بریسلیٹ اٹھایا اور اسکی کلائی میں" باندھتے کلائی پر بوسہ دیا

انا نے جھٹکے سے کلائی کھینچی۔۔۔ رستم نے ضبط سے مٹھیاں بھینچی اور ایک جھٹکے سے انا کو اپنی پناہوں میں لیا۔

آئندہ سے مجھے انکار مت کرنا" یہ کہتے ہی رستم اس پر جھک گیا جبکہ انا خود کو آزاد کروانے کی کوشش" کرنے لگی

رستم نہیں۔۔۔۔ رستم پلیز۔۔۔۔ میں۔۔۔ میں ابھی تیار نہیں ہوں ان سب کے لیے" مگر رستم کو" اس سے سب کچھ لینا دینا نہیں تھا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

تم اب میری بیوی ہوں انا اور اب میں تم پر حق رکھتا ہوں۔۔۔" اسے جواب دیتے رستم اس پر حاوی ہو گیا

----------

صبح انا کی آنکھ کھلی تو دن کے گیارہ بج رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔ کل رات کو یاد کر کے اسکی آنکھیں پھر سے بھیگ گئی۔۔۔۔۔ رستم نے اس سے ایک موقع مانگا تھا اور انا نے اسے دیا۔۔ مگر کل کی رات انا پر یہ ظاہر کر گئی تھی کہ رستم کو صرف اپنے آپ سے محبت ہے۔۔۔۔۔

کل رات رستم کی پیش قدمی پر انا کو پھر سے وہی رات یاد آنے لگ گئی تھی۔۔۔۔ وہ بہت چیخی چلائی۔۔۔۔ اس رشتے کے لیے رستم سے وقت مانگا۔۔۔۔۔ مگر رستم کا صرف ایک جواب تھا وہ شادی سے پہلے ہی انا کو بہت وقت دے چکا تھا۔۔۔۔۔۔ یہ بات انا پر واضع کر گئی تھی کہ رستم کسی کی بھی سننے والوں میں سے نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔ انا بس کل رات کے رستم کے بارے میں سوچے جا رہی تھی جو ایک پل کو انسان ہوتا تو دوسرے ہی پل ایک وحشی درندہ جو اسے نوچ کھاتا۔۔۔۔۔

انا کو اپنی طبیعت بہت بوجھل محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔ اس سے پہلے وہ بیڈ سے اترتی جمیلہ دروازہ ناک کرتے اندر داخل ہوا

سلام بی بی شکر ہے آپ جاگ گئی۔۔۔۔میں آئی تھی جی دو تین بار آپ کو جگانے مگر آپ تو شائد مدہوش تھی" جبکہ انا کی گھوری دیکھ کر اس نے اپنی چلتی زبان پر قابو پایا

کیا کام ہے؟" انا نے بے تاثر لہجے میں پوچھا"

وہ بی بی جی سوا گیارہ ہو رہے ہے۔۔۔۔اور ایک بجے آپ کے پارلر کا ٹائم ہے تو بس آپ کو اٹھانے آئی تھی کہ آپ ناشتہ کر لے۔۔۔۔۔رستم صاحب نے خاص ہدایت دی ہے جی کہ آپ کو ہیوی ناشتہ کرواؤ بہت تھک گئی تھی آپ" وہ آخر میں دانتوں کی نمائش کرتے بولی

زیادہ زبان مت چلاؤں اور جاؤ باہر میں آ رہی ہوں" انا اسے جھڑکتے بولی اور ایک جھٹکے سے اپنی جگہ سے اٹھتے واشروم میں بند ہو گئی

سائیں تو سائیں۔۔۔۔۔سائیں کی بیوی بھی۔۔۔۔" کانوں کو ہاتھ لگاتی جمیلہ بڑبڑاتے ہوئے وہاں سے چلی گئی

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

پیچ کلر کی میکسی جس پر گولڈن کلر کا ہلکا سا کام ہوا تھا زیب تن کیے وہ اپنے ولیمہ کی تقریب کے لیے تیار تھی۔۔۔۔۔اسکی اور رستم کی اینٹری ایک ساتھ ہونی تھی۔۔۔۔۔۔رستم صبح سے غائب تھی جس

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

پر انا بھی سکون میں تھی۔۔۔۔۔۔اب بھی وہ اینٹرینس پر اکیلی کھڑی تھی جب ہال کی لائٹس آف ہو چکی تھی۔۔۔۔۔ تبھی اسکے ایک ہاتھ اپنی کمر پر سرکتا محسوس ہوا۔۔۔۔اس سے پہلے کے انا چلاتی رستم اس کے کان میں بولا

ایزی پرنسز۔۔۔۔۔۔یہ میں ہوں رستم تمہارا شوہر" انا کو لگا کہ وہ مسکرایا۔۔۔مگر وہ اندھیرے میں دیکھ نا سکی

سپاٹ لائٹ ان دونوں پر پڑتے ہی انا نے سر اٹھا کر رستم کو دیکھا جسکا چہرہ بے تاثر تھا۔۔۔ایک" دوسرے کی باہوں میں باہیں ڈالے وہ دونوں بادشاہ اور ملکہ کی سی شان، بان اور آن لیے سٹیج کی جانب بڑھ رہے تھے۔۔۔۔وہاں موجود ہر ایک انسان کی آنکھوں میں ان کے لیے ستائش تھی ماسوائے غازان اور اسکی فیملی کے جو آنکھوں میں نفرت لیے انہیں دیکھ رہے تھے

مبارک ہوں بڈی" کاشان نے آگے بڑھ کر اسے مبارک باد دی"

ابے اب یہ کس بات کی مبارک؟" وجدان نے اسکے سر پر تھپڑ مارتے پوچھا"

کیوں بھئی جب نکاح کی مبارک باد ہوں تو ولیمے کی بھی تو دینی چاہیے نا۔۔۔کیوں بھابھی" کاشان" بولا تو وہ دونوں ہنس دیے جبکہ انا جبراً مسکرائی

یہ تو تم نے صحیح کہا کا شان مبارک باد تو بنتی ہے۔۔۔۔۔ کانگریچولیشنز بھابھی صاحبہ "غازان نے اپنا" ہاتھ انا کے سامنے کیا جس پر رستم نے اسے سرد نگاہوں سے گھورا

میری بیوی غیر مردوں سے ہاتھ نہیں ملاتی" رستم نے غازان کا ہاتھ سختی سے اپنے ہاتھ میں لیا"

ہاں مگر شوہر غیر عورتوں کے ساتھ راتیں ضرور گزارتا ہے" غازان طنزیہ مسکرایا"

وہ عورتیں خود موقع فراہم کرتی ہے" رستتم نے بھی حساب برابر کیا"

اور تم کیا ہوں بچے ؟" غازان کو اسکا جواب زرا پسند نہیں آیا تھا"

نہیں میں مرد ہوں اور مرد تو پھر بہک جاتا ہے نا۔۔۔۔" رستم طنزیہ مسکرایا تو غازان نے دانت" پیسے۔۔۔۔ وہ رستم ہی کیا جو کبھی شرمندہ ہو جائے

---------

لیڈیز اینڈ جینٹل مینز آج میرے ولیمہ کی تقریب پر آنے کے لیے میں آپ سب کا بہت گزار" ہوں۔۔۔۔۔ مگر آج صرف میرا ولیمہ ہی نہیں بلکہ ایک اور بھی خاص موقع ہے۔۔۔۔ آج دو خاندان آپس میں جڑنے جارہے ہیں۔۔۔۔ میں رستم شیخ آج آپ سب کے ساتھ اپنی اس خوشی کو

شیئر کرنے جارہاہوں۔۔۔۔۔میری بہن زرقہ شیخ کی منگنی وجدان قریشی کے ساتھ طے پائی گئی"

مائیک میں بولتا رستم سب مہمانوں کے ساتھ ساتھ اپنے گھر والوں پر بھی بمب گرا گیا تھا

اس حال صرف رستم اور وجدان کے والد تھے جنہیں اس منگنی کا معلوم تھا

سو پلیز آپ سب کی ڈھیر ساری تالیوں میں میں زرقہ اور وجدان کو سٹیج پر بلاتا ہوں۔۔۔۔"رستم"

کے بولتے ہی وہ دونوں حیرت کا مجسمہ بنے سٹیج پر آ گئے۔۔۔۔۔جب رستم نے ایک ویٹر کو اشارہ کیا تو

وہ تھال میں سجی انگوٹھیاں وہاں لے آیا

ارے بھئی دیکھ کیا رہے ہوں رسم شروع کروں"رستم مسکرا کر بولا تو وجدان نے فورا زرقہ کا ہاتھ"

تھاما اور انگوٹھی پہنا دی۔۔۔۔جبکہ زرقہ ابھی بھی حیرت میں تھی۔۔۔۔۔مگر رستم کی وارننگ زدہ

نگاہیں دیکھ کر فورا انگوٹھی پہنا دی

مگر غازان یہ سب کچھ دیکھ کر جل اٹھا۔۔۔۔۔۔اس نے نوید شیخ کو شعلہ برساتی نگاہوں سے دیکھا جو

اس پر نظر پڑتے ہی آنکھیں گھما گئے۔

یہ تم نے اچھا نہیں کیا نوید شیخ۔۔۔۔۔۔جسٹ ویٹ اینڈ واچ کہ اب غازان انصاری کیا کرے گا"

تمہارے ساتھ"غازان غصے سے وہاں سے اپنی فیملی کو لیکر نکلا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

واہ شہزادے تو بھی بک ہو گیا۔۔۔۔۔یعنی کے صرف میں رہ گیا۔۔۔۔ہائے میں کنوارا بیچارا““

کاشان دکھ بھری آواز میں بولا تو رستم نے آنکھیں گھمائی

یار آج کی رات تو پارٹی بنتی ہے کیا خیال ہے؟“کاشان ان دونوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھتے بولا“

میرے خیال تو نیک ہے ان صاحب سے پوچھ لو“ وجدان نے رستم کی جانب اشارہ کیا“

ارے اس سے کیا پوچھنا بھابھی سے پوچھتے ہیں“کاشان انا کی جانب بڑھا“

بھابھی صاحبہ اگر آپ کی اجازت ہوں تو آج رات کے لیے ہم آپ کا شوہر ادھار لے لے؟“کاشان“ نے آنکھیں پٹپٹائے معصومیت سے پوچھا

میری بلا سے تو ہمیشہ کے لیے لیجاؤ اور جہنم میں لیجاؤ“ انا بس سوچ سکی“

شیور“ وہ زبردستی مسکراہٹ سجائے بولی“

تو بس ڈن ہو گیا بھائیوں آج کی رات دوستی کے نام۔۔۔۔۔ویسے یہ غازان کہا گیا؟“کاشان نے“ حیرت سے آس پاس دیکھا جبکہ رستم مسکرا دیا۔۔۔۔اسے معلوم تھا کہ اس وقت غازان اپنی ناکامی کا سوگ منا رہا ہو گا اور نوید شیخ پر ایک نفرت بھری نگاہ ڈالی

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

بلڈی وومین ہور" یہ الفاظ تھے ایک بیٹے کے اپنے باپ کے لیے"

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

انا ویسے سے اکیلی واپس آئی تھی۔۔۔۔۔بہادر خان رستم کے ساتھ تھا۔۔۔۔۔اس وقت وہ بہت تھک چکی تھی اور بس چینج کر کے سو جانا چاہتی تھی۔۔۔۔۔۔واشروم سے فریش ہو کر آتے ہی وہ بیڈ کی جانب بڑھی اور ڈرا میں سے میڈیسن باکس ڈھونڈنے لگی جب اسے اپنا موبائل نظر آیا۔۔۔۔۔شادی کے ہنگاموں میں وہ اسے بلکل بھول گئی تھی۔۔۔۔۔انا کا موبائل آف تھا جب اس نے آن کیا تو حیران رہ گئی کیونکہ عامر کی جانب سے دو سو کالز اور تین سو زائد میسیجز تھے۔۔۔جن میں صرف ایک ہی بات لکھی تھی کہ اسے انا کو ایک ضروری بات بتانی تھی

انا ابھی اسی شش و پنج میں تھی کہ موبائل اٹھائے یا نہیں جب ایک دفع دوبارہ سے اسکا موبائل بجا

ہیلو؟" انا نے موبائل کان کو لگایا"

ہاں۔۔۔۔ہیلو انا یار کہاں ہوں تم۔۔۔۔میں کب سے۔۔۔کتنے دنوں سے تمہیں کال کر رہا" ہو۔۔۔رسیو کیوں نہیں کر رہی تھی" عامر سخت جھنجھلایا ہوا تھا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

ہاں وہ بس شادی کی مصروفیات اور موبائل بھی کھو گیا تھا" انا سر دباتے بولی جس میں شدید درد ہو رہا" تھا۔۔۔۔انا کو اب ہلکا ہلکا سا بخار بھی محسوس ہو رہا تھا

انا مجھے تم سے ملنا ہے ابھی اسی وقت" عامر تیز لہجے میں بولا"

عامر دماغ تو نہیں خراب تمہارا؟ اس وقت مگر میں کیسے؟" انا پریشان ہوئی"

پلیز انا ضروری ہے یہ" عامر ٹہلتے بولا"

پھر بھی۔۔۔۔" انا نے تائم دیکھا رات کے دس بج رہے تھے اور اسے صرف سونا تھا"

انا یہ انکل اور آنٹی کے ایکسیڈینٹ کے بارے میں ہے۔۔۔آئی تھنک۔۔۔۔آئی تھنک انکا"

ایکسیڈینٹ نہیں ہوا تھا انا۔۔۔۔اسے مارا گیا تھا۔۔۔۔۔اٹ واز آ مرڈر" عامر کی بات سن کر انا کا سارا سر درد، نیند اڑن چھو ہوئی

واٹ؟ تم جانتے بھی ہوں تم کیا بول رہے ہوں عامر۔۔۔۔دیکھو اگر یہ فضول کا مزاق ہوا انا"

"تو۔۔۔۔

نہیں انا یہ مزاق نہیں ہے تم جانتی ہوں میں ایسا گھٹیا مزاق نہیں کرتا یہ سچ ہے انا اور مجھے ڈر ہے کہ"
"تم قاتل کو جانتی ہوں

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

کیا؟ کون ہے وہ؟" انا نے بیتابی سے پوچھا"

نہیں انا فون پر نہیں بتا سکتا۔۔۔ شائد تم یقین نہیں کرو اسی لیے پلیز میں تمہیں اڈریس بھیج رہا ہوں وہاں آجاؤ" عامر بولا تو انا نے فورا کال کاٹی اور جانے کے لیے اٹھ کھڑی ہوئی

عامر کی جانب سے اڈریس ملتے ہی وہ فورا باہر کی جانب بڑھی۔۔۔۔۔ گھر کے باہر سے گزرتی ٹیکسی کو اس نے رکوایا اور اس میں بیٹھ گئی۔۔۔۔ ڈرائیور اور وہ گارڈز جنہیں رستم نے انا کے لیے رکھا تھا انا نے انہیں سختی سے منع کر دیا تھا۔۔۔ اسے عامر کے پاس پہنچنا تھا جلد از جلد۔۔۔۔۔ بات اسکے ماں باپ کی تھی

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

عامر کے دیے گئے اڈریس پر پہنچتے ہی انا نے جلدی ٹیکسی ڈرائیور کو کرایہ ادا کیا اور وہ اس بلنڈنگ میں داخل ہوئی جہاں ایک فلیٹ میں عامر رہتا تھا

عامر اسے اپنے اپارٹمنٹ کے باہر ہی مل گیا

عامر!!" انا جلدی سے اسکی جانب بھاگی"

عامر بتاؤ مجھے وہ کون ہے؟" انا نے بھیگی آنکھوں سے پوچھا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

اناوہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔"عامر کو سمجھ نہیں آیا کہ وہ کیا جواب دے"

اناوہ کیا عامر بتاؤ مجھے۔۔۔۔۔۔۔جواب دوں"انا عامر کو جھنجھوڑتے اس پر چلائی۔۔۔۔۔۔بات اسکے جان سے بھی زیادہ عزیز مرے ہوئے ماں باپ کی تھی

رستم۔۔۔۔رستم شیخ انا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ہے قاتل تمہارے ماں باپ کا۔۔۔۔۔۔۔۔ان کی بے درد موت کا"عامر نے نظریں نیچی کیے جواب دیا جبکہ انا کے ہاتھ جو عامر کے گریبان پر تھے وہ نیچے گر گئے

رر۔۔۔۔رستم۔۔۔۔۔۔۔رستم شیخ"انا کی آواز سرگوشی سے زیادہ نہیں تھی"

کیوں؟"آنسوؤں گالوں پر پھیل گئے تھے"

کیونکہ تمہارے ماں باپ نے کچھ ایسا دیکھ اور جان لیا تھا رستم کے بارے میں جو اسے برباد کر سکتا تھا۔۔۔۔اسی لیے انا۔۔۔۔۔۔اسی لیے مار دیا انہیں۔۔۔۔۔اور موت کو حادثے کی شکل دے دی گئی"عامر نے انا کو جواب دیا تو انا کو اپنا سر چکراتا محسوس ہوا

رستم شیخ صرف ایک بزنس مین نہیں انا بلکہ ایک مافیا مین بھی ہے۔۔۔۔۔۔۔وہ،وہ ڈرگز سپلائی کرتا ہے مختلف ملکوں میں،نا صرف ڈرگز بلکے کبھی کبھار لڑکیاں بھی فروخت کرتا ہے وہ۔۔۔۔تمہیں یاد ہوگا جس دن انکل آنٹی اپنی اینیورسری پر کپل ڈنر کنے گئے تھے ہوٹل۔۔۔۔۔۔انکی گاڑی بیک پر تھی

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

۔۔۔۔۔۔جب وہ لوگ وہاں گئے تو انہوں نے رستم اور اسکے آدمیوں کو ڈرگز کی ڈیلنگ کرتے دیکھا تھا انا۔۔۔۔۔۔۔ مگر وہ دونوں پکڑے گئے۔۔۔۔۔۔وہ دونوں ایکسیڈینٹ کی وجہ سے نہیں مرے تھے انا۔۔۔۔۔۔رستم پہلے ہی انکا گلا دبا کر انہیں مار چکا تھا، ایکسیڈینٹ تو بس ایک بہانہ تھا انا۔۔۔۔۔۔مجھے بھی یہ سب باتیں اصلیت۔۔۔۔۔۔کچھ دن پہلے پتا چلی انا۔۔۔۔۔۔۔۔میرے پاس۔۔۔۔۔۔۔۔میرے پاس ثبوت ہے انا۔۔۔۔۔۔وہ ویڈیو۔۔۔۔وہ ویڈیو جس میں رستم نے بڑی بے رحمی سے انکل آنٹی دونوں کا قتل کیا تھا۔۔۔۔۔رستم اپنی تئی سب ثبوت مٹا چکا تھا مگر اس کے ایک بندے نے وہ ویڈیو اپنے پاس رکھ لی تا کہ اگر اسے کبھی زندگی میں رستم کو بلیک میل کرنا پڑا تو وہ اسے استعمال کرے گا۔۔۔۔ مگر اس سے پہلے ایسا موقع آتا وہ میرے ہاتھ لگ گیا۔۔۔۔اور اب وہ ویڈیو میرے پاس ہے" عامر ایک ایک کر کے سارے راز افشاں کرتا گیا اور انا اسے اپنے پیروں پر کھڑے ہونا محال ہو گیا

شائد یہ اسکی خود غرضی کی سزا تھی۔۔۔۔۔ہاں یہ اسکی خود غرضی ہی تو تھی۔۔۔۔جو وہ شہلا کا قتل بھول گئی۔۔۔۔۔۔جو وہ ڈاکٹر کنول کا برباد ہونا بھول گئی۔۔۔۔۔۔وہ خود غرض ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔ اسے صرف اپنی اور اپنے بچے کی فکر تھی اسی لیے رستم کو اپنا لیا مگر اب اسے سزا ملی تھی اس خود غرضی

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

کی۔۔۔۔۔۔۔شہلا سے اسکا کوئی لینا دینا نہیں تھا مگر ڈاکٹر کنول۔۔۔۔۔ڈاکٹر کنول تو اسکی وجہ سے اپنی زنگی ہاری تھی۔۔۔۔۔اسکی وجہ سے انہوں نے اپنی عزت، اپنی عصمت، اپنی آبرو کھوئی تھی

آآاااااااااااا" انا دونوں ہاتھوں سے بالوں کو جکڑے چلا اٹھی"

مجھے تم سے نفرت ہے رستم شیخ۔۔۔۔۔شدید نفرت" عامر کے کندھے لگے وہ بری طرح رو دی"

ایسا کیوں کیا رستم کیوں کیا تم نے ایسا" وہ ہچکیوں میں روتے بڑبڑائی"

اس نے ایسا کیوں کیا عامر۔۔۔۔۔۔مجھ سے سب کچھ چھین لیا اس شخص نے۔۔۔۔۔۔۔میرے " ماں باپ۔۔۔۔۔۔۔میری عزت۔۔۔۔۔میری زندگی۔۔۔۔۔۔۔بس اب / سانسیں چھیننا باقی ہے "۔۔۔۔کیوں کیا؟

---------

پارٹی اپنے عروج پر تھی۔۔۔۔۔۔۔رستم وائن کی چسکیاں لیتے وہاں موجود لوگوں کو دیکھ رہا تھا جو آپس میں مدہوش، نشے میں دھت ناچنے میں مصروف تھے۔۔۔۔۔۔۔وجدان ابھی ابھی اٹھ کر کاشان کے پاس گیا تھا جو سٹیج پر موجود لڑکیوں کے ساتھ ناچنے میں مصروف تھا۔۔۔۔اسکی حالت بتا رہی تھی کہ وہ حد سے زیادہ نشہ کر چکا ہے۔۔۔۔رستم وہاں ہوتے ہوئے بھی وہاں نہیں تھا۔۔۔۔

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

اسکی ساری سوچیں اپنی پرنسز پر آکر رکتی۔۔۔۔۔اب وہ اسکی تھی صرف اسکی، قانونی اور شرعی ہر لحاظ سے صرف اسکی۔۔۔۔اسکے لبوں پر اپنے آپ ہی مسکراہٹ در آئی

اسکا موبائل کب سے بج بج کر بند ہو گیا تھا مگر اتنے شور میں اسے علم نہیں ہو پایا۔۔۔۔نجانے کیوں مگر رستم کو اچانک ایک عجیب سے احساس نے آن گھیرا۔۔۔ایک بے چینی سی اسکے دل میں تھی ۔۔۔اسے اپنی پرنسز کو دیکھنا تھا ابھی اسی وقت۔۔۔۔۔ایک انجانا سا خوف در آیا تھا اس کے دل میں

اسنے کلب سے جانے کا سوچا جب اچانک اسے بہادر خان اپنی جانب آتا دکھائی دیا۔۔۔۔۔بہادر خان کے چہرے کے تاثرات کچھ عجیب تھے۔۔۔وہ بلکل رستم کے سامنے آکھڑا ہوا۔۔۔۔۔اور جس انداز میں اس نے رستم کو دیکھا تھا وہ رستم کو اس بات کا احساس دلانے کو کافی تھا کہ کچھ غلط ہوا ہے۔۔۔

ماسٹر ضروری بات ہے!!" بہادر خان آکر بولا"

کہوں!!" رستم نے اجازت دی"

یہاں نہیں اکیلے۔۔۔۔آپ وجدان سر اور کاشان سر کو بھی بلالے" بہادر خان ادھر ادھر دیکھتے ہلکی آواز میں بولا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

بہادر خان کیا ہوا ہے؟" رستم کا لہجہ بہت سخت تھا"

آپ نے اپنا موبائل دیکھا ہے؟" بہادر خان نے سوال کے بدلے سوال کیا تو رستم نے چونک کر" موبائل اٹھایا۔۔۔ جس پر انا کے باڈی گارڈز کی ڈھیڑ ساری مسڈ کالز آئی ہوئیں تھی

پرنسز!!" رستم کے لب سرگوشی میں ہلے"

-------------

وہ سب اس وقت کلب کے پرائیویٹ روم میں موجود تھے۔۔۔۔۔۔ یہاں نا اندر کی آواز باہر جاتی اور نا باہر کی اندر آتی۔۔۔۔ کسی کو کچھ معلوم نہیں چلتا کہ یہاں کیا ہو رہا ہے۔۔۔۔۔

رستم کو بہادر خان نے بتایا تھا کہ انا تیزی میں بنا گارڈز اور ڈرائیور کے کہی گئی ہے اور کہاں کسی کو بھی علم نہیں تھا۔۔۔ رستم نے بہادر خان کو انا کو ڈھونڈنے کا کہاں تھا مگر کسی کو معلوم نہیں ہوا کہ وہ کہاں گئی ہے۔۔۔۔

اب رستم خون آشام آنکھیں لیے بہادر خان کی طرف سے کسی اچھی خبر کی امید میں تھا جب وہ اسے ہارا ہوا آتا دکھائی دیا

ملکہ کہاں ہے بہادر خان؟" اسنے سخت لہجے میں پوچھا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

بہادر خان کو اسکی حالت دیکھ کر خوف آیا تھا

ملکہ۔۔۔۔ ملکہ بھاگ گئی ہے ماسٹر " نظریں نیچی کیے اس نے جواب دیا"

نہیں!!!!!!" کانچ کا گلاس زور سے زمین پر مارے رستم دھاڑا"

یہ تم نے اچھا نہیں کیا پرنسز۔۔۔۔ اسکی سزا تمہیں ملے گی۔۔۔۔اب کی بار تمہیں معافی نہیں ملے گی "مٹھیاں

بھینچتے وہ سرد لہجے میں بولا

ایک منٹ رستم۔۔۔۔ بہادر خان تمہارے پاس کیا ثبوت ہے کہ انا بھاگی ہے" وجدان نے اسے شکی انداز میں پوچھا جس پر بہادر خان نے دانت کچکچائے

ثبوت ہے کہ وہ بھاگی ہے" بہادر خان نے بے تاثر لہجے میں جواب دیا۔۔اور انا اور زرقہ کی کل کی" ساری بات رستم کو سنادی

مجھے لگتا ہے کہ ملکہ کو بھگانے میں زرقہ بی بی کا بھی ہاتھ ہے" بہادر خان بولا"

بکواس بند کروں بہادر خان" وجدان دھاڑا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

مجھے صرف شک ہے سر" بہادر خان نے وجدان کو دیکھتے جواب دیا"

رستم اسکی بات پر یقین مت لاؤں۔۔۔ تم نے سنا نہیں جب زرقہ نے انا کو بھاگنے کو کہاں تو انا نے" صاف انکار کر دیا تھا ہو سکتا ہے کوئی اور بات ہوں" وجدان نے اپنے تئیں رستم کو سمجھانے کی کوشش کی

مگر ملکہ ایک بار پہلے بھی بھاگ چکی ہے" بہادر خان مسکرا کر بولا"

او یو جسٹ شٹ اپ خان" وجدان پھر سے دھاڑا"

گاڑی نکالو بہادر خان ہم شیخ ولا جا رہے ہیں۔۔۔ اب زرقہ مجھے بتائے گی کہ انا کہاں ہے" رستم" وجدان کی بات ان سنی کر تا وہاں سے نکل گیا جبکہ بہادر خان پیچھے پر اسرار سا مسکرا دیا

آئی سوئیر خان اگر زرقہ یا انا میں سے کسی کو کچھ بھی ہوا تو تمہاری خیر نہیں" وجدان اسکے قریب آکر" پھنکارا

یہ تو وقت بتائے گا سر ر!!" سر پر خاصہ زور دیتے وہ بولا"

---------

زرقہ۔۔۔۔۔۔زرقہ۔۔۔۔۔۔زرقہ شیخ۔۔۔۔۔ابھی کہ ابھی نیچے آؤ" رستم لاؤنج میں کھڑا دھاڑا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

اسکی دھاڑ سن کر نوید شیخ اور ہمدہ شیخ بھی کمرے سے باہر نکل آئے

کیا ہوا بھائی؟" زرقہ اپنے کمرے سے بھاگتی ہوئی نیچے آئی"

انا کہاں ہے زرقہ ؟" رستم نے لال آنکھیں زرقہ پر گاڑھے پوچھا"

مم۔۔۔مجھے نہیں پتہ" اسکی حالت دیکھ کر زرقہ کانپی۔۔۔ جبکہ اسکے کانپنے کا مطلب رستم کچھ اور ہی لے گیا"

میں نے پوچھا انا کہاں ہے زرقہ ؟" رستم نے اسکی جانب قدم بڑھاتے دھیمی آواز میں پوچھا"

قق۔۔۔قسم لے لے نہیں معلوم بھائی" زرقہ کی پیشانی پر پسینے کی ننھی بوندیں چمکنے لگی"

رستم!!" وجدان نے آگے بڑھ کر کچھ بولنا چاہا تو رستم نے ہاتھ اٹھا کر بولنے سے منع کر دیا"

آخری بار زرقہ انا کہاں ہے۔۔۔۔ میں پوچھ رہا ہوں بتا دوں مجھے" اسے دیوار کے ساتھ لگاتے رستم نے پوچھا"

نن۔۔۔نہیں پتہ" زرقہ کا سر تیزی سے نفی میں ہلا"

نہیں معلوم؟" رستم دھیمے سے غرایا تو زرقہ نے مزید سر نفی میں ہلایا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

تو یہ آواز کیوں کانپ رہی ہے تمہاری اور اتنا پسینہ کیوں آرہا ہے تمہیں؟" رستم جانچتی نظروں سے اسکی حالت دیکھتے بولا

نن۔۔۔ نہیں تو" زرقہ نے زبان سے لبوں کو تر کیا"

رستم نے آنکھیں بند کر کے منہ موڑا اور ماتھا مسلنے لگا، جب اچانک وہ دوبارہ زرقہ کی جانب مڑا ایک ہاتھ سے اسکے بالوں کو گرفت میں لیکر دوسرے ہاتھ میں موجود چاقو اسکی شہہ رگ پر رکھ دیا

اب بھی نہیں معلوم کے انا کہاں ہے؟" اسکے ساتھ رستم نے زرقہ کی شہہ رگ پر رکھے چاقو پر زور دیا" جس کیوجہ سے اسکی جلد سے تھوڑا سا خون رسنے لگا۔۔۔۔ زرقہ کی آنکھوں سے بھی آنسوؤں نکلنا شروع ہو گئے تھے۔۔۔۔۔ اس نے سر دوبارہ نفی میں ہلایا

وجدان کی اب بس ہو گئی تھی وہ فورا رستم کے پاس گیا اور اسے زور سے پیچھے دھکا دیا۔۔۔۔ رستم کے زرقہ کو چھوڑتے ہی زرقہ نے لمبی لمبی سانسیں لینا شروع کر دی

وجدان نے فورا زرقہ کو اپنے سینے سے لگایا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

"بس رستم بہت ہوگئی تیری غنڈہ گردی اس نے کہاں نے کہ اسے نہیں معلوم انا کہاں ہے تو اسے نہیں معلوم اور تو اس نوکر کو اپنی بہن پر فوقیت دے رہا ہے،۔۔۔۔ تف ہے تجھ پر" بہادر خان کو نفرت بھری نگاہوں سے گھوراوجدان رستم پر چلایا

"ہاں دے رہا ہوں فوقیت کیونکہ مجھے معلوم ہے کہ یہ ایک جھوٹی لڑکی ہے۔۔۔ ہر بات میں جھوٹ بولنا اسکی فطرت ہے اور ویسے بھی یہ میری بہن ہے میں جو چاہے مرضی کروں اس کے ساتھ تو کون ہوتا ہے بیچ میں آنے والا" رستم بھی دھاڑا

"یہ صرف تیری بہن ہوتی تو جو مرضی کرتا مگر اب یہ میری منگیتر ہے اور اب میں تجھے اسکو یوں ہراساں کرنے نہیں دوں گا" وجدان کی آواز بھی اونچی ہوئی

"تجھے لگتا ہے کہ میں اپنی بہن کا ہراساں کر رہا ہوں؟" رستم نے دانت پیستے پوچھا

"ہاں کر رہا ہے تو اسے ہراساں، یہ ڈرانا دھمکانہ ہراساں کرنا نہیں تو اور کیا ہے؟" وجدان نے بھی رستم کو برابر گھورا تو رستم چاقو زمین پر مارتے وہاں سے نکل گیا۔۔۔ زرقہ ابھی تک وجدان کی باہوں میں کانپ رہی تھی

وجدان نے تیزی سے اسے صوفہ پر بٹھایا اور اسے پانی پلایا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

"مم۔۔۔۔میرا یقین کروں وجی۔۔۔۔۔۔مم۔۔۔۔۔مجھے نہیں معلوم کہ انا کہاں ہے۔۔۔۔۔میں نہین جانتی" زرقہ روتے ہوئے بولی تو وجدان نے اسکی پیٹھ تھپتھائی

"فکر مت کروں زرقہ مجھے یقین ہے کہ تم جھوٹ نہیں بول رہی ہوں" وجدان اسکا ہاتھ تھامے بولا

"زرقہ میری بچی" ہمدہ بیگم نے فورا اسے گلے لگایا جب زرقہ نے پھر سے رونا شروع کر دیا"

"آنٹی آپ فکر مت کرے میں ہوں زرقہ کے ساتھ آپ جائے میں یہاں سب معاملات دیکھ لوں گا" وجدان نے انہیں یقین دلایا

"مگر وجدان انا۔۔کیا وہ؟" ہمدہ بیگم بولی تو وجدان انکا مطلب سمجھ گیا"

"آنٹی میں انا کو زیادہ نہیں جانتا مگر اتنا ضرور جانتا ہوں کہ وہ ایسی لڑکی نہیں۔۔۔۔رستم کو ضرور کوئی غلط فہمی ہوئی ہو گی۔۔۔۔ہم انشااللہ جلد از جلد اسے ڈھونڈ لے گے" وجدان نے اسے یقین دلایا

"مجھے انا مل گئی ہے" دروازے کے ساتھ کھڑے رستم نے انہیں بتایا جو ابھی دوبارہ اندر آیا تھا"

"کیسے؟" وجدان نے آبرو اچکائے پوچھا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

ٹریکر۔۔۔۔۔۔ میں نے اسکے موبائل میں ٹریکر فٹ کیا تھا۔۔۔وہ موبائل ساتھ لیکر گئی ہے۔۔۔۔۔۔ اور اب میں جارہا ہوں اپنی پرنسز کو لینے۔۔۔۔ اور تم دعا کروں کہ جو تم نے کہاں ہے وہ سچ ہوں نہیں تو میں تمہیں بخشوں گا نہیں" زرقہ کو سخت نگاہوں سے گھورتے وجدان کو اپنے پیچھے آنے کا اشارہ کیے وہ باہر چلا گیا

"آنٹی آپ زرقہ کا دھیان رکھے، اسکی بینڈاج کر دیجیے گا۔۔۔۔۔۔ اور تم فکر مت کروں سب ٹھیک ہو جائے گا" زرقہ کا ہاتھ تھامے وہ بولا اور پھر رستم کے پیچھے چلا گیا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رستم بہت غصے میں باہر نکلا تھا اسکے تمام آدمی انا کو ڈھونڈنے میں ناکامیاب ہوئے تھے۔۔۔۔ اسے سمجھ نہیں آرہی تھی کہ وہ انا کو کیسے ڈھونڈے جب ذہن میں ایک جھما کہ سا ہوا۔۔۔۔۔ اسے یاد آیا کہ اسنے انا کے موبائل میں ایک ٹریکر فٹ کیا ہوا تھا۔۔۔۔۔ بس رستم نے جلد ہی انا کی لوکیشن ٹریس کرلی تھی وہ پچھلے ایک گھنٹے سے ایک بلڈنگ میں تھی۔۔۔۔۔۔

"ڈیم اٹ اسکا خیال مجھے پہلے کیوں نہیں آیا؟" رستم اپنا ہاتھ کار کے بونٹ پر مارتے بولا

وجدان کو باہر آنے کا کہہ کر وہ کار میں آ کے بیٹھ چکا تھا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

بس کچھ دیر اور پرنسز۔۔۔۔۔۔پھر ہم ساتھ ہو گے۔۔۔۔۔۔۔مگر اب کی بار تمہیں معافی نہیں ملے گی پرنسز!!" رستم پر اسرار سا مسکراتا خود سے بولا

--------

تقریباپندرہ منٹ میں وہ لوگ وہاں پہنچ چکے تھے۔۔۔۔۔۔موبائل کی لوکیشن بہت قریب کی تھی۔۔۔۔۔۔سڑھیاں چڑھتے وہ لوگ چھٹے فلور پر پہنچے جہاں کا سین دیکھ کر رستم کی آنکھوں میں خون اتر آیا

اسکی بیوی۔۔۔۔اسکی پرنسز۔۔۔۔۔۔کسی اور کندھے پر سر رکھے کھڑی تھی۔۔۔۔۔۔بلکہ کسی اور نہیں اپنے پرانے عاشق کے کندھے پر سر رکھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اوہ تو یہ سین ہے" رستم انہیں دیکھ کر اونچی آواز میں بولا تو انا جھٹ سے عامر سے الگ ہو گئی"

ارے دور کیوں ہو گئی۔۔۔۔۔لگتا ہے میں نے تم لوگوں کو ڈسٹرب کر دیا" رستم انا کی جانب دیکھتے" بولا تو انا اسکے انداز پر جی جان سے کانپ اٹھی

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

بس رستم۔۔۔۔۔۔تم اور انا کو اسکی مرضی کے خلاف اپنے ساتھ نہیں رکھ سکتے۔۔۔۔۔اسے تمہارے بارے میں سب کچھ بتا چکا ہوں میں۔۔۔۔تمہارے سب کالے دھندھوں سے واقف ہو چکی ہے وہ" عامر اس پر چلایا تو رستم ہنس دیا

"ارے میں تو ڈر گیا"

تمہیں ڈرنا چاہیے رستم۔۔۔۔۔انا کو سچ معلوم ہو چکا ہے اور اب وہ تمہارے ساتھ نہیں رہے گی"

عامر مسکرایا تو رستم کو کسی انہونی کا احساس ہوا

اسکے ماں باپ کا سچ رستم۔۔۔۔اس بات کا سچ کے انا کے ماں باپ ایکسیڈینٹ میں نہیں مرے تھے۔۔۔بلکہ تم نے انہیں مارا تھا بے دردی سے۔۔۔۔۔قاتل ہوں تم ان کے۔۔۔۔۔۔اور ثبوت یہ رہا" عامر نے اپنا موبائل ہاتھ میں لیے رستم کے سامنے کیا

رستم نے انا کو دیکھا جس کی نظریں زمین پر گڑھی تھی۔۔۔۔

کیا بکواس ہے یہ میں نے کچھ نہیں کیا۔۔۔۔۔میں تو انا کو صرف دو مہینوں سے جانتا ہوں۔۔۔میں کیوں ماروں گا اس کے ماں باپ کو۔۔۔۔۔اور تم۔۔۔۔تم کون ہوں" اپنی گن عامر کی جانب کیے رستم بولا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

میں جو بھی ہوں مگر تم اب نہیں بچ سکتے تمہارے سارے کالے دھنودوں کا ثبوت ہے میرے پاس" اور اب بہت جلد تم سلاخوں کے پیچھے ہو گے" عامر اس پر ہنسا

ایسا کیا؟" رستم طنزیہ مسکرایا"

پھر تو تمہیں مر جانا چاہیے عامر۔۔۔۔۔ کیونکہ میں ہر اس انسان کو مار دیتا ہوں جو میرے راستے کی" رکاوٹ بنے" رستم بولا اور ساتھ ہی ٹریگر دبا دیا۔۔۔ مگر انا فوراً عامر کے سامنے آ گئی۔۔۔۔ گولی سیدھی انا کے سینے میں لگی۔۔۔ انا کی آنکھیں ایک پل کو پھیلی۔۔۔ عامر نے حیرت سے اس کو دیکھا

بھاگ جاؤ عامر۔۔۔ بھاگ جاؤ یہاں سے۔۔۔ تمہارا زندہ رہنا ضروری ہے عامر۔۔۔۔ انصاف" دلوانا اب تمہارا کام ہے" انا کانپتے لہجے میں بولی انا کے بے جان ہوتے وجود کو عامر وہی پھینکے خود پیچھے کی جانب بھاگ گیا

انا!!!!!" رستم چلایا اور فوراً انا کی جانب بھاگا، جسکے ہونٹوں پر مسکان در آئی"

تو کیا اسے نجات حاصل ہونے جا رہی تھی اس درندے سے، کیا اللہ نے اسکی سن لی تھی۔۔۔۔ اسکے لیے آسانیاں پیدا کر دی تھی

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

انا میری جان میں تمہیں کچھ نہیں ہونے دوں گا۔۔۔کچھ نہیں ہونے دوں گا اپنی پرنسز کو" اسکو باہوں میں بھرے وہ جلدی سے کار کی جانب بھاگا

ماسٹر وہ عامر۔۔۔۔وہ بھاگ گیا" بہادر خان نے فورا آکر اسے اطلاع کی"

میری بیوی یہاں مر رہی ہے اور تمہیں اس باسٹرڈ کی لگی ہوئی ہے" رستم دھاڑا تو بہادر خان نے سر جھکا لیا

رستم یہ وقت لڑنے کا نہیں ہے انا کا خون بہت بہہ چکا ہے فورا ہوسپٹل چلو نہیں تو وہ بچ نہیں پائے گی" وجدان نے ہوش دلایا تو رستم نے سر اثبات میں ہلایا

-----------

ہوسپٹل پہنچتے ہی انا کو فورا آپریشن تھیٹر میں لیجایا گیا تھا۔۔۔رستم کا پاگل پن، اسکی جنونیت کو وہاں سب نے دیکھا تھا۔۔۔۔وہاں موجود ڈاکٹرز اور نرسز اسکی لڑکی قسمت پر رشک کر رہی تھی۔۔۔۔مگر اس جنونیت، اس پاگل پن کی انتہا کو صرف وہی جانتی تھی جس نے اسے جھیلا تھا

میری وائف ڈاکٹر؟" آپریشن تھیٹر سے باہر آتی ڈاکٹر کو دیکھ کر رستم نے فورا پوچھا"

دیکھیے گولی دل کے تھوڑا اوپر لگی ہے آپ دعا کیجیے کہ اللہ ماں اور بچہ دونوں کو سلامت رکھے" ڈاکٹر نے اسکی ہمت بندھائی

کتنے۔۔۔۔ کتنے چانسز ہے بچنے کے؟" رستم نے ٹوٹے لہجے میں پوچھا"

مسٹر رستم میں آپ سے جھوٹ نہیں بولو گی، مگر صرف بیس فیصد چانسز ہیں آپکی وائف اور بے بی کے سروائیو کرنے کے" ڈاکٹر بولی رستم دیوار کے ساتھ لگ گیا۔۔۔۔ اسنے آنکھیں موندلی تھی

رستم!!" وجدان نے اسے پکارا۔۔۔۔ رستم نے آنکھیں کھولے اسے دیکھا"

رستم یہ وقت اور جگہ ایسی تو نہیں مگر تمہیں یہ دیکھنا چاہیے" وجدان نے انا کا موبائل رستم کے سامنے کیا۔۔۔

رستم نے موبائل دیکھا تو وہاں عامر کے لاتعداد میسیجز اور کالز تھی

میں نے انفارمیشن نکلوائی ہے انا نے صرف ایک کال رسیو کی تھی وہ بھی آج کی۔۔۔۔ عامر اسے کچھ بتانا چاہتا تھا اسکی ماں باپ کی موت کے بارے میں۔۔۔" وجدان مزید بولا

ہمم" رستم نے سر ہلایا"

"بہادر خان"

"جی ماسٹر؟"

اپنی ملکہ کے ماں باپ کی ساری ہسٹری نکالو۔۔۔۔مجھے کل تک ساری انفارمیشن چاہیے" رستم بے تاثر لہجے میں بولا اور ایک نظر آپریشن تھیٹر کو دیکھا

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

میں ہر اس انسان کو مار دیتا ہوں جو میرے راستے کی رکاوٹ بنے" یہ الفاظ کہی دور سے انا کے کانوں " میں گونجے

انا کی ہارٹ بیٹ تیز ہوگئ تھی۔۔۔اسکے پاس موجود نرس فورا سے باہر ڈاکٹر کی جانب بھاگی

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

ڈاکٹر؟" رستم فورا سے ڈاکٹر کے پاس پہنچا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

کانگریچلویشنز مسٹر شیخ ہم نے آپکی وائف اور بے بی کو بچالیا ہے۔۔۔ مگر ابھی وہ انڈر ابزرویشن ہے" اور آئیندہ چوبیس گھنٹے کافی کریٹیکل ہو سکتے ہیں۔۔۔۔ آپ بس دعا کیجیے گا" ڈاکٹر اسکا کندھا تھپتھپاتے بولی

میں۔۔۔ میں اس سے مل لوں؟" رستم نے آس بھرے لہجے میں پوچھا"

شیور مگر صرف پانچ منٹ" ڈاکٹر نے اسکی حالت دیکھ کر اجازت دے دی"

بکھرا حلیہ لیے رستم روم میں داخل ہوئی جہاں سامنے اسکی پرنسز مختلف مشینوں میں جکڑی ہوئی تھی۔۔۔۔ رستم نے غور سے اسے دیکھا جو کہی سے بھی نئ نویلی دلہن نہیں لگ رہی تھی

پرنسز!! تم نے۔۔۔ تم نے ایسا کیوں کیا۔۔۔ کیا ایک بار کو بھی میرا خیال نہیں آیا تمہیں۔۔۔" ایک بار تو سوچتی میرے بارے میں۔۔ ہمارے بے بی کے بارے میں۔۔۔۔۔ نہیں تمہیں تو مجھ سے دور جانا تھا نا۔۔۔۔ مگر اب میں ایسا نہیں ہونے دوں گا۔۔۔ تم۔۔۔ تم بس ایک بار ٹھیک ہو جاؤ۔۔۔ دیکھنا ایک الگ کمرے میں بند کر دوں گا تمہیں میں۔۔ اور اب کی بار سزا بھی دوں گا۔۔۔۔۔ کیوں تمہیں مجھ سے دور جانا ہوتا ہے۔۔۔۔ کیا تم محسوس نہیں کر سکتی میری محبت۔۔۔۔ کتنی محبت کرتا ہوں میں تم سے۔۔۔۔۔ میں قسم کھاتا ہوں پرنسز ایک بار۔۔ بس

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

ایک بار تم ٹھیک ہو جاؤ۔۔۔ایسی سزا دوں گا میں تمہیں کہ دوبارہ کبھی بھی مجھے چھوڑنے کا خیال بھی نہیں آئے گا تمہارے دل میں۔۔۔۔بس ایک بار۔۔۔ایک بار تم ٹھیک ہو جاؤ" رستم نے اسکے ماتھے کا نرمی سے بوسہ لیا

یہ تھی رستم شیخ کی وہ حقیقی محبت اپنی پرنسز کے لیے جسکا اظہار وہ مر کر بھی کبھی اسکے سامنے اسکے ہوش میں آتے نہیں کر سکتا تھا۔۔۔وہ اپنی محبت کو خود پر حاوی ہوتے نہیں دیکھ سکتا تھا

سر آپ پلیز باہر چلے جائے" نرس اسکی حالت دیکھ کر نرمی سے بولی تو وہ باہر نکل آیا۔۔۔"

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

اگلے دن کی دوپہر ہو گئی تھی مگر انا کو ہوش نہیں آیا۔۔۔۔زرقہ اور ہمدہ بیگم دونوں صبح میں آئی تھی مگر پھر واپس چلی گئی

رستم بھی ادھر سے ادھر چکر کاٹ رہا تھا جب اس نے نرس کو انا کے روم سے نکلتے دیکھا جو بھاگنے کی سپیڈ میں تھی

ڈاکٹر" نرس نے وہاں موجود راؤنڈ پر آئے ڈاکٹر کو آواز دی"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

ڈاکٹر وہ پیشنٹ کی حالت بہت کریٹیکل ہو گئی ہے۔۔۔۔ہارٹ بیٹ بہت تیز ہو گئی ہے"نرس نے بتایا تو ڈاکٹر بھاگتا ہوا روم میں داخل ہوا

پرنسز!!"رستم کی جان پر بن آئی۔۔۔۔"

وہ اپنی انا سے ملنا چاہتا تھا اسکے پاس جانا چاہتا تھا مگر اسے الاؤ نہیں کیا گیا۔۔۔۔تقریباً گھنٹہ وہ باہر چکر لگاتا رہا تھا جب وہ ڈاکٹر اسے باہر نکلتے دکھائی دیا

میری بیوی؟"وہ فوراً ڈاکٹر کے پاس بھاگا"

شی از سٹیبل ناؤ۔۔"ڈاکٹر کے الفاظ سنتے ہی رستم نے آنکھیں بند کر کے شکر ادا کیا"

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس وقت گلاب کے ایک خوبصورت باغ میں موجود تھی۔۔۔۔ہر طرف ہریالی اور گلاب ہی تھے۔۔۔۔۔رنگ برنگی تتلیاں اسکے ارد گرد رقص کر رہی تھی۔۔۔۔۔پنک کلر کی پرنسز ڈریس میں بالوں میں پھولوں کا تاج لگائے وہ کوئی شہزادی معلوم ہو رہی تھی

انا!!"اس نے آس پاس نظریں دوڑائی کوئی اسے پکار رہا تھا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

انا!!" وہ آواز پھر سے آئی۔۔۔۔۔یہ آواز تو وہ جانتی تھی"

ماما" وہ خوشی سے بولی اور گول گھومی تو اسکی پوشاک بھی گھومی"

انا میری شہزادی" اب کی بار آواز ایک مرد کی تھی"

پاپا!!۔۔۔ماما پاپا کہاں ہے آپ لوگ؟" انا نے باغ میں ادھر ادھر دیکھتے پوچھا"

ہم یہاں ہے میری جان" وہ دونوں ہنس کر بولے تو انا کھکھلا دی"

یقیننا وہ اسکے ساتھ آنکھ مچولی کھیل رہے تھے

ماما پاپا اب سامنے آ بھی جائے" وہ تھک ہار کر بولی"

تو میری شیرنی تھک گئی ہے" اسکے پاپا بولے تو انا نے منہ بسورے سر اثبات میں ہلایا"

سامنے دیکھو" انا نے چہرہ اٹھائے سامنے دیکھا تو اسکا چہرہ کھل اٹھا سامنے ہی وہ دونوں تھے ہنستے" مسکراتے

اچانک اسکی مسکراہٹ سمٹی وہ انا کی پیچھے کہی دیکھ رہے تھے

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

انا نے جب پیچھے دیکھا تو اسکی چیخ نکل گئی۔۔۔۔گلاب کا وہ پورا باغ تہس نہس ہو چکا تھا۔۔۔ ہر جگہ کو آگ کے شعلے اپنی لپیٹ میں لے چکے تھے۔۔۔انا آنکھیں بڑی کیے وہ سب دیکھ رہی تھی جب اسے اپنے پیچھے سے چیخیں سنائی دی

اسنے مڑ کر دیکھا تو اپنے ماں باپ کے بے جان وجود کو پایا

ماما!!!پاپا!!!!!" انا چلاتی انکی جانب بھاگی۔۔۔ مگر وہ جتنا انکی جانب بھاگتی وہ اتنے ہی اس سے دور ہوتے جارہے تھے۔۔۔ یہاں تک کہ انا کے پیروں میں چھالے پڑ گئے۔۔۔انا تھک کر زمین پر گر گئی۔۔۔جب اسنے اٹھنے کی کوشش کی تو اسے ایک اور جھٹکا لگا۔۔۔۔اسکی پنک فراک اب کالے رنگ کے سیاہ سوٹ میں تبدیل ہو گئی تھی جو جگہ جگہ سے پھٹا تھا۔۔۔۔۔اسکے تاج کے پھول مرجھا گئے تھے اور وہ ایک پنجرے میں قید تھی۔۔۔۔۔۔

کوئی ہے بچاؤ مجھے۔۔۔۔۔۔مجھے یہاں سے نکالو کوئی ہے۔۔۔۔۔ماما، پاپا۔۔۔۔۔زرقہ؟ کوئی ہے؟"
انا نے جب پنجریں کی سلاخوں کو پکڑنا چاہا تو وہ اتنی گرم تھی کہ اسکے ہاتھ جل گئے اور انا کی چیخیں نکل گئی

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

پرنسز!!!!!" ایک پراسرار آواز اسے سنائی دی۔۔۔ انانے سامنے دیکھا تو وہ دیو اسکے سامنے کھڑا "ہنس رہا تھا

تم اب میری ہوں پرنسز۔۔۔۔ صرف میری۔۔۔۔ ہاہاہا" وہ اونچا اونچا ہنسنے لگا"

ننن۔۔۔ نہیں۔۔۔۔۔ نہیں!!!!!!" انا ایک دم سے چلا اٹھی اور اپنے آنکھیں کھولی"

اسنے ارد گرد نگاہ دوڑائی تو خود کو ایک کمرے میں پایا جو ہسپتال کا ہی ایک کمرہ معلوم ہو رہا تھا

ارے آپ کو ہوش آگیا میں ابھی ڈاکٹر کو بلا کر لاتی ہوں" نرس جو اسکی ڈرپ چینج کرنے آئی تھی" اسے دیکھ کر فورا بولی اور وہی سے پلٹی

ہوش۔۔۔۔ تو کیا میں مری نہیں۔۔۔۔ میں زندہ ہوں۔۔۔۔۔ میں کیوں زندہ ہوں میرے" مولا۔۔۔۔ تونے میری جان کیوں نہیں لے لی۔۔۔۔ کیا میں اتنی بری ہوں" انا مایوسی سے اللہ سے گلہ کرتے بولی۔۔۔ آنسوؤں اسکی آنکھوں سے بہہ کر تکیے میں جذب ہو گئے

"اور مایوسی کفر ہے"

مگر انا بھی ایک عام انسان تھی۔۔۔ خطا کا پتلا ہوتا ہے انسان۔۔۔۔۔ انانے بھی خطا کی وہ اپنے رب سے مایوس ہو گئی جو انسان کہ لیے کو بھی کرتا ہے بہتر ہی کرتا ہے

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

---------

مسٹر شیخ"ڈاکٹر نے رستم کو پکارا جو ابھی ابھی فریش ہو کر گھر سے آیا تھا"

ہنہ !!"رستم فوراً چونکا"

کانگریچولینشنز مسٹر شیخ آپکی وائف کو ہوش آ گیا ہے اور اب وہ بلکل پرفیکٹ ہے۔۔۔ آپ ان سے "مل سکتے ہے آپ کی سسٹر وہی ہے ان کے پاس"ڈاکٹر کی خبر سنتے ہی رستم کی جان میں جان آئی

دس دن۔۔۔۔ دس دنوں سے انا بے ہوش تھی۔۔۔۔۔ مگر اب اسکے ہوش میں آنے کا سن کر رستم کے دل کو چین و سکون ملا اور لمبے لمبے ڈگ بھر تا وہ انا کے کمرے کی جانب پہنچا جہاں زرقہ پہلے سے ہی موجود تھی

رستم کی حالت بہت خراب ہو چکی تھی وہ کئی دنوں سے گھر نہیں گیا تھا مگر پھر ہمدہ بیگم کے اصرار پر وہ گھر فریش ہونے چلا جاتا آج بھی زرقہ نے وہاں رک کر رستم کو تھوڑی دیر کے لیے گھر بھیج دیا تھا

رستم کمرے کا دروازہ کھول کر اندر داخل ہوا تو نظریں اس پر گئی جو سپاٹ چہرہ لیے زرقہ کی بات سن رہی تھی

زرقہ !!"انا نے اسے پکارا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

ہنہ ؟" زرقہ جو اسکی کلاس لے رہی تھی اچانک اسکی جانب متوجہ ہوئی"

مجھے موت کیوں نہیں آئی زرقہ ۔۔۔۔۔۔ میں ۔۔۔۔۔ میں مر کیوں نہیں گئی۔۔۔۔۔ میں زندہ" کیوں ہوں ؟" انانے پوچھا تو زرقہ نے اسے ترس سے دیکھا

انا ایسا مت کہوں" زرقہ نے اسے چپ کروانا چاہا"

کیوں نہیں کہوں زرقہ کیا میں اللہ کو اتنی ناپسند ہوں۔۔۔۔۔ جو وہ مجھے نا جینے دیتا ہے اور نا ہی" مرنے۔۔۔۔ وہ مجھے اپنے پاس کیوں نہیں بلا لیتا زرقہ ؟" انا روتے ہوئے بولی تو زرقہ نے اسے اپنے ساتھ لگا لیا

انا مت روؤں تمہیں چوٹ لگی ہے تکلیف ہو گی" زرقہ نے اسے بہلایا"

اور جو چوٹ دل پر لگی ہے اسکا کیا؟" انا کے سوال پر زرقہ خاموش ہو گئی۔۔۔۔۔ جبکہ دروازے پر" موجود رستم کی آنکھوں میں خون اتر آیا۔۔۔۔۔

وہ موت مانگ رہی تھی۔۔۔ وہ اس سے دور جانا چاہتی تھی۔۔۔۔ وہ رستم کو تکلیف دینا چاہتی تھی

ڈونٹ وری پرنسز تمہیں ایسی سزا دوں گا کہ تم موت کو بھی بھول جاؤ گی۔۔۔۔۔ میں موت بھی" حرام کر دوں گا تم پر پرنسز!!" اپنے دماغ میں سوچتے رستم ہلکا سا کھانسا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

زرقہ جلدی سے انا سے دور ہوئی

انا نے دیکھا کہ زرقہ کی شہہ رگ پر چوٹ کا ہلکا سا نشان تھا

یہ کیا ہوا ہے؟" رستم کو اگنور کیے اس نے زرقہ سے پوچھا"

وہ۔۔"زرقہ نے تھوک نگلتے رستم کو دیکھا جو اسے سخت نگاہوں سے گھور رہا تھا"

وہ میں گر گئی تھی۔۔۔۔۔اچھا انا میں اب چلتی ہوں"زرقہ تیزی سے انا کے گلے لگے باہر کو بھاگی"

رستم نے زرقہ کے جاتے ہی دروازہ لاک کیا

تو تمہیں موت چاہیے۔؟"رستم نے اس سے پوچھا"

ہاں" انا نے بنا اسکی جانب دیکھے سپاٹ لہجے میں جواب دیا"

کیوں؟"اپنے اندر پکتے لاوا پر قابو پائے رستم نے پوچھا"

کیونکہ مجھے نفرت ہے تم سے۔۔۔تمہارے ساتھ سے۔۔۔۔۔تم ساتھ ہوتے ہوں تو دم گھٹتا ہے"

میرا۔۔۔۔تمہارے ساتھ رہنے سے زیادہ اچھا آپشن موت ہے میرے لیے"آپ جناب کو پیچھے

دفع کیے انا بے تاثر لہجے میں بولی

رستم نے غصے سے جبڑے بھینچ لیے

لمبے لمبے ڈگ بھرتا وہ انا کے سر پر جا پہنچا اور پھر تھوڑا سا جھکتے اپنا چہرہ اسکے چہرے کے قریب کیے رستم نے انتہائی بے دردی سے انا کے دونوں بازوؤں کو تھاما جس پر انا کی سسکی نکلی

"تو تمہیں نفرت ہے مجھ سے۔۔۔۔ میرا ساتھ پسند نہیں۔۔۔ دم گھٹتا ہے تمہارا۔۔۔۔ موت مجھ سے بہتر ہے ہاں" اسکے بازوؤں پر گرفت مزید سخت کرتے رستم بولا تو انا کی آنکھوں سے آنسوؤں بہنا شروع ہو گئے

"تیار رہو انا رستم۔۔۔۔ تمہاری سزا کا وقت قریب آگیا ہے اور ایسی سزا دوں گا میں تمہیں کہ موت کا خیال بھی تمہارے دماغ میں نہیں آئے گا۔۔۔۔۔ موت کا سایہ بھی تم پر پڑنے نہیں دوں گا۔۔۔۔ موت سے بھی زیادہ تکلیف دہ سزا دوں گا میں تمہیں انا شیخ" رستم کی گرم سانسیں انا کے چہرہ جھلسا رہی تھی مگر اسکے الفاظ انا کے بدن میں کپکپی طاری کر گئے تھے۔۔۔۔۔ اسکا انداز انا کو یقین دلانے کو کافی تھا کہ اب انا کو کوئی نہیں بچا سکتا۔۔۔۔۔

مگر ابھی بھی عامر کی صورت میں ایک امید باقی تھی۔۔۔۔۔ اسے یقین تھا کہ عامر ضرور رستم کو اس کے گناہوں کی سزا دلوائے گا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

\-------------

انا کو ہوسپٹل میں رہتے ہوئے مہینہ ہو گیا تھا۔۔۔۔رستم ایک بار بھی اس سے ملنے نہیں آیا تھا۔۔۔۔۔انا کی یہاں ہر طرح سے دیکھ بھال کی جا رہی تھی۔۔۔۔۔۔رستم نے اس کے لیے بیسٹ ڈائٹیشن اور ڈاکٹرز کی ٹیم کو ہائر کیا تھا جو اسکی ہر طرح سے دیکھ بھال میں لگے ہوئے تھے۔۔۔۔۔انا تیزی سے صحت یاب ہو رہی تھی اور اسکی صحت بھی بہت اچھی ہو گئی تھی۔۔۔وہ روزانہ صبح شام تازہ ہوا میں لیجایا جاتا۔۔۔۔۔مگر انا کا دماغ صرف رستم کی طرف تھا۔۔۔۔وہ اتنے پر سکون ماحول میں بھی سکون سے جی نہیں پا رہی تھی

انا!!!!"زرقہ ہاتھ میں ڈھیر سارے شاپنگ بیگز لیے اس سے ملنے آئی تھی۔۔۔۔اسے دیکھتے ہی انا مسکرا دی

کیسی ہوں؟"زرقہ بیگز صوفہ پر رکھتی اسکے سامنے بیٹھتے بولی"

بلکل ٹھیک تم سناؤ؟"انا نے مسکرا کر پوچھا"

میں ایک دم فٹ اور یہ دیکھو میں کیا لائی ہوں"زرقہ اسکے سامنے بیگز رکھتے بولی"

یہ کیا ہے؟"انا نے بیگز میں چھوٹے بچوں کے کھلونے اور کپڑے دیکھے تو حیران رہ گئی"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

کیا مطلب کیا ہے؟ بھئی جو ننھا مہمان آرہا ہے اسکی شاپنگ ہے۔۔۔۔۔۔ تم جانتی ہوں میں اتنی "ایکسائٹیڈ ہوں کہ کیا بتاؤں؟" زرقہ خوشی سے چہکی تو انا ہنس دی

کیسے ہیں؟" زرقہ نے مسکرا کر پوچھا"

بہت اچھا" انا بھی مسکرائی مگر اس کا دل خوش نہیں تھا۔۔۔"

انا کو اس بچے سے کوئی لگاؤ نہیں تھا۔۔۔ اسے نا تو اس سے محبت تھی اور نا ہی نفرت۔۔۔۔۔۔ وہ جانتی تھی کہ اس کے ساتھ جو کچھ بھی ہوا اس میں اس بچے کا کوئی قصور نہیں مگر پھر بھی وہ اپنے اندر دور دور تک ممتا کا احساس محسوس نہیں کر سکتی تھی۔۔۔۔ مگر پھر بھی وہ ماں تھی۔۔۔۔ اسی لیے تو اس بچے کی خاطر رستم سے نبھا کرنے کو تیار تھی

انا ایک بات کہوں؟" دونوں ہاتھوں کو آپس میں رگڑتے زرقہ ہچکچا کر بولی"

ہاں کہوں۔۔۔ تمہیں کب سے اجازت لینے کی ضرورت محسوس ہونے لگی؟" انا نے مسکراہ کر پوچھا"

انا تم پلیز اپنی لائف میں سیٹ ہونے کی کوشش کروں۔۔۔۔ آگے بڑھو انا۔۔۔۔۔۔ دیکھو میں "جانتی ہوں کہ بھائی کو معاف کرنا آسان نہیں۔۔۔۔ مگر ایک بار اس بچے کے بارے میں سوچو۔۔۔

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

تم جانتی ہوں جب تمہیں گولی لگی تھی تو بھائی کیا حالت کیا تھی۔۔۔۔۔وہ پاگل ہونے کے درپر تھے۔۔۔۔۔کئی کئی دن گھر نہیں جاتے۔۔۔۔۔میں نے انکا پاگل پن، انکا جنون دیکھا ہے انا وہ تو میں نے بھی دیکھا ہے" انا بولی تو قطرہ آنکھ سے ٹوٹ کر گرا"

رستم یہ۔۔۔رستم یہ جھوٹ ہے۔۔۔سچ نہیں یقین کر میرا۔۔۔ مطلب یہ۔۔۔یہ پکا کسی کی کوئی" سازش ہے۔۔۔میں۔۔۔یہ اتنی گھٹیا تصویریں؟ تیرے پاس کہاں سے آئی؟" وجدان تو سن تھا

میں نے سب برباد کر دیاوجی۔۔۔اپنا، اپنا بچہ مار دیا۔۔۔اپنی بیوی پر، اپنی پرنسز پر شک کیا۔۔۔اور " یہ ڈی۔این۔اے رپورٹ ہے۔۔۔مجھے لگاوہ بچہ میرا نہیں" رستم سر نفی میں ہلاتے بولا تو وجدن کو کسی انہونی کا احساس ہوا

رستم اب کی بار کیا کیاہے تونے؟ کون سے ستم ڈھائے ہیں اس پر؟" وجدان نے خود پر قابو پاتے" پوچھا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

سر جھکائے رستم سب کچھ بولتا۔۔۔۔۔۔ حرف بہ حرف، ایک ایک لفظ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وجدان سے جب قابو نہ ہوا تو وہ اٹھا اور ایک مکا رستم کے منہ پر جڑ دیا۔۔۔۔۔۔ مگر اسکی بس یہی نہیں ہوئی تھی ۔۔۔۔۔۔ پہ در پہ وہ رستم کو مارتا گیا

تم زلیل کمینے انسان۔۔۔۔۔ بہن مانا ہے میں نے اسے۔۔۔۔ بہن۔۔۔۔۔۔ اور تو؟۔۔۔۔۔۔ مجھے لگا" تو اپنے باپ جیسا نہیں ہو گا۔۔۔۔۔۔ مگر تو تو ان سے بھی زیادہ گھٹیا اور گرا ہوا نکلا۔۔۔۔۔۔۔ اپنے ہی خون۔۔۔۔۔۔ تف ہے تجھ پر رستم۔۔۔۔۔۔۔ کیا تیرا دماغ کام نہیں کرتا۔۔۔۔۔۔۔ کیا تو نے ایک بار بھی تصدیق کروانے کی کوشش نہیں کی؟ کیا یہ تھی تیری محبت؟ کیوں رستم شیخ کیوں!!!!!" اسکے کالر کو دبوچے وجدان غرایا جبکہ رستم خاموش رہا۔۔۔۔۔ وجدان نے رستم کو زور سے دھکا دیا

مجھے صرف ایک جواب چاہیے رستم شیخ۔۔۔۔۔۔ صرف ایک جواب۔۔۔۔۔۔۔۔ دوسروں کو" انصاف دلانے والا رستم شیخ اپنی ہی بیوی کے ساتھ اتنی ناانصافی کیسے کر سکتا ہے؟" وجدان نے زمین پر گرے رستم کے سامنے بیٹھے رستم سے پوچھا

تم نے مجھے توڑ دیا رستم شیخ۔۔۔۔۔۔۔ تم نے دوستی اور محبت دونوں کو داغدار کر دیا۔۔۔۔۔۔" کیوں؟" رستم کچھ نہیں بولا۔۔۔۔۔۔۔ آنسوؤں آنکھوں سے بہتے چلے جا رہے تھے

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

دوبارہ کبھی میرے سامنے مت آنا رستم شیخ۔۔۔۔۔۔مجھے نفرت ہے تم سے" وجدان پھنکارتا وہاں سے چلا گیا

آج رستم حقیقت میں خالی ہاتھ رہ گیا۔۔۔وہ اپنی جگہ سے اٹھا اور ڈبڈباتی نظروں سے وجدان کی پشت کو گھورا

مجھے ڈر تھا۔۔۔۔۔ڈر تھا کہ کہی میں بھی ماما کی طرح خالی ہاتھ نہ رہ جاؤ۔۔۔۔۔ماما نے بھی تو کی تھی" ڈیڈ سے محبت۔۔۔کیا ملا انہیں؟ کچھ بھی نہیں۔۔۔۔۔اور میں خالی ہاتھ نہیں رہنا چاہتا تھا۔۔۔۔۔کبھی نہیں" رستم چیخا چلایا مگر اب کی بار سننے والا کوئی نہیں تھا

انا!!!!" زمین پر گھٹنوں کے بل گرتا وہ چلا اٹھا"

آاااااااااااا!!!!!" رستم نے اپنے بال نوچنا شروع کر دیے تھے"

اگر۔۔۔۔اگر انا نے مجھے چھوڑ دیا؟" رستم کے اندر خوف پھیلا"

نن۔۔۔۔۔نہیں ایسا نہیں ہو سکتا میں اسے دور نہیں جانے دوں گا۔۔۔۔۔کبھی نہیں۔۔۔۔۔" میں، میں مر جاؤں گا۔۔۔۔نہیں!!!!تم نہیں جاؤ گی۔۔۔۔اناااا" وہ دھاڑے مار مار رو رہا تھا مگر اس بار سب نے اسکے ساتھ چھوڑ دیا تھا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

اسکے اندر کی آواز بھی آج کہی کھو گئی تھی۔۔۔۔۔۔یوں جیسے وہ کبھی ہوں ہی نا۔۔۔۔۔۔رستم شیخ خود کو آج مکمل طور پر برباد کر چکا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جہاں کسی کی زندگی برباد ہو چکی تھی وہی کوئی اور بھی تھا جو اپنی فتح کا جشن منا رہا تھا

ویسے مان گیا میں آپ کو کیا دماغ پایا ہے آپ نے" غازان وائن پیتے بولا تو نوید شیخ ہنس دیے"

ویسے تمہارے اس بھائی کا کیا حال ہے؟"نوید شیخ نے غازان سے آبرو اچکائے پوچھا"

ہاہاہاہا۔۔۔۔۔۔وہ؟ اسکی تو بات ہی مت کرے۔۔۔۔۔۔سالا مجنوں بنا پھر رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔بلڈی" ایڈیٹ۔۔۔۔۔مطلب کے کوئی اتنا بے وقوف کیسے ہو سکتا ہے؟ میں تو سوچ رہا ہوں کے اب وہ وجدان کو کیا سزا دے گا۔۔۔۔بیچارا وجدان بیچ میں پھنس گیا تھا۔۔۔۔ویسے کیا ہو جاتا اگر رستم ان تصویروں پر یقین کرنے سے پہلے ایک بات تفتیش کروالیتا۔۔۔۔۔"غازان ہنسا تو نوید شیخ بھی ہنس دیے

اچانک انکی ہنسی تھمی اور آنکھیں لال ہو گئی۔۔۔۔۔جن میں نفرت ابھرنا شروع ہو گئی تھی

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

وہ کمینہ۔۔۔۔۔۔ مجھ سے مقابلہ کرنے چلا تھا۔۔۔۔۔۔ اپنے باپ سے۔۔۔۔۔۔ اسکی ہمت کیسے ہوئی۔۔۔۔۔ اسے کیا لگا تھا کہ میں اسے ایسے ہی جانے دوں گا۔۔۔۔۔ نہیں ہر گز نہیں۔۔۔۔۔ وہ جانتا نہیں کہ نوید شیخ کیا شہ ہے" وہ غصے سے پھنکارے جبکہ غازان ہونٹوں پر مکروہ مسکراہٹ سجائے انہیں دیکھ رہا تھا

"تم نے تو اسے کہی کا نہیں چھوڑا غازان۔۔۔۔۔ ویل ڈن۔۔۔ اور اس بے وقوف کو دیکھو۔۔۔ تم نے وجدان اور انا کی تصویروں کو کیسے جوڑا ہے۔۔۔۔ لگتا ہی نہیں کہ تصویریں جعلی تھی" نوید شیخ نے اسے شاباشی دی

"کہی کا تو میں تجھے بھی نہیں چھوڑو گا بڈھے۔۔۔۔ بس ایک بار یہ سب کچھ میرے ہاتھ لگ جائے۔۔۔ دیکھ کیا حال کرتا ہوں تیرا" غازان نے نفرت سے سوچا

"ویل اب میں جا رہا ہوں۔۔۔۔۔ آخر کو مشکل وقت میں دوست کے ساتھ ہونا چاہیے" غازان خالی گلاس ٹیبل پر رکھے وہاں سے چلا گیا۔۔۔۔ جبکہ نوید شیخ آگے کا سوچنے لگے

"ہم اب کسی نا کسی طریقے سے اس زارون کو راستے سے ہٹانا ہو گا۔۔۔۔ وہ تاشہ تو کسی کام کی نہیں تھی" تاشہ کا نام سنتے ہی ان کے منہ یوں ہو گیا جیسے کڑوے بادام کھا لیے ہوں

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

نوید شیخ شروع سے ہی اپنا حکم چلانے والوں میں سے تھے اور اب یوں رستم کو اپنی جگہ لیتے دیکھنا انہیں کسی طور بھی گوارا نہیں تھا۔۔۔۔اور پھر جب انہوں نے رستم کے لیے تاشہ کا پاگل پن اور جنون دیکھا تو ان کے دماغ میں ایک آئیڈیا آیا

تاشہ انا سے بہت زیادہ خوبصورت تھی۔۔۔اور نوید شیخ۔۔۔۔تاشہ کا سراپا انہیں اپنی طرف مائل کرتا تھا۔۔۔۔۔۔۔انہیں تو اس بات سے بھی غرض نہیں تھی کہ تاشہ انکی بیٹی کی عمر کی ہے۔۔۔۔۔۔جب غازان تاشہ کو لیکر امریکہ گیا تھا تب ہی نوید شیخ بھی سب سے چھپ کر ان کے پیچھے گئے تھے۔۔۔۔۔۔تاشہ کے سیٹل ہو جانے کے بعد غازان واپس آ گیا تھا۔۔۔۔۔تبھی نوید شیخ تاشہ سے ملے اور انہوں نے یہ شرط رکھی کے اگر تاشہ انہیں خوش کرے، انکا دل بہلائے تو وہ تاشہ کی مدد کرے گے رستم کو حاصل کرنے میں۔۔۔۔۔تاشہ کو بس رستم سے مطلب تھا۔۔۔۔۔وہ اسے حاصل کرنے کے لیے کچھ بھی کر سکتی تھی۔۔۔۔۔وہ اسکا جنون بن چکا تھا۔۔۔۔۔تاشہ نے فورا نوید شیخ کی بات مانی اور حامی بھر لی۔۔۔۔۔۔بس پھر نوید شیخ کو تاشہ کے روپ میں دل بہلانے کو ایک نیا کھلونا مل گیا تھا

چار سالوں میں انا گھر سے اتنا باہر نہیں نکلتی تھی۔۔۔۔اور اگر نکلتی بھی تو گارڈز کے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔چار سال انتظار کر کے تاشہ کو ایک دن موقع ملا کہ وہ اپنا بدلا پورا کر سکے اور اس

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

نے انااور زارون کو مروانے کی کوشش کی۔۔۔۔۔ مگر رستم نے اس کا کام تمام کر دیا اس بات سے بے خبر کہ ماسٹر مائینڈ تو کوئی اور ہی تھا

-----------

رستم تھکے ہارے قدموں سے ہسپتال میں داخل ہوا۔۔۔۔۔ وہ وجدان اور زرقہ کی جانب بڑھا مگر وجدان کی کاٹ دار نظریں دیکھ کر وہ وہی رک گیا اور رخ موڑ گیا۔۔۔۔ دیوار کے ساتھ ٹیک لگائے اس نے آنکھیں بند کی ہوئی تھی جب غازان اسکے سامنے آ کھڑا ہوا

رستم میرے دوست !!" رستم نے آنکھیں کھولے اسے دیکھا"

بہت افسوس ہوا تمہاری بیوی اور بچے کا سن کر۔۔۔ ویسے اب بھابھی کیسی ہے؟" غازان نے فکر مند لہجے میں پوچھا"

معلوم نہیں" رستم کا سر نفی میں ہلا"

میں نے کہا تھا نا کہ ایک وقت آئے گا جب میں تمہارے الفاظ تمہیں واپس لٹاؤں گا" غازان ہلکی" مسکراہٹ سے بولا تو اب کی بار رستم پوری طرح اسکی جانب متوجہ ہوا۔۔۔۔۔۔ غازان کی مسکراہٹ کچھ اور ہی داستان سنا رہی تھی۔۔۔۔۔ رستم کے دماغ میں کچھ کلک ہوا۔

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

غازان کو ایک طرف کیے وہ لمبے لمبے ڈگ بھرتا باہر کی جانب بڑھا۔۔۔اسے جاتے دیکھ کر وجدان نے غصے اور نفرت سے سر جھٹکا۔۔۔۔غازان بھی اسکے یوں جاتے دیکھ کر چونکا، مگر خیر اسکی حالت سے غازان کو اپنے اندر ڈھیروں سکون اترتا محسوس ہوا تھا۔۔۔مگر سامنے کھڑے وجدان کو سہی سلامت دیکھ کر وہ تھوڑا سا چونکا۔

غازان نے اپنی اور انا کی لی گئی تصویروں میں بہت ہوشیاری سے اپنی جگہ وجدان کا چہرہ لگا دیا تھا۔۔۔۔تا کہ اس پر کوئی شک نہیں کرے۔۔۔۔اس سے غازان کا بدلا نا صرف پورا ہوتا بلکہ رستم بھی سب کچھ ہار جاتا۔۔۔۔اسکے پاس کچھ نہیں رہتا۔۔۔نا دوست اور نا ہی محبت

لگتا اسے بعد میں سزا دے گا۔۔۔ابھی تو بیچارہ کو بچے کا غم لگا ہوا ہے" غازان ہنسی چھپاتے غمزدہ چہرہ لیے وجدان کے پاس جا کھڑا ہوا اور تسلی دینے کو اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ دیا

------------

ہیلو بہادر خان کہاں ہوں؟" رستم نے گاڑی ڈرائیو کرتے اسے کال کی"

ماسٹر میں گھر پر" بہادر خان اپنے سامنے دو سال کے بیٹے کو کھیلتے دیکھ کر بولا"

ہمم۔۔۔۔ابھی ولا آؤ" رستم بے لچک لہجے میں بولا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

ماسٹر سب ٹھیک ہے ؟ ملکہ تو ٹھیک ہے نا؟ وہ بچ گئی ؟" بہادر خان نے سوال کیا"

ہاں سب کچھ ٹھیک ہونے والا ہے۔۔۔۔۔۔۔ تم ایسا کروں۔۔۔۔ جو تصویریں ملکہ کی تمہارے پاس" ان کی انفارمیشن نکلواؤ۔۔۔۔۔چیک کروں وہ اصلی ہے بھی یا نہیں۔۔۔۔۔۔اور تمہارے پاس صرف دو گھنٹے ہیں" رستم دھیمے مگر سخت لہجے میں بولا

جو حکم ماسٹر "کال رکھتے ہی بہادر خان زور سے ہنسنے لگا۔۔۔۔۔ اسے ہنستے دیکھ کر اسکا بیٹا بھی تالیاں" بجانے لگا

تو تمہارا انجام قریب ہے نوید شیخ۔۔۔۔۔اب تم نہیں بچو گے۔۔۔۔۔۔ تمہاری اپنی اولاد تمہارے" گلے کا طوق بن جائے گی" بہادر خان پر اسرار مسکراہٹ چہرے پر سجائے بولا

--------------

رستم کب سے ادھر ادھر چکر لگا رہا تھا جب آخر کار بہادر خان اسے وہاں آتے دکھائی دیا۔۔۔۔

"بہادر خان!!"

"ماسٹر!!"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

کیا بنا؟" رستم نے بے چینی سے پوچھا"

آپ خود دیکھ لیجیے" بہادر خان انویلپ رستم کی جانب بڑھاتے بولا"

رستم نے کانپتے ہاتھوں سے انویلپ کھولا اور اس میں موجود تصاویر دیکھ کر رستم کا حال برا ہو گیا

اور ماسٹر یہ ویڈیو بھی" بہادر خان نے رستم کو موبائل تھمایا۔۔۔۔۔اس میں موجود ویڈیو دیکھ کر" رستم کا مارے غصے کے برا حال ہو گیا

غازان انا کی چائے میں کچھ ملا رہا تھا اور چائے پینے کے کچھ دیر بعد ہی انا کو چکر آنا۔۔۔۔۔۔۔غازان کا اسے پکڑنا اور انا کا دور کرنا۔۔۔۔۔۔۔غازان کا پلان بہت اچھا تھا مگر وہ گھر کے اندر لگے کیمرہ بند کرنا بھول گیا تھا

کیوں!!" موبائل زور سے زمین پر مارے وہ دھاڑا"

مگر اچانک ہی اسے غازان کے الفاظ یاد آئے۔۔۔۔۔۔۔غازان نے کہاں تھا کہ وہ اسے نہیں چھوڑے گا۔۔۔۔۔۔۔اس نے واقعی میں اسے کسی قابل نہیں چھوڑا تھا

کسی کو نہیں چھوڑو گا۔۔۔۔۔۔۔سب کے سب برباد ہو گے" رستم چلایا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

"!!بہادر خان"

"!!جی ماسٹر"

بہادر خان تاشہ انصاری اور نوید شیخ کے خوبصورت پلوں کی تمام تصاویر سوشل میڈیا پر اپلوڈ کر دوں۔۔۔۔۔ کل تک یہ تصویریں ہیڈلائن بن جانی چاہیے اور ہاں۔۔۔۔نوید شیخ کے تمام غلط کاموں کی فہرست وائرل کر دوں۔۔۔۔۔ کل تک مجھے وہ انسان ہتھکڑی لگا چاہیے۔۔۔"

جو حکم ماسٹر !!" بہادر خان مسکرا کر وہاں سے چلا گیا"

تمہاری دراز رسی کو اللہ کھینچ چکا ہے نوید شیخ" بہادر خان بڑبڑاتے ہوئے اپنی گاڑی کی جانب بڑھا"

مگر وہ بھول گیا تھا کہ ہر انسان کا دامن میلا ہوتا ہے۔۔۔وہ ڈاکٹر کنول کو بھول گیا تھا۔۔شائد اللہ نے اسکی رسی بھی اسی لیے دراز رکھی تھی کہ اسے عقل آجائے۔۔وہ توبہ کر لے۔۔۔ مگر جن کے دلوں پر مہر اور آنکھوں پر پٹی بندھی ہوں انہیں کبھی عقل نہیں آتی

\-------------

انا کی آنکھیں کھلی تو وہ بہت دیر تک چھت کو گھورتی رہی۔۔۔۔۔۔اسے بیتے پل یاد آنے لگے۔۔۔۔۔جب اسکا ہاتھ اپنے پیٹ پر گیا۔۔۔۔۔ مگر اب وہ وہاں کچھ محسوس نہیں کر سکتی

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

تھی۔۔۔۔۔۔۔وہاں کوئی زندگی نہیں تھی۔۔۔۔۔۔۔انا کی آنکھوں میں پانی جمع ہونا شروع ہو گیا۔۔۔۔۔۔۔ایک سسکی اسکے منہ سے نکلی

زرقہ جو زارون کو لیکر کمرے میں داخل ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔انا کو جاگتا پا کر فوراا سکی جانب بڑھی سوئے ہوئے زارون کو اس نے صوفہ پر لٹا دیا تھا

انا!!"زرقہ نے اسے اٹھنے میں مدد دی"

انا۔۔۔۔۔۔"زرقہ کی بات شروع ہونے سے پہلے انا اس سے لپٹ گئی"

اس نے ایسا کیوں کیا زرقہ۔۔۔۔۔۔اس نے شک کیا مجھ پر۔۔۔۔۔۔۔میری اولاد۔۔۔۔۔۔۔۔میری" اولاد کو ختم کر دیا۔۔۔۔۔۔۔بولا یہ ناجائز ہے۔۔۔۔۔۔اسے مار دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں نے۔۔۔۔۔۔ میں تو سب کچھ بھول کر آگے بڑھی تھی زرقہ۔۔۔۔۔۔۔سب کچھ بھلا کر اسکی جانب ہاتھ بڑھایا تھا۔۔۔۔۔۔۔اپنے ماما پاپا۔۔۔۔۔۔۔ڈاکٹر کنول یہاں تک کے عامر کو بھی" چار سال پہلے انا نے ایک دن رستم کو بہادر خان سے بات کرتے سنا تھا جب اسے معلوم ہوا کہ عامر بھی مر چکا ہے اور اس دن انا کی آخری امید بھی ختم ہو چکی تھی۔۔۔۔۔اسی لیے وہ رستم کی جانب بڑھی

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

تمہارا بھائی اس قابل نہیں زرقہ کہ اسے ایک موقع دیا جائے۔۔۔۔۔۔۔اپنی محرومیوں کا بدلا" اسنے میری ذات کو ریزہ ریزہ کر کے لیا ہے۔۔۔۔۔۔اپنی خوشیوں کا سودا میری خوشیاں چھین کر کیا ہے اس نے زرقہ۔۔۔۔۔۔۔۔سب کچھ تباہ کر دیا اس نے سب کچھ۔۔۔۔۔۔ایک بار۔۔۔۔۔۔ ایک بار تو پوچھتا مجھ سے۔۔۔۔۔۔۔صرف ایک بار۔۔۔۔۔۔مگر اس نے تو مجھے میری ہی نظروں میں گرا دیا۔۔۔۔۔۔ہر بار کی طرح ایک بار پھر میں بد کردار ٹھہرائی گئی۔۔۔۔۔۔۔۔مجھے داغدار کر دیا اسنے۔۔۔۔۔۔سب کچھ ختم کر دیا زرقہ۔۔۔۔۔سب کچھ" زرقہ تو انا کو کچھ بھی کہہ نہیں سکی آج تو اسکے پاس انا کو تسلی دینے کو بھی کچھ نہیں تھا۔۔۔کوئی ایک لفظ۔۔۔ایک حرف نہیں۔۔۔

\-------------

نئی صبح کا سورج طلوع ہو چکا تھا اور یہ نئی صبح آج سب کی زندگیاں کیسے بدلنے والی تھی ہر کوئی اس سے لاعلم تھا۔۔۔۔۔۔

انا یہ تم کیا کر رہی ہوں ؟" زرقہ جو اسکا ناشتہ لیکر اندر داخل ہوئی تھی انا کو گھر کے کپڑوں میں دیکھ کر" حیران رہ گئی

جانے کی تیاری !!" انا اپنا سامان سمیٹتے بولی"

اسکی حالت ٹھیک نہیں تھی، چلنے میں دشواری آرہی تھی مگر وہ کوشش کررہی تھی

کہاں؟ کہاں جارہی ہوں؟" زرقہ نے خدشے کے تحت پوچھا"

کسی ایسی جگہ جہاں رستم شیخ کا سایہ بھی مجھ پر نا پڑے" انابنا زرقہ کو دیکھ کر بولی"

انا ایک بار بھائی سے بات کرلو!!" زرقہ نے اسے مشورہ دیا"

انا کے ہاتھ تھمے اس نے زرقہ کو جن نظروں سے دیکھا اس پر زرقہ نے شرمندگی سے سر جھکالیا

تمہارے بھائی نے مجھے اس قابل چھوڑا ہی کہاں ہے زرقہ کہ کوئی بات کی جائے۔۔۔۔۔۔۔۔ ویسے" بھی بات کرنے کی گنجائش اب ختم ہوچکی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ انا جعفری ہی پاگل تھی جس نے رستم شیخ کی خاطر خود کو بدلنے کا سوچا۔۔۔۔۔۔۔ جو اس کے آگے جھک گئی۔۔۔۔۔۔ یہ تک بھول گئی کہ اس کے علاوہ کتنے معصوموں کی زندگی برباد کی ہے اس حیوان نما انسان نے" انا خود سے بولتی دوبارہ سامان سمیٹنے لگی۔۔۔۔ زرقہ کو جب کچھ نا سوجھا تو وہ فوراً سے وجدان کو بلانے بھاگی

اسے یقین تھا کہ وجدان اسے روک لے گا۔۔۔۔۔۔

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

صبح ناشتے کی ٹیبل پر نوید شیخ اور ہمدہ بیگم دونوں ناشتہ کرنے میں مصروف تھے۔۔۔۔۔۔جب ہمدہ بیگم کا موبائل بجا۔۔۔۔۔۔نجانے دوسری جانب سے ایسا کیا کہاں گیا کہ انکا ناشتہ چھوٹ گیا اور انہوں نے فوراً لاؤنج میں داخل ہو کر ٹی۔وی آن کیا۔۔۔۔۔۔نیوز چینل پر جاتے ہی جو خبر انہوں نے دیکھی۔۔۔۔اس سے انہیں چار سو چالیس والٹ کا جھٹکا لگا تھا

انکی آنکھوں میں نمی گھل گئی۔۔۔۔۔۔انہیں نفرت ہونے لگی خود، اپنے آپ سے۔۔۔۔۔۔یہ وہ شخص تھا جس سے کبھی انہوں نے محبت کی تھی۔۔۔۔۔کہ ایک وقت ایسا تھا جب انہوں نے اس شخص کی محبت میں صحیح غلط کے ہر فرق کو مٹا دیا تھا

نوید شیخ بھی ہمدہ بیگم کے پیچھے پیچھے لاؤنج میں داخل ہوئے اور ٹی۔وی دیکھ کر انکی حالت بہت بری ہو گئی تھی

ان کے تمام وہ کارنامے جو رات کے اندھیرے میں بدنامی کے ڈر سے چھپ کر کیا کرتے تھے۔۔۔۔۔ وہ یوں دن کے اجالے میں پوری دنیا کے سامنے آ گئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔نا صرف یہ بلکہ رستم نے ان کے تمام کالے دھندے بھی منظر عام پر پیش کیے تھے۔۔۔۔۔۔۔نا صرف انکے بلکہ وہ غلط کام جن میں رستم ملوث تھا ان میں بھی خود کو بچا کر اسنے نوید شیخ کو پھنسا دیا تھا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

یہ۔۔۔۔یہ کیا بکواس ہے" وہ غصے سے دھاڑے"

ابھی کل ہی تو وہ اپنی فتح کا جشن منا رہے تھے۔۔۔۔۔ آج یہ کایا پلٹ کیسی۔۔۔۔انہیں کچھ سمجھ نہیں آیا۔۔۔۔۔۔ہوش تو تب آیا جب پولیس سائرن کی آواز انہیں سنائی دی۔۔۔۔۔

نوید شیخ تو اپنی جگہ جم کر رہ گئے۔۔۔۔۔وہ بھاگ بھی نہیں سکے جب پولیس فورس اریسٹ وارنٹ لیکر ان کے گھر میں داخل ہوئی اور انہیں اپنے ساتھ لے گئی۔۔۔۔۔ہمدہ بیگم آنسو کیساتھ ہی پاس پڑے صوفہ پر ڈھ گئی۔۔۔۔تو آخر کو یہ انجام تھا انکی فریبی محبت کا۔۔۔۔۔

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

نوید شیخ کو پولیس ہتھکڑی لگائے لیجا رہی تھی جبکہ میڈیا والے لائیو کوورج کر رہے تھے اور ساتھ ہی ساتھ ڈھیروں تصاویر بھی لے رہے تھے۔۔۔۔۔

بہت سے منچلے اور جذباتی عوام نے وہاں پر دھرنا دینا شروع کر دیا تھا۔۔۔۔۔وہ حکومت سے نوید شیخ کو پھانسی دینے کو کہہ رہے تھے۔۔۔۔انہیں سنبھالنا بہت مشکل ہو گیا تھا۔۔۔۔۔ان میں زیادہ تر عوام وہ تھی جو جن کے عزیز نشے کی زیادتی کی وجہ سے مرے تھے۔۔۔۔وہ سب نوید شیخ کو لعن تعن کر رہے تھے جنہوں نے منہ چھپایا ہوا تھا۔۔۔۔۔

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

-------------

رستم اپنے آفس میں بیٹھا مزے سے نیوز دیکھ رہا تھا۔۔اسکے ہونٹوں پر ہلکی سی مسکراہٹ تھی۔۔۔۔۔۔

"میں نے کہاں تھا نا پرنسز کہ میں سب ٹھیک کر دوں گا۔۔۔۔۔۔ہر اس انسان کو سزا ملے گی جس نے ہمارے رشتے کو برباد کرنا چاہا۔۔۔۔۔۔۔اور اگلی باری تمہاری ہے غازان انصاری" رستم شیخ خود سے بولا

مگر وہ یہ بھول ہی گیا تھا کہ باقی سب نے تو اسکے رشتے کو برباد کیا تھا مگر اس نے تو خود اپنی محبت کو برباد کر دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔مگر اسے اس بات کا کوئی احساس نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔رستم شیخ کے نزدیک وہ بہک گیا تھا اسی لیے یہ غلطی۔۔۔۔۔۔ہاں غلطی۔۔۔۔۔۔وہ غلطی نہیں گناہ تھا۔۔۔مگر رستم کے نزدیک ایک غلطی ہی تھی۔۔۔۔۔۔رستم شیخ نے صحیح کہا تھا ہر انسان کو اسکے کیے کی سزا ملے گی اور ان سب میں رستم شیخ سرفہرست تھا۔۔۔جو کہ ابھی تک خدا کی پکڑ سے محفوظ تھا

----------

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

زرقہ نے وجدان کو انا کے حوالے سے بتایا تو وہ فوراً کمرے کی جانب بھاگا۔۔۔۔۔۔رستم سے اسے لاکھ شکوے سہی۔۔۔۔۔مگر تھا تو اسکا دوست۔۔

یہ زرقہ کیا بول رہی ہے انا۔۔۔۔تم جا رہی ہوں؟" وجدان نے اندر داخل ہوتے اس سے پوچھا جو محبت سے زارون کے بالوں میں ہاتھ پھیر رہی تھی

ہاں ٹھیک کہہ رہی ہے وہ میں جا رہی ہوں" بنا اسے دیکھے انا نے جواب دیا"

"کہاں؟"

معلوم نہیں۔۔۔۔۔۔کہی بھی۔۔۔۔اللہ کی زمین بہت وسیع ہے وجدان۔۔۔۔۔کہی بھی کسی بھی جگہ چلی جاؤں گی مگر اس بار رستم شیخ کی طرف نہیں مڑوں گی" اس نے وجدان کو دیکھ کر ٹھہر ٹھہر کر لفظ ادا کیے

اور کیا رستم نے تمہیں جانے دے گا؟" وجدان نے خدشہ ظاہر کیا"

اب مجھے رستم کے کچھ چاہنے یا نا چاہنے سے کوئی غرض نہیں۔۔۔۔۔جب رشتہ ہی ختم تو کیسی فکر۔۔۔" انا کا لہجہ بہت بدلا ہوا تھا

رستم تمہیں دوبارہ تکلیف پہنچا سکتا ہے انا" وجدان کو ڈر لاحق تھا"

جتنی تکلیفیں دینی تھی۔۔۔۔۔وہ دے چکا ہے۔۔۔۔۔اب نہ اس میں دینے کی ہمت ہے اور نہ ہی" مجھ میں سہنے کی" انا اپنے بیگ کی جانب بڑھی

میں جانتا ہوں انا کہ رستم تمہارا گناہگار ہے۔۔۔۔۔اس نے تمہارے ساتھ بہت غلط کیا۔۔۔۔۔" یقین مانو میں بہت لڑا ہوں اس سے۔۔۔۔اسے مارا۔۔۔۔۔اسے کہاں کہ دوسروں کو انصاف دلانے والا اپنی بیوی کے ساتھ ناانصافی کیسے کر سکتا ہے۔۔۔۔۔وہ شرمندہ تھا انا" وجدان نے اسے روکنے کی ہر ممکن کوشش کی

رستم اور شرمندہ۔۔۔۔۔ویری فنی" انا کھوکھلی ہنسی ہنسی"

اور کیا کہا تم نے؟ رستم نے کس کو انصاف دیا کب انصاف دیا۔۔۔۔۔وہ ایک ظالم حیوان" ہے۔۔۔۔۔۔وہ کبھی کسی کے ساتھ انصاف نہیں کر سکتا۔۔۔۔۔۔اور ہاں اگر انصاف سے مراد آنٹی ہمدہ ہے تو ایک بات یاد رکھنا وجدان رستم نے انکی مدد صرف اپنے باپ کو نیچا دکھانے کے لیے کی تھی۔۔۔۔۔اور کونسا انصاف کیسا انصاف۔۔۔۔۔۔۔۔رستم نے تب انصاف کیوں نہیں کیا جب میں اسکے ہاتھوں داغدار ہوئی تھی۔۔۔۔کرتا انصاف دیتا خود کو سزا۔۔۔۔۔۔۔اچھا چلو مجھے چھوڑو۔۔۔۔۔۔ڈاکٹر کنول وجدان جب بہادر خان نے انہیں داغدار کیا تب رستم کہاں تھا؟ تم

جانتے ہوں انکی ایک بیٹی تھی تین سال کی اور ایک بیٹا چند ماہ کا۔۔۔۔۔وہ سنگل مدر تھی۔۔۔۔۔۔انکا شوہر انہیں چھوڑ چکا تھا۔۔۔۔مگر وہ اپنے بچوں کے لیے دن رات کام کرتی۔۔۔۔۔

انہیں۔۔۔۔۔۔۔انہیں مار دیا وجدان میری نظروں کے سامنے۔۔۔۔۔۔۔۔اور انکی حالت۔۔۔۔۔۔۔یہ ہے انصاف تمہارے دوست کا تو تف ہے تم پر اور تمہاری دوستی پر۔۔۔۔۔۔۔تم تو اپنے دوست کو جانتے بھی نہیں ہوں وجدان۔۔۔۔۔۔وہ کیا شے ہے انا جعفری سے پوچھو" انا بولی تو آخر میں اسکا لہجہ کپکپا گیا

انا!!! مجھے۔۔۔۔۔۔مجھے نہیں معلوم تھا" وجدان کی حیرت میں ڈوبی آواز کمرے میں گونجی"

اچھا۔۔۔۔۔۔پھر تو تمہیں یہ بھی نہیں معلوم ہو گا کہ تمہارا دوست ڈرگز کا کام کرتا تھا اور ساتھ ہی بچوں اور لڑکیوں کی سمگلنگ بھی" انا نے طنز کیا تو ایک اور جھٹکا وجدان کو لگا کیونکہ وہ واقعی ان سب سے انجان تھا۔۔۔۔۔دھچکا تو زرقہ کو بھی لگا تھا

انا یہ سب کیا۔۔۔۔کیا بول رہی ہوں؟" وجدان ششدر سا کھڑا رہا"

سچ بول رہی ہوں۔۔۔۔۔جس سے تم سب انجان ہوں۔۔۔۔۔۔جانتے ہوں ولیمہ والے دن میں" کیوں ملنے گئی تھی عامر سے کیونکہ اسنے مجھے رستم کے بارے میں سب سچ بتا دیا تھا اور ثبوت بھی

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

دکھائے تھے۔۔۔۔۔۔ مگر رستم نے اسے ختم کر دیا۔۔۔۔۔وہ بھی بے قصور اور معصوم تھا۔۔۔۔۔۔ اس ملک کی خاطر صرف اپنا کام کر رہا تھا۔۔۔ میں یہ بات تب سے جانتی ہوں۔۔۔۔ مگر چپ رہی۔۔۔۔ جانتے ہوں ظالم کو ظلم کرتے دیکھ چپ رہنا بھی کتنا بڑا گناہ ہے۔۔۔ مگر میں خاموش رہی اور مجھے اسی خاموشی کی سزا ملی۔۔۔۔۔۔ اللہ نے مجھے لڑکی ضرور بنایا تھا مگر کمزور نہیں۔۔۔۔۔۔ جس نے پہلے ہمت دی تھی لڑنے کی وہ بعد میں بھی تو دے سکتا تھا۔۔۔۔ مگر میں بزدل تھی جو رستم کے آگے جھک گئی۔۔۔۔۔۔ ہار مان لی۔۔۔۔۔۔ اور میرا رب مجھ سے ناراض ہو گیا۔۔۔ مگر اس نے مجھے موقع دیا۔۔۔۔۔۔۔ میں نے وہ بھی گنوا دیا۔۔۔ اور دیکھو یہ رہی میں تمہارے سامنے۔۔۔۔۔۔ دیکھو میری سزا۔۔۔۔۔۔ مجھے سکون نہیں ملا۔۔۔۔۔۔۔ میرے پاس سب کچھ تھا پیسہ، دولت، شہرت مگر سکون کہی بھی نہیں تھا" انا کی آنکھیں لال ہو گئیں تھی

وجدان نے کچھ بولنے کے لیے منہ ہی کھولا تھا کہ اس کے نمبر پر کال آئی جہاں "ڈیڈ کالنگ" لکھا ہوا تھا

وجدان نے کال اٹھا کر انکی بات سنی مگر دوسری طرف سے دی جانے والی اطلاع پر اسے زور کا جھٹکا لگا۔۔۔۔۔۔ اسنے ایک نظر زرقہ کو دیکھا اور دوسری نظر انا کو اور ساتھ ہی روم میں موجود ٹی۔وی "اون کیا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

وہ تینوں اب دم سادھے ٹی۔وی پر چلتی نیوز دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔لوگوں کی نوید شیخ کو دی جانے والی لعن تعن سن رہے تھے۔۔۔۔۔۔نوید شیخ کی بہت سی تصاویر بلر کر کے دکھائی گئی تھی۔۔۔۔۔۔ زرقہ نے بے بسی سے لب کچلنا شروع کر دیے۔۔۔۔۔۔۔جبکہ انا سپاٹ چہرے سے نیوز دیکھنے لگی

گھٹیا باپ کی گھٹیا اولاد!!" انا کی حقارت بھری آواز ان دونوں نے سنی تھی۔۔۔۔۔۔۔زرقہ کا خیال" کرتے وجدان نے ٹی۔وی بند کر دیا تھا۔۔۔۔۔جبکہ انا نے سر جھٹکا

میرے خیال سے اب مجھے یہاں اور نہیں رکنا چاہیے۔۔۔۔۔۔شائد یہی میری بے مقصد زندگی کا" انجام تھا" انا گہری سانس خارج کرتے زارون کے پاس گئی اسے باہوں میں اٹھایا اور محبت سے اسکے ماتھے کو چوما

میرا بیٹا تمہارے پاس امانت ہے زرقہ اسکا خیال رکھنا" زرقہ کو سویا ہوا زارون تھمائے وہ بولی"

انا۔۔۔۔۔۔مت جاؤ" زرقہ کی آواز کانپی تھی"

نہیں زرقہ اب رکنے کا کوئی فائدہ نہیں۔۔۔۔۔جب ظلم حد سے بڑھ جائے ناتو بغاوت شروع ہوتی" ہے اور بغاوت کا وقت آ گیا ہے" انا ٹھوس لہجے میں بولی۔

انا!!" زرقہ بے بسی کی انتہا کو چھو رہی تھی"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

نہیں زرقہ اب تو یا آر یا پار۔۔۔۔۔۔اور نہیں۔۔۔۔۔اب کی بار کوئی مصلحت نہیں" آنکھوں میں آتے آنسوؤں کو پیچھے دھکیلتے وہ بولی۔۔۔زرقہ کی باہوں میں پر سکون سے سوئے ہوئے زارون کو آخری بار جی بھر کر اس نے دیکھا اور اپنا چھوٹا سا بیگ اٹھائے کمرے کے دروازے کے پاس پہنچی

انا۔۔۔۔۔رکو!!" وجدان نے اسے روکا"

یہ لو۔۔۔۔۔ تمہیں ضرورت پڑے گی" اپنے دو کریڈیٹ کارڈز اسے دیتے وہ بولا"

"نہیں وجدان یہ۔۔۔۔۔"

بھائی سمجھ کر رکھ لو۔۔۔۔۔۔فلوقت اتنا ہی کر سکتا ہوں تمہارے لیے" وجدان کی بات کو سمجھتے" اس نے وہ کارڈز تھامے اور دروازہ عبور کر گئی

وجدان پلیز اسے روک لو۔۔۔۔۔مجھے لگتا ہے کہ اب کی بار وہ گئی تو مڑ کر واپس نہیں آئے گی" زرقہ" روتے ہوئے بولی تو وجدان نے اسے اپنے سینے سے لگالیا

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

غازان نے صبح صبح نیوز دیکھی تو اسکے چھکے چھوٹ گئے۔۔۔۔۔۔اسکا غصے کے مارے برا حال ہو گیا تھا۔۔۔۔۔اسے نوید شیخ سے کوئی لینا دینا نہیں تھا۔۔۔۔۔مگر تاشہ کا نام ان سب میں دیکھ کر اسکا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

خون کھول اٹھا۔۔۔۔۔۔یہ سب۔۔۔۔۔۔یہ سب کیا بکواس ہے۔۔۔۔۔۔اسکا دماغ گھوم گیا تھا۔۔۔۔۔مگر ابھی یہ جھٹکا کافی نہیں تھا جب اسے ایک اور جھٹکا لگا

جی ناضرین تو یہی دیتے چلے ہم آپ کو ایک اور بڑی اور اہم خبر۔۔۔۔۔ابھی ہمیں ہمارے ذرائع سے معلوم ہوا کہ نوید شیخ کی ایک ناجائز اولاد بھی ہے۔۔۔۔۔۔جی تو آپ کو بتاتے چلے یہ خبر بلکل پکی۔۔۔۔۔۔غازان انصاری جو کہ ایک جانے مانے بزنس مین کے بیٹے ہے۔۔۔۔۔ہمیں پکی خبر ملی ہے کہ وہ دراصل نوید شیخ اور مسز نثار انصاری کے ناجائز تعلقات کا ایک جیتا جاگتا ثبوت ہے۔۔۔۔۔اور ہمارے پاس ڈی۔این۔اے رپورٹس بھی ہے" غازان سے تو آگے کچھ سنا ہی نہیں گیا۔۔۔۔۔

اتنے میں اسکا موبائل بجا۔۔۔۔نمبر دیکھے بنا غازان نے کال رسیو

ہیلو ڈیئر بردر!!" رستم کی ہنستی آواز اسکے کانوں سے ٹکرائی"

اوہ تو یہ سب تمہارا کیا دھرا ہے" غازان دھیمی آواز میں غرایا"

آفکورس میرے بھائی۔۔" رستم اپنی جگہ سے اٹھ کر ونڈو سے باہر دیکھنے لگا"

"!!تمہیں ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا رستم"

تمہیں بھی ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا۔۔" رستم کا لہجہ پل بھر میں بدلا تھا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

تم دیکھتے جاؤ رستم کہ اب میں کیا کرتا ہوں" غازان دھاڑا"

"اوہ میں ڈر گیا۔۔۔۔۔۔ کیا کروں گے؟"

تمہیں کیا لگتا ہے رستم تم چھپاؤں گے تو سچ چھپ جائے گا۔۔۔ نہیں رستم مجھے معلوم ہے۔۔۔ مجھے" معلوم ہے کہ تم پاگل ہوں۔۔۔ تم نے مجھے بریکنگ نیوز بنایا نا۔۔ دیکھنا اب میں تمہاری بریکنگ نیوز بناتا" غازان بولا تو رستم کے چہرے کے تاثرات بدلے۔۔۔ غازان کو یہ سب کیسے۔۔۔

میں تمہیں چھوڑو گا نہیں غازان انصاری" رستم چلایا"

پہلے خود کو تو بچا لو رستم شیخ" غازان نے کال کاٹی اور کمرے کی جانب بڑھا اور ڈراسے اپنا ریوالور نکالا"

غازان!!" مسز نثار جو ساری نیوز دیکھ چکی تھی بھاگ کر اسکے پاس گئی"

ڈونٹ وری مام میں آج سب ٹھیک کر دوں گا" انہیں دلاسا دیتے وہ گھر سے باہر نکل گیا۔۔۔۔۔ اور" گاڑی میں بیٹھتے گاڑی رستم ولا کی جانب موڑلی

--------

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

اپنا سامان لیے وہ ہسپتال سے نکل کر ٹیکسی میں آبیٹھی جب اسے اپنے پیچھے ہی وجدان اور زرقہ نظر آئے۔۔۔۔۔ایک بھرپور نظر سوئے ہوئے زارون کو دیکھتی وہ چہرہ موڑ گئی

"میم کہاں جانا ہے؟"

رستم ولا!!" اسکے زبان سے یہ لفظ ادا ہوئے اور وہ سیٹ کے ساتھ ٹیک لگائے بیٹھ گئی"

--------

رستم کو غازان کی طرف سے پریشانی لاحق تھی مگر اس سے زیادہ فکر اسے انا کی ہو رہی تھی۔۔۔۔۔اگر غازان نے انا کو کوئی نقصان پہنچایا تو؟ یہ سوچ آتے ہی اسکے بدن میں کپکپی طاری ہو گئی تھی۔۔۔۔اسی لیے وہ انا کو لینے ہسپتال جا رہا تھا۔۔۔وہ سیڑھیوں سے نیچے اترا جب نظروں کے سامنے کھڑے وجود کو دیکھ کر اسکی آنکھیں چمک اٹھی۔

پرنسز!!" وہ انا کی جانب بڑھا جب انا نے ہاتھ اٹھا کر اسے وہی روک دیا"

مجھے طلاق چاہیے رستم شیخ" انا بنا کسی لہجے کے بولی"

یہ کیا بکواس ہے" رستم نے بامشکل یہ بات ہضم کی تھی ورنہ دل چاہا کہ ایک تھپڑ اسکے منہ پر کھینچ مارے"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

بکواس؟ بکواس نہیں ہے رستم شیخ۔۔۔۔۔۔ یہ تو میری آزادی کا پروانہ ہے۔۔۔۔۔۔ سنا تم "نے۔۔۔۔۔ مجھے تم سے طلاق چاہیے۔۔۔۔۔ ابھی اور اسی وقت" انا چیخی تو رستم نے غصے سے قدم اسکی جانب بڑھائے اور اسکا ہاتھ کھینچے اسے اپنے سامنے کیا

میں تمہیں نہیں چھوڑو گا انا کبھی بھی نہیں" رستم اسکی کلائی پر دباؤ ڈالتے بولا"

میرا ہاتھ چھوڑو رستم شیخ۔۔۔۔ مجھے نفرت ہے تم سے رستم شیخ۔۔۔۔۔۔ تم اس قابل ہی نہیں کہ "کوئی تم سے محبت کرے" انا چیخی تو ماضی کے الفاظ رستم کے کان میں گونجے

مجھے تم سے نفرت ہے۔۔۔۔۔۔ تم اس قابل ہی نہیں کہ کوئی تم سے محبت کرے" اسکا بازو جلاتے " میرا بولی تو رستم کی چیخیں پورے گھر میں گونجی

اور بس ایک پل نہیں لگا تھا رستم کا دماغ گھومنے میں

تم۔۔۔ تمہاری یہ جرأت کہ میرے آگے سر اٹھاؤ" ایک زوردار تمانچہ انا کے منہ پر پڑا تھا۔۔۔۔۔" جس کی وجہ سے وہ پیچھے ہاتھ میں تلوار پکڑے سٹیچو سے جا ٹکرائی اور ہاتھ میں کھڑی سیدھی تلوار نوے کے اینگل پر سامنے کو آ گری۔۔۔۔۔

رستم نے انا کو بالوں سے جکڑا اور اپنے سامنے کیا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

اب بولوں کیا بکواس کر رہی تھی تم" رستم دھاڑا مگر اس بار انا ڈری نہیں۔۔۔۔۔۔اسکی آنکھیں بے تاثر تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ نفرت، ڈر، خوف کچھ بھی نہیں تھا ان میں

تم ایک گھٹیا اور گرے ہوئے انسان کی گری ہوئی اولاد ہو۔۔۔ تم ایسے اس لیے نہیں ہو کیونکہ تم بیمار ہو۔۔۔ بیماری تو صرف ایک بہانہ ہے رستم شیخ۔۔۔۔ دراصل تم تو اپنے باپ کی پر چھائی ہو۔۔۔ تمہارے اندر وہی گندا خون ہے جو تمہارے باپ کی رگوں میں دوڑتا ہے۔۔۔۔ تم وکٹم نہیں کریمنل ہوں رستم شیخ۔۔۔ اور اسکی سزا تمہیں ضرور ملے گی۔۔۔ تمہیں سزا ضرور ملے گی" انا پھنکاری

اس سے پہلے کے رستم اسے کہہ پاتا ہوا میں چلتی گولی نے اسے اپنی جانب متوجہ کیا۔

رستم شیخ!!!" غازان گھر میں داخل ہوتا دھاڑا"

میں تمہیں نہیں چھوڑوں گا رستم شیخ" غازان نے پسٹل رستم پر تان دی تھی۔۔۔۔۔ ایک نوکر نے یہ سب دیکھ کر پولیس کو کال کی تھی

رستم نے گہری سانس بھری۔۔۔۔۔ اب یہ نیا ڈرامہ حاضر تھا

اوہو تو بھابھی جی بھی یہی ہے۔۔۔۔۔۔۔ اچھا ہے۔۔۔۔ کام اکٹھے ہی تمام ہو جائے گا" غازان ہنس کر بولا اور انا کے کندھے کا نشانہ لیا

گولی انا کے کندھے کو چھوئی جس پر وہ چلا اٹھی اور ایک جھٹکے سے رستم سے دور ہوئی تھی۔۔۔۔اور یہی وقت تھا جب غازان نے انا کو آگے بڑھ کر جکڑ لیا تھا جو اپنے زخم پر ہاتھ رکھ کر خون روکنے کی کوشش میں تھی

تو اب کیوں نا حساب کتاب برابر کر لیا جائے رستم شیخ" انا کے زخم پر ہاتھ سختی سے جمائے وہ بولا تو انا" کی چیخ پھر سے گونجی

دیکھو غازان یہ بے وقوفی مت کروں۔۔۔اسے چھوڑ دوں۔۔اسنے کیا بگاڑا ہے تمہارا۔۔۔مجھ سے" مسئلہ ہے نا تو مجھ سے بات کر" رستم قدم اسکی جانب بڑھاتے بولا

تو نے بلکل ٹھیک کہاں مجھے اس سے کوئی لینا دینا نہیں مگر یہ۔۔۔۔۔اس میں تو تیری جان ہے نا؟"

نہیں" غازان پاگل ہو چکا تھا۔۔۔انا تو خود کو کوس رہی تھی۔۔۔۔۔اسے کیا ضرورت تھی یہاں آنے کی۔

میری زندگی برباد کر دی تم نے۔۔۔۔۔۔میری بہن جیسی بھی تھی۔۔۔۔۔۔تجھے کوئی حق نہیں تھا" اسے یوں زلیل کرنے کا۔۔۔۔۔تو نے میرا اور میرے خاندان کا تماشہ بنا دیا پوری دنیا کے سامنے۔۔۔۔۔نہیں رستم شیخ۔۔۔۔۔تجھے نہیں چھوڑو گا میں۔۔۔۔۔۔اور نا ہی اسے" اس نے ساتھ

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

ہی انا کی کنپٹی پر پستول رکھ دی۔۔۔۔۔۔اس سے پہلے کے غازان گولی چلاتا رستم اس تک پہنچا اور اس سے گن کھینچنے لگا۔۔۔۔۔۔اسی ہاتھا پائی میں غازان نے انا کو دھکا دیا اور پھر انا کی چیخ ان دونوں نے سنی سیٹیچو کے ہاتھ میں موجود وہ تلوار انا کے جسم کے آر پار ہو گئی تھی

ایک سسکی انا کے منہ سے نکلی۔۔۔۔۔۔انا نے حیرت سے آنکھیں نیچی کیے خود کو دیکھا۔۔۔اور پھر اسکی آنکھوں کے آگے اندھیرا چھانے لگا

میرے اللہ تیرا شکر !!" انا نے مسکراتے لبوں سے یہ الفاظ ادا کیے اور آنکھیں اوپر کیے اپنے رب کا" شکر ادا کیا۔۔۔۔ایک آنسو اسکی آنکھ سے ٹوٹا تھا اور اسکی آنکھیں بند ہو گئی ہمیشہ کے لیے

انا!!!!" غازان کو دھکا دیتے رستم اسکی جانب بھاگا اور اسکا چہرہ ہاتھوں میں تھامے اسے تھپتھپانے لگا"

انا۔۔۔انا۔۔۔۔پرنسز۔۔۔یہ، یہ کیسا مزاق ہے انا آنکھیں کھولو۔۔۔۔۔انا!!" اسکا چہرہ" تھپتھپاتے رستم دھاڑا۔۔۔

انا میری جان۔۔۔۔۔۔ایسا نہیں کرو۔۔۔۔۔انا۔۔۔۔انا" رستم پاگل ہو چکا تھا"

انا کے جسم سے نکلتا خون رستم کی سفید شرٹ داغدار کر گیا تھا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

غازان زمین پر ہی گرا ہوا تھا جب پولیس وہاں پہنچی۔۔۔۔۔۔اور فوراً سے غازان کو حراست میں لیا

انا۔۔۔۔۔انا۔۔۔۔۔۔انا۔۔۔انا!!!!!!" اسکا نام بار بار پکارتے رستم دھاڑا، چیخا، چلایا۔۔۔۔۔۔مگر" اب کی بار انالوٹ کر نہیں آنے والی تھی۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

غازان کو پولیس لیجا چکی تھی جبکہ رستم ابھی تک انا کے بے جان وجود کو باہوں میں بھرے زمین پر بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔وہ بس خاموشی سے اسکے چہرے کو تکے جارہا تھا۔۔۔۔

وجدان اور زرقہ جو یہ سمجھ رہے تھے کہ انا تک جاچکی ہوگی وہ جیسے ہی رستم ولا پہنچے وہاں پولیس اور ایمبولینس دیکھ کر چونکے

یہ یہاں؟" زرقہ پریشان ہوئی"

وجدان اور زرقہ دونوں ولا کے اندر داخل ہوئی تو سامنے سماں دیکھ کر انہیں اپنے پیروں تلے زمین کھسکتی محسوس ہوئی

انا!!" وہ دونوں ساتھ بولے اور رستم کی جانب بھاگے۔۔۔۔جو انا کے چہرے پر نظریں جمائے بیٹھا تھا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

صد شکر کہ وہ زارون کو ہمدہ بیگم کے پاس چھوڑ آئے تھے

رستم۔۔۔۔انا!!" وجدان رستم کے سامنے بیٹھ گیا اور انا کو دیکھنے لگا"

انا!!!!" زرقہ چیختی ہوئی اسکی جانب آئی تو رستم نے سرخ آنکھیں اٹھائے اسے گھورا"

آواز نیچی رکھو۔۔۔دیکھ نہیں رہی میری پرنسز سوئی ہوئی ہے" رستم نے اسے گھورا اور پھر انا کو" دیکھنے لگا

سر آپ پلیز انہیں سمجھائے یہ مر چکی ہے مگر مسٹر شیخ ہمارے ساتھ کوپریٹ ہی نہیں کر رہے""" پولیس انسپکٹر وجدان سے بولا

رستم۔۔۔رستم!!" وجدان نے اسے زور سے ہلایا"

کہاں نا چلاؤ مت۔۔۔وہ سوئی ہے جاگ جائے گی" رستم دھیمی آواز میں غرایا"

سر مگر۔۔۔" انسپیکٹر رستم کی جانب بڑھا جب رستم نے اپنی گن اسکی جانب کی"

کہاں نا تنگ مت کروں وہ سوئی ہوئی ہے اسے سونے دوں" رستم جبڑے بھینچے بولا"

وہ مر چکی ہے رستم۔۔۔۔۔انا مر چکی ہے۔۔۔۔۔۔۔بس کر دوں یہ پاگل پن" وجدان نے اسے "کالر سے دبوچا۔۔۔۔۔اس سے پہلے کہ رستم اسے کوئی جواب دیتا زرقہ آگے بڑھی

بھائی انا سوئی ہوئی ہے نا۔۔۔۔تو اسے یہاں کیوں رکھا ہے۔۔۔۔۔کمرے میں "لیجائے۔۔۔۔۔۔بیڈ پر آرام سے لیٹ جائے گی" زرقہ نے با مشکل خود پر قابو پایا

ہاں تم نے ٹھیک کہاں۔۔۔۔میں۔۔۔۔میں ایسا ہی کروں گا" اسکی بات مانتے رستم نے سر اثبات "میں ہلایا اور انا کو باہوں میں اٹھائے وہ کمرے کی جانب بڑھ گیا

زرقہ یہ۔۔۔۔"وجدان کو کچھ سمجھ نہیں آیا"

پلیز آپ کفن کا انتظام کیجیے اور باقی سب کو بھی بتا دیجیے"زرقہ آنکھیں نیچی کیے بولی اور آنسوؤں "اسکے رخسار کو بھگو گئے

ہمم!!!" وجدان سر اثبات میں ہلاتا انسپیکٹر کو لیے باہر چلا گیا"

رستم انا کو لیکر بیڈ روم میں داخل ہوا اور اسے آرام اور دھیرے سے بیڈ پر لٹایا

مائی پرنسز!!" اسکا ماتھا محبت سے چومتے ایک آنسو رستم کی آنکھ سے ٹوٹ کر انا کے گال پر گر گیا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

کبھی دور نہیں جانے دوں گا کبھی بھی نہیں۔۔۔۔۔موت بھی ہمیں جدا نہیں کر سکتی" سر نفی میں ہلائے اسنے انا کے وجود کو اپنی پناہوں میں چھپالیا

شام تک سب انتظامات وجدان کروا چکا تھا۔۔۔۔۔۔رستم ابھی تک انا کے ساتھ کمرے میں موجود تھا۔۔۔۔۔باہر کیا ہو رہا ہے وہ بلکل بے خبر تھا

بھائی۔۔۔"دروازہ ناک کیے زرقہ اندر داخل ہوئی"

بھائی وہ۔۔۔وہ میت کو غسل دینا ہے" زرقہ نے بہت مشکل یہ الفاظ ادا کیے تھے"

میں نے پہلے بھی کہاں ہے اور اب بھی کہہ رہا ہوں۔۔۔وہ سوئی ہے۔۔۔میرے سامنے فضول کی" مت ہانکوں" رستم ضبط کرتا دھیمے لہجے میں غرایا

نہیں سوئی وہ سنا آپ نے۔۔۔مر گئی ہے وہ۔۔۔مر گئی ہے۔۔۔آپ نے مار ڈالا ہے اسے۔۔۔ہم" سب نے مل کر مار دیا اسے۔۔۔آپ کے پاگل پن، آپکی جنونیت۔۔۔سب نے مل کر ختم کر دیا ہے اسے۔۔۔خدارا اب تو اسے بخش دے۔۔۔مر گئی ہے وہ۔۔۔جانے دوں اسے شہر خموشاں میں جو ہر کسی کی آخری پناہ گاہ ہے۔۔۔مت دے اسے اور تکلیف" زرقہ اونچی آواز میں چلائی تو وجدان اندر داخل ہوا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

نہیں۔۔۔ایسا نہیں ہو سکتا۔۔۔وہ نہیں مر سکتی۔۔۔میری پرنسز ایسے نہیں جا سکتی۔۔۔وہ میری ہے۔۔۔میں اسے دور نہیں جانے دوں گا" رستم اپنے بال نوچتا زمین پر بیٹھ گیا

رستم کو کوئی ہوش نہیں تھا کہ کب انا کو وہاں سے لیجایا گیا، کب اسے غسل دیا گیا۔۔۔۔۔کفن پہنایا گیا

وہ مکمل طور پر پاگل ہو چکا تھا۔۔۔۔اپنے منہ پر تھپڑ مارتا۔۔۔۔بال نوچتا۔۔۔اور تھوڑی دیر بعد اونچی آواز میں دھاڑے مار مار کر رونا شروع کر دیتا۔۔۔

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

سب مرد اس وقت قبرستان میں موجود تھے جہاں انا کو دفنا دیا گیا تھا۔۔۔۔رستم بھی وہی گم سم سا بیٹھا گیلی مٹی پر ہاتھ پھیر رہا تھا

رستم چلو!" وجدان سے اسکی حالت دیکھی نہیں گئ"

تم۔۔۔تم جاؤ۔۔۔۔۔۔وہ اکیلی ہو جائے گی۔۔۔۔۔اسے ڈر لگے گا۔۔۔۔۔میں، میں تھوڑی دیر یہی ہوں۔۔۔" رستم اسے پیچھے دھکیلتے بولا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

ہمیں کوئی بھی جدا نہیں کرسکتا پرنسز۔۔۔۔موت بھی نہیں" دھیمہ لہجہ، نم آنکھیں وہ اسکی قبر پر"
اپنا سر رکھ کر آنکھیں موند گیا

وجدان اسے چھوڑ کر چلا گیا تھا مگر رستم کی تھوڑی دیر بہت لمبے عرصے میں بدل گئی اور واپس نہیں آیا۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نوید شیخ کو عدالت کی جانب سے دس سا قید بامشقت اور پانچ بار پھانسی کا حکم سنایا گیا تھا۔۔۔مگر سزا صرف یہی ختم نہیں ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔انہیں سرعام ہتھکڑیاں لگائے سڑک پر گھمایا گیا تھا۔۔۔۔۔اور عوام نے ان پر پتھر، جوتے۔۔۔۔۔۔ہر چیز سے انہیں مارا تھا۔۔۔

غازان کو بھی نوید شیخ کو ساتھ دینے اور انا کو قتل کرنے کی کوشش میں پانچ سال قید بامشقت کی سزا سنائی گئی تھی۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سب گھر والے لاؤنج میں موجود تھے جبکہ رستم کا وکیل ان کے سامنے ہی بیٹھا تھا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

وہ یہاں رستم کی وصیت دینے آیا تھا۔۔۔ جس میں صاف صاف لکھا تھا کہ رستم اپنا سب کچھ بہادر خان کے نام کر چکا تھا۔۔۔۔ وجہ یہ تھی کہ رستم کو بہادر خان سے زیادہ کسی پر بھی یقین نہیں تھا

مگر ایسے کیسے ؟" وجدان کو دال میں کچھ کالا لگا"

میں دوبارہ وکیل سے بات کروں گا۔۔۔ یہ سب زارون کا ہے" وجدان جھنجھلایا"

وجدان پلیز۔۔۔۔۔ جو جیسا چل رہا ہے چلنے دے۔۔۔۔۔ ہمیں نہیں چاہیے کچھ بھی۔۔۔۔۔۔" کوئی حق نہیں چاہیے ہمیں۔۔۔۔۔۔ آپ پلیز سب چھوڑ دے۔۔۔۔۔۔ ہم کہی دور چلے جاتے ہے ۔۔۔ یہاں سے بہت دور پلیز" زرقہ نے منت کی تو وجدان نے گہری سانس خارج کی

ہمم ٹھیک جیسا تم کہوں" زرقہ ماں بننے والی تھی اور ایسے میں وجدان اسے کوئی بھی ٹینشن نہیں دینا" چاہتا تھا اسی لیے اسکی بات مان لی

اور زرقہ بھی ٹھیک ہی کہہ رہی تھی۔۔

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

قیدی نمبر دو سو گیارہ تم سے ملنے کوئی آیا ہے" حولدار نوید شیخ سے بولا جو اسکی بات سن کر چونکے۔۔۔" اور سلاخوں کے پار سے اس شخص کو دیکھنے لگے جسکا چہرہ دوسری اور تھا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

کون ؟" انہوں نے پوچھا تو وہ شخص مڑا "

بہادر خان ؟" انکے لہجے میں حیرت تھی "

وہ بہادر خان بہت بدل چکا تھا۔۔۔۔۔ اسکے گلے میں لگی ٹائی سی لیکر جوتوں کی لیس تک اپنی قیمت خود بتا رہی تھی

نہیں نہیں نوید شیخ۔۔۔۔ بہادر خان نہیں۔۔۔۔۔۔ بہادر خان نیازی" وہ نوید شیخ کے بلکل سامنے " کھڑا بولا

بہادر خان نیازی؟ کون ہوں تم ؟" نوید شیخ کا لہجہ ہلکا سا کانپا"

چلو صحیح سے بتاتا ہوں۔۔۔۔ میں بہادر خان نیازی، عطیہ خان کا چھوٹا بھائی اور تمہارا سالا۔۔۔ جیجا" جی" دانت پیس کر وہ بولا تو نوید شیخ کے ماتھے پر پسینہ آنا شروع ہو گیا

تو یہ سب تم نے؟ تم نے پھنسایا ہے مجھے۔۔۔۔۔ ہے نا" وہ سلاخوں کے پیچھے سے چلائے تو بہادر خان " مسکرا دیا

آہ جیل میں رہ کر کافی عقلمند ہو گئے تم تو۔۔۔۔ ویسے تم اور وہ تمہارا رستم دونوں ایک جیسے " ہوں۔۔۔۔۔ ایک نمبر کے بے وقوف" بہادر خان سر نفی میں ہلائے ہنسا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

"یہ تم نے ٹھیک نہیں کیا بہادر خان"

اوہو۔۔۔۔۔۔رسی جل گئی مگر بل نہیں گیا" بہادر خان دوبارہ ہنسا تو نوید شیخ نے دانت پیس "

ویسے تمہیں اس جیل میں میری طرف سے بہت سے تحفے ملتے رہے گے۔۔۔۔۔تیار رکھنا خود کو"""
بہادر خان نے گلاسز اپنی آنکھوں پر ٹکائی اور وہاں سے چلا گیا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ایزی چیر پر بیٹھے وہ دونوں بازو پیچھے کو ٹکائے ہلکی سی مسکراہٹ لیے اس شاندار آفس کو دیکھ رہا تھا جو اسکا حق تھا۔۔۔۔۔ٹیبل پر ایک فوٹو فریم تھا جس میں ایک بیس سال کی خوبصورت سی لڑکی مسکراہ رہی تھی

میں نے اپنا بدلا پورا کیا ادی۔۔۔۔۔میں نے اس شخص کو برباد کر دیا۔۔۔۔۔اتنے سالوں کی "
محنت بیکار نہیں گیا۔۔۔۔اس شخص کو اسکے انجان تک پہنچا دیا میں نے" وہ فوٹو فریم اٹھائے خود سے بولا اور سارا ماضی یاد کرنے لگا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

عطیہ خان اور بہادر خان دونوں بہن بھائی تھے۔۔۔۔جن پندرہ سال کا فرق تھا۔۔۔۔۔۔۔بہادر خان کے چچا جو باہر رہتے تھے انکی کوئی اولاد نہیں تو انہوں نے اپنے بھائی کی اولاد کو اپنا لیا اور اسے اپنے ساتھ باہر لے گئے۔۔۔۔۔۔عطیہ خان میں ان کے باپ کی جان بستی تھی۔۔۔۔۔نوید شیخ ایک پڑھا لکھا اور خوبرو نوجوان تھا جو اپنا بزنس کرنا چاہتا تھا اور اسی سلسلے میں ان سے ملنے آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔بہت جلد اپنی ذہانت اور قابلیت کی وجہ سے وہ عطیہ خان کے باپ کو متاثر کرنے میں کامیاب رہا اور انہوں نے اپنی بیٹی کے اچھے نصیب کو سوچتے ہوئے نوید شیخ سے انکی شادی کر دی۔۔۔۔۔۔۔۔بظاہر تو سب کچھ اچھا چل رہا تھا۔۔۔۔مگر نوید شیخ کے دماغ میں کچھ اور ہی تھا۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے بہت جلد سارا بزنس خود سنبھال لیا تھا۔۔۔۔۔۔بزنس کی دنیا میں سب لوگ اسے رحیم خان کے منہ بولے بیٹے کی حیثیت سے جانتے تھے۔۔۔۔۔۔وہ انکا داماد تھا یہ بات بہت کم لوگوں کو معلوم تھی۔۔۔۔۔۔۔۔نوید شیخ سب کچھ اپنے انڈر کر چکے تھے مگر اب انہیں عطیہ خان سے جان چھڑوانا تھی۔۔۔۔۔۔۔اور پھر ایک دن ان کے دماغ میں ایک آئیڈیا آیا۔۔۔۔۔۔ایک نوکر کیساتھ اپنی بیوی کو پھنسوا کر عطیہ خان کو جرگے کے جانب سے کاری کروا دیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔اور انہیں سرعام گولیوں سے مار دیا گیا۔۔۔۔۔۔۔رحیم خان بیٹی کی جدائی کا صدمہ سہہ نہیں سکے اور بہت جلد بستر سے لگ گئے۔۔۔۔۔۔۔انہیں یقین نہیں تھا کہ انکی بیٹی ایسا کچھ بھی کر سکتی ہے، پھر ایک دن انہیں نوید شیخ کے

گھناؤنے چہرے کی اصلیت کا معلوم ہوا تو انہوں نے چھوٹے بھائی کو کال کر کے سب بتا دیا۔۔۔۔۔۔۔وہ اپنے بھائی کو یہاں بلا رہے تھے مگر قسمت نے دونوں بھائیوں کو ملنے کا موقع نہیں دیا اور رحیم خان ہارٹ اٹیک کی وجہ سے مر گئے۔۔۔۔۔۔کوئی پکا ثبوت نا ہونے کی وجہ سے نوید شیخ کو بھی کچھ نہیں کہا گیا اور یوں نوید شیخ کئی لوگوں کی زندگیاں برباد کرتے چلے گئے۔۔۔۔۔۔عطیہ خان کے بعد میرا وہ لڑکی تھی جنہیں انہوں نے برباد کیا۔۔۔۔۔۔۔بہادر خان بدلے اور حسد کی آگ میں جل رہا تھا۔۔۔۔۔۔وہ پاکستان واپس آ گیا تھا۔۔۔۔۔۔اور نوید شیخ کا بھروسہ جیت لیا۔۔۔۔۔۔۔وہ نوید شیخ کو اپنی باتوں سے پھنساتا کہ وہ انکا بہت بڑا فین ہے اور ان کی طرح بڑا بزنس مین بننا چاہتا ہے۔۔۔۔۔۔نوید شیخ اس سے کبھی نہیں ملے تھے اسی لیے پہچان نہیں پائے تھے۔۔۔۔۔۔نوید شیخ بہت جلد بہادر خان کی باتوں میں آ گئے اور انہیں اپنے بہترین لوگوں میں شامل کر دیا۔۔۔۔۔وہ بہادر خان کو اپنے ساتھ رستم کے لیے لندن لے آئے تھے۔۔۔۔۔یہاں بہادر خان رستم سے ملا تو اس بچے پر ترس آیا مگر پھر اپنی بہن کا سوچ کر وہ سب بھول بھال گئے۔۔۔۔۔۔۔بہادر خان کو رستم کی بیماری کا پتہ چلا تو انہوں نے اس بیماری کو بڑھاوا دینا شروع کر دیا تھا۔۔۔۔رستم کو لگتا تھا کہ وہ بہادر خان پر حکم چلاتا ہے جبکہ وہ بہادر خان تھا جو اصل میں رستم کو استعمال کر رہا تھا۔۔۔۔

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

رستم کو ہمدہ بیگم کے بارے میں بھی بہادر خان نے بتایا تھا۔۔۔۔۔۔نوید شیخ کے سب کالے دھندوں کا علم بہادر خان کو تھا۔۔۔۔۔نوید شیخ اور تاشہ کے تعلقات کے بارے میں بھی بہادر خان نے رستم کو بتایا تھا

رستم بلکل بہادر خان کے مطابق چل رہا تھا جب بیچ میں انا آگئی۔۔۔۔۔۔انا کے لیے رستم کے دل میں موجود نرم گوشہ بہادر خان کو ایک آنکھ نہیں بھایا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ نہیں چاہتا تھا کہ ایک لڑکی کی وجہ سے بہادر خان کا تمام پلان ناکام ہوں۔۔۔۔۔۔۔اسے نوید شیخ کو برباد کرنا تھا وہ بھی رستم کے ہاتھوں۔۔۔۔۔۔اس بزنس پر اسکا حق تھا کیونکہ یہ اسکے باپ کا تھا۔۔۔۔ مگر انا وہ سب کچھ بدل سکتی تھی۔۔۔۔۔۔اس بات کا اندازا بہادر خان کو تب ہوا تھا جب انا نے رستم کے پرپوزل کو ٹھکرایا تھا اور رستم نے اسے کچھ نہیں کہاں۔۔۔۔۔الٹا وہ تو مجنوں بن گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔ایسے میں بہادر خان اسے اکساتا۔۔۔۔۔۔۔اسکی بیماری کا فائدہ اٹھاتا۔۔۔۔۔سب کچھ ٹھیک جارہا تھا پھر بیچ میں نجانے کیوں رستم کو شادی شوق چڑھا اور رستم کا بچہ۔۔۔۔۔۔۔۔بہادر خان نے پرفیکٹ پلان بنایا تھا کہ انا اور زارون مرجائے گے اور رستم کا پاگل پن انا کے لیے۔۔۔۔۔۔رستم کو کسی کو نہیں چھوڑتا اور وہ آرام سے بنا کچھ کیے نوید شیخ سے بدلا لے لیتا۔۔۔۔۔۔ مگر بہادر خان کو کچھ زیادہ کرنے کی ضرورت محسوس ہی نہیں ہوئی کیونکہ غازان نے بہت دفع بہادر خان کے لیے کام آسان بنادیے

---

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

تھے۔۔۔۔۔۔۔بہادر خان کی نظروں میں نوید شیخ ایک برا انسان تھا۔۔۔۔۔۔مگر اس انسان سے بدلا لینے کے لیے وہ خود برائی کے جس راستے پر نکل چکا تھا اسکا اسے اندازہ تک نہیں تھا۔

---------------

پورے لاؤنج میں سناٹا چھایا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔زراون کی جو نظریں شروع میں اٹھی ہوئی تھی ۔۔۔۔۔وہ اب گر چکی تھی۔۔۔۔۔بسمل منہ کھولے ہونقوں کی طرف سب سن رہی تھی۔۔۔۔۔رات کے سات بج چکے تھے۔۔۔۔زاروں نے گہری سانس لی اور زینیہ کے ساتھ بیٹھی بسمل کو دیکھا

زینیہ اسے چادر وغیرہ دلوا کر باہر لے آؤ۔۔۔۔اسے گھر چھوڑ آئے ہم"زاروں بسمل پر ایک بھی" نگاہ غلط ڈالے بنا بولا

زینیہ نے فورا بسمل کو چادر لا کر دی اور اسکے ساتھ باہر نکلی۔۔۔۔۔۔بسمل بھی خاموشی سے چل پڑی۔۔۔۔

گاڑی میں مکمل خاموشی تھی۔۔۔۔زینیہ تھوڑی دیر بعد ساتھ بیٹھے زاروں پر ایک نظر ڈال لیتی جو ڈرائیونگ کرنے میں مصروف تھا۔۔۔۔۔

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

ہسپتال پہنچتے ہی بسمل جلدی سے باہر نکلی اور اندر داخل ہو کر ریسیپشن سے احان کے بارے میں پوچھ کر اسکے کمرے کی جانب بھاگی۔۔۔احان اب خطرے سے باہر تھا۔۔۔۔گولی نکل چکی تھی۔۔۔۔۔۔ بسمل جب کمرے میں داخل ہوئی تو عیشا احان کو سوپ پلا رہی تھی

احان!!" بسمل نے نم آنکھوں سے اسے پکارا"

بسمل!!" ایک مسکراہٹ احان کے چہرے پر در آئی"

احان" وہ بھاگتی ہوئی احان سے لپٹ گئی"

جان احان" احان نے بھی اسے خود میں سمولیا اور نظریں اٹھائے دیکھا جہاں زراون منہ دوسری جانب کیے کھڑا تھا"

یہ۔۔۔یہ گھٹیا انسان یہاں کیا کر رہا ہے؟" احان دھاڑا"

آرام سے وہ یہاں آپ سے معافی مانگنے آیا ہے۔۔۔۔۔۔اسے برامت سمجھیے گا۔۔۔۔۔۔یقین مانے آپ کی وائف کو بھی کچھ نہیں کیا اس نے۔۔۔۔۔۔وہ شرمندہ ہے اپنے کیے پر" زینیہ آگے بڑھ کر بولی"

اچھالگ تو نہیں رہا" احان نے طنز کیا"

تم۔۔۔۔ تم یہاں کیا کر رہی ہوں؟ آگئی اب منہ پر کالک مل کر واپس؟" احان کی ماں اندر داخل ہوتے ہی بسمل پر چلائی تو وہ رو دی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ پاک ہے سنا آپ نے۔۔۔۔۔ پاک ہے وہ۔۔۔۔ کچھ نہیں ہوا اس کے ساتھ" زارون کو یوں لگا کہ یہ الفاظ بسمل کے لیے نہیں بلکہ انا کے لیے ہوں۔۔۔۔ وہ تڑپ اٹھا

مم۔۔ مجھے معاف کر دوں۔۔۔۔۔ احان۔۔۔۔۔۔ جانتا ہوں غلطی بہت بڑی تھی مگر اب شرمندہ ہوں۔۔۔۔۔ معافی چاہتا ہوں۔۔۔۔ پلیز مجھے معاف کر دوں" زارون شیخ نے اسکے سامنے ہاتھ جوڑ لیے جبکہ کمرے میں مجود تمام لوگ دم سادھے اسے دیکھ رہے تھے

احان انہیں معاف کر دے پلیز۔۔۔۔۔ انہوں نے کچھ نہیں کیا میرے ساتھ۔۔۔۔۔ میں ابھی بھی پاک ہوں" بسمل روتے بولی تو احان ہلکا سا کھانسا

ٹھیک ہے زارون شیخ میں نے تمہیں معاف کیا۔۔۔۔۔ اس لیے نہیں کہ تم نے میری بیوی کو چھوا نہیں۔۔۔۔ قسم سے اگر تم اسے چھوتے اور دنیا اسے داغدار کہتی نا میں تب بھی اسے اپناتا چھوڑتا نہیں۔۔۔۔ کیونکہ وہ میری محبت کے ساتھ میری عزت اور میرا لباس ہے۔۔۔۔۔ بلکہ میں اس لیے تمہیں معاف کر رہا ہوں کیونکہ تم اپنے کیے پر شرمندہ ہوں۔۔۔۔۔ اور اسکا تمہیں بخوبی اندازہ


All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

ہے۔۔۔۔ جاؤ زارون شیخ میں نے تمہیں معاف کیا اور میرا اللہ بھی تمہیں معاف کرے گا" احان بولا تو زارون نے ممنون نظروں سے اسے دیکھا اور کمرے سے باہر نکل گیا۔۔۔۔ اسکے پیچھے زینیہ بھی نکل گئی

تم ٹھیک ہوں نا میری جان ؟" احان نے اسکا چہرہ تھامے پوچھا تو بسمل نے سر اثبات میں ہلا دیا۔۔"

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

گھر آتے زارون اپنے کمرے میں بند ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔ رات کھانے کی ٹیبل پر بھی اسے نا پا کر زرقہ اسکے کمرے کی جانب بڑھی

زارون!!" انہوں نے دروازے پر ناک کیا"

آجائے" آنکھوں میں چاھئی نمی کو پیچھے دھکیلتے اس نے اجازت دی"

کھانا کھانے کیوں نہیں آئے؟" زرقہ نے اسکے پاس بیٹھتے پوچھا"

بھوک نہیں ہے؟" وہ ہلکی آواز میں بولا"

اور کیوں بھوک نہیں ہے میرے بیٹے کا؟" زرقہ نے محبت سے اسکے بالوں میں ہاتھ پھیرا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

آپ کا بیٹا بہت برا ہے پھوپھو بہت زیادہ برا" وہ انکی گود میں سر رکھ کر بولا"

نہیں میرا بیٹا بہت اچھا ہے۔۔۔۔۔۔۔ جسے اسکی غلطی کا احساس ہوا۔۔۔۔۔۔ جانتے ہوں جب کل" تمہیں بسمل کے ساتھ ایسا کرتے دیکھا تو مجھے وہ دوسری انا لگی۔۔۔۔۔۔تکلیف اس بات کی تھی کہ تمہارا باپ تو بیمار تھا مگر تم تو ٹھیک تھے نا۔۔۔۔شائد میں صحیح سے تمہاری پرورش نہیں کر سکی" زرقہ بیگم سست لہجے میں بولی

نہیں پھوپھو آپ تو بہت اچھی ہے۔۔۔۔۔۔ بہت زیادہ۔۔۔۔۔۔ میں ہی برا ہوں۔۔۔۔۔۔ مگر اب" وعدہ کرتا ہوں کہ آپ کا یہ بیٹا ایک اچھا انسان بنے گا۔۔۔ کسی کے ساتھ کچھ برا نہیں کرے گا۔" وہ انکا ہاتھ تھامتے بولا تو زرقہ بیگم مسکرادی۔۔۔۔۔

میرا پیارا بیٹا۔۔۔۔ چلو اٹھو شاباش کھانا کھانے چلے" وہ محبت سے بولی تو زاروں مسکرا کر ان کے" پیچھے چلا گیا

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

وہ اپنا بیگ پیک کر رہا تھا جب زینیہ غصے سے دندناتی اندر داخل ہوئی

یہ میں کیا سن رہی ہوں تم لندن جا رہے ہوں؟" زینیہ نے ضبط کرتے پوچھا تو زاروں ہلکا سا مسکرایا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

ہاں۔۔۔سوچ رہاہوں پی۔ایچ۔ڈی کے بارے میں "وہ سادہ لہجے میں بولا"

مت جاؤزارون "زینیہ اداسی بھرے لہجے میں بولی"

ادھر آؤبیٹھو۔۔۔۔"اسے صوفہ پر بٹھاکر وہ سامنے بیٹھ گیا"

مجھے جاناہے زینیہ۔۔۔۔میں زارون شیخ اپنی ایک پہچان بناناچاہتاہوں۔۔۔خود کو تلاش کرناچاہتا"

"ہوں

پلیز میرے لیے رک جاؤ"زینیہ نے اسکاہاتھ تھاما"

ایسامت کروں زینیہ۔۔۔۔تم میری ایک بہت اچھی دوست ہوں مگر اس سے زیادہ کچھ نہیں"""

زارون دوبارہ پیکنگ کرنے لگا

صرف اچھی دوست؟"زینیہ کالہجہ ٹوٹاہوا تھا"

ہاں کیونکہ میں تمہارے جذبوں کی قدر نہیں کر سکتازینیہ۔۔۔۔میرے ساتھ تمہیں کچھ نہیں ملے "

"گا۔۔۔۔کچھ بھی نہیں۔۔۔۔۔۔

زارون۔۔۔۔"زینیہ نے کچھ بولناچاہاکہ زارون نے ہاتھ اٹھاکر اسے روک دیا"

"پلیز زینیہ سمجھو میں تمہیں اس وقت کچھ نہیں دے سکتا۔۔۔۔۔میں تو خود خالی ہاتھ ہوں"

"میں انتظار کروں گی"

رائیگا جائے گا۔۔۔۔۔کیونکہ زارون رستم اور تم ایک نہیں۔۔۔۔"زارون نے بیگ پیک کیا اور زینیہ کو چھوڑتا کمرے سے باہر لاؤنج میں آیا جہاں زرقہ بیگم کھڑی تھی

جانا ضروری ہے؟" انہوں نے آنکھوں میں آنسوؤں لیے پوچھا"

بہت ضروری ہے۔۔۔۔۔۔کچھ پل خود کے ساتھ گزارنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔خود کو سمجھنا چاہتا ہوں"زارون کے چہرے پر بے بسی تھی

پھوپھو مجھے ماما کی قبر پر جانا ہے"زارون نے خواہش ظاہر کی"

وجدان سے کہوں گی وہ تمہیں لیجائے گے"زرقہ بیگم اسکا ماتھا چومتے بولی"

پھوپھو ڈیڈ۔۔۔۔ڈیڈ کہاں گئے آپ نے بتایا نہیں"زارون زرا جھجکا"

تمہیں پتہ چل جائے گا"انہوں نے جواب دیا"

جوان گاڑی تیار ہے تم تیار ہوں؟"وجدان نے اندر داخل ہوتے پوچھا"

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

جی انکل!!" زارون بولا اور ان کے پیچھے چل دیا جب اچانک رکا اور مڑ کر زرقہ بیگم کو دیکھا"

پھوپھو۔۔۔ آپ اس دنیا کی بیسٹ پھوپھو اور بیسٹ فرینڈ تھی۔۔۔۔ کبھی خود کو قصوروار مت سمجھیے گا۔۔۔۔اور غلطیوں کا کیا ہے؟ وہ تو ہم سب سے ہو جاتی ہے" زارون بولا تو زرقہ بیگم نم آنکھوں سے مسکرا دی

انہوں نے تو سوچا تھا کہ انا ان کے بھائی کو سنبھال لے گی۔۔۔۔ مگر اس کے بھائی نے اس ہیرے کو بے مول کر دیا

--------

گاڑی اپنی رفتار پر چلتی قبرستان کے سامنے آ رکی۔۔۔۔۔زارون گاڑی سے اترا اور وجدان کے ساتھ اس شہر خموشاں میں داخل ہوا۔۔۔۔۔ جہاں ہر سو۔۔۔۔۔چاروں اور سناٹا تھا۔۔۔۔۔۔ کئی قبروں کو پار کرتے وہ ایک جگہ آ رکے

وہ رہی تمہاری ماں!!" وجدان نے انگلی کے اشارے سے سامنے ایک قبر کی طرف اشارہ کیا۔۔۔۔"

زارون قدم اٹھاتا اس قبر پر پہنچا" انار ستم شیخ" یہ نام وہاں درج تھا۔۔۔۔۔۔زارون کی آنکھیں بھیگ گئیں

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

پرنسز دیکھو میں تمہارے لیے کیا لایا" ایک آواز زارون کے کانوں سے ٹکرائی۔۔۔۔۔ ایک انتہائی" گندی حالت میں موجود شخص انا کی قبر پر آیا اور بیر اسکی قبر پر رکھ دیے

میری پرنسز کو بھوک لگی ہو گی نا؟" رستم محبت سے بولتا قبر پر سر ٹکا گیا"

زارون نے اسے شخص کو غور سے دیکھا۔۔۔۔۔۔۔ یہ تو وہ نہیں تھا جیسا اسکی پھوپھو نے بتایا تھا۔۔۔

یہ تو کوئی اور ہی تھی۔۔۔۔۔ گندی، میلی شرٹ، پھٹی پینٹ۔۔۔ چہرے پر بڑھی ہوئی

داڑھی۔۔۔۔ فقیروں جیسا حلیہ۔۔۔۔۔۔ نا چہرے پر کوئی شادابی۔۔۔۔ نا کوئی

کرختگی۔۔۔۔۔۔ زارون غور کیا تو وہ بلکل اس جیسا تھا

ڈیڈ!!" ایک ہچکی زارون کے منہ سے نکلی"

وہ وہی انا کی قبر کے پاس بیٹھ گیا۔۔۔ جبکہ رستم ایک ایک کر کے بیر اٹھا کر کھانے لگا۔۔۔۔ زارون پر اس نے دھیان نہیں دیا

پرنسز!! اب تم اور کتنا سوؤں گی۔۔۔۔ چلو اٹھو شاباش۔۔۔۔۔ جانتی ہوں نا میں کون ہوں؟"

رستم شیخ ہوں میں۔۔۔۔ اب اٹھ جاؤ۔۔۔۔ تمہارے یہ ڈرامے کام نہیں کرے گے" رستم اسکی قبر پر ہاتھ پھیرتے بولا



All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

جبکہ زارون بے آواز رو رہا تھا

اسکے باپ نے ٹھیک کہاں تھا موت بھی انہیں جدا نہیں کر سکتی۔۔۔۔۔۔ اسکا باپ بہت گھٹیا تھا۔۔۔۔۔ بہت برا تھا۔۔۔۔۔ بہت غلط تھا۔۔۔۔۔ مگر صرف ایک محبت اس شخص نے سچی کی تھی۔۔۔۔۔

میں آپ سے ملنا چاہتا تھا۔۔۔۔۔ آپ کو سزا دینا چاہتا تھا اپنی ماں کے ساتھ کیے گئے ظلم کی۔۔۔۔۔" مگر دیکھے قدرت کا انصاف۔۔۔۔ آپ کو آپ کے کیے کی بہترین سزا ملی۔۔۔۔۔۔ آپ نے دوسروں کو اجاڑا اور آج آپ خود اجڑ گئے۔۔۔۔ کچھ نہیں رہا آپ کے پاس۔۔۔۔۔۔ دوسروں کی زندگیوں کو برباد کرنے والا شخص آج خود بھی برباد ہو گیا۔۔۔۔ مگر میں آپ جیسا نہیں بننا چاہتا۔۔۔۔ میں ایک اور رستم شیخ نہیں بنوں گا۔۔۔۔ مجھے نفرت ہے محبت سے۔۔۔۔۔۔ میری ماں کو برباد کر دیا اس محبت نے۔۔۔۔۔۔ مجھے پہلے آپ سے نفرت تھی مگر اب آپ پر افسوس ہو رہا ہے۔۔۔۔۔۔ ہر کسی نے آپ کا استعمال کیا۔۔۔۔۔ آپ یہ سب ڈیزرو نہیں کرتے تھے۔۔۔۔۔۔ دنیا آپ سے نفرت کرتی ہے۔۔۔۔۔۔ مگر میں چاہ کر بھی نہیں کر سکتا۔۔۔۔۔۔ آئی۔۔۔ آئی لو یو ڈیڈ اینڈ مام۔۔۔۔۔ آئی لو بوتھ آف یو۔۔۔۔۔" زارون نے ایک آخری نظر ان دونوں کا دیکھا اور آنکھیں رگڑ تا وہاں سے چلا

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

گیا۔۔۔۔۔۔وہ اب جارہا تھا ہمیشہ کے لیے یا نہیں یہ نہیں معلوم۔۔۔۔۔۔ہاں مگر ایک عہد اس نے خود سے بھی کیا تھا

بہادر خان نیازی۔۔۔۔وہ وقت دور نہیں جب تمہیں بھی تمہارے کیے کی سزا ملے گی۔۔۔۔۔۔اور یہ سزا تمہیں میں دوں گا۔۔۔۔"خود سے وعدہ لیتے وہ گاڑی میں بیٹھ گیا اور ایک آخری نظر اس شہر خموشاں پر ڈالی

یہ شہر خموشاں ہے یہاں باتیں نہیں کرتے😢

یہ شہر خموشاں ہے یہاں باتیں نہیں کرتے😢

روتے ہیں یہاں ہنس کر ملاقاتیں نہیں کرتے👬

جو ان پر گزرتی ہے اگر تجھ کو خبر ہو💔

روتے ہوئے دن رات پھر تیری بسر ہو😭😭

پڑھ کر کوئی بھیجے یہ دعا ڈھونڈ رہے ہیں👀

پڑھ کر کوئی بھیجے یہ دعا ڈھونڈ رہے ہیں👀

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

دنیا کے یہ رشتوں میں وفا ڈھونڈ رہے ہیں💑

گزرے ہیں زمانے کوئی ملنے نہیں آیا📅

گزرے ہیں زمانے کوئی ملنے نہیں آیا📅

اپنوں سے کوئی تربت کو بھی تکنے نہیں آیا😔

دنیا نے تھے غفلت کے انہیں جام پلائے🔥🔥

دفنا کے گئے ایسے کہ پلٹ کر نہیں آئے🕛

دل پاک جو لائے تھے۔۔۔۔۔۔❤️

ہاں دل پاک جو لائے تھے وہی ماہ جبیں ہیں❤️

ان ٹوٹی ہوئی قبروں میں بھی کچھ ایسے حسیں ہیں💕

ہیں ان کے یہاں پر بھی بڑے وقت سہانے🌍

حوریں جنہیں آتی ہیں جھولا جھولانے

اور تیری حیات کا سورج بھی ہے ڈھلنے والا⌛

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM

تیری حیات کا سورج بھی ہے ڈھلنے والا⌛

اسی شہر میں تیرا گھر بھی ہے بننے والا🏠

سچ ہی کہتا تھا یہ قرآن تجھے کہنا ہوگا🔥🔥🔥

تجھ کو ارشد حشر تلک یہیں رہنا ہوگا🕐

۔۔۔ختم شد۔۔۔

All rights are reserved to NovelsLounge.com
WWW.NOVELSLOUNGE.COM